Red Wine

By

Nisha Umer

اسس ان کی آنکھیں انسوں سے لبالب بھری تھیں۔ کب سے وہ اسے تنگ کر رہا تھا اب تو
حد ہو گئی۔ اسس کے جوتے پہنانے تک وہ اسے دیکھتی رہی۔ انکھوں کے سامنے دھند چھانے لگی تھی۔
رو کیوں رہی ہیں۔ اسس نے سر اوپر اٹھایا ہی تھا کہ پانی بند توڑتا باہر نکلا. کچھ نہیں۔ آپ بہت
چھچھورے ہیں. جلدی سے انسو صاف کرتے کھڑی ہوئی۔ صرف آپ کے لیے ہوں ورنہ یہ ابھی تک
نیچے ہی بیٹھا تھا۔ آپ بہت ل لوف۔۔۔ فر بھی ہیں گال ہتھیلی سے رگڑتے کہا کیا۔ اپنے لیے
یہ ہی سنارہ گیا تھا۔ وہ کھڑا ہوا میں نے کیا لوفرینا کیا ہے۔ بریسلٹ اٹھا کے اسس کی
نازک کلامی کی زینت بناتے گالوں کو دیکھا جو حیا نے حیا کی لالی تھی یا ضبط کی انتہا۔۔ آپ ایک لڑکی
کو چھیڑتے ہیں۔ اسس نے مجھے نہی تھا کیا ہے جہاں جی۔ کو جو میری بیوی ہے۔ اسس کے کو
... چھیڑتے ہیں۔ اسے سمجھ نہیں آرہا تھا کیا کہے. ہاں جی۔ اسس لڑکی کو جو میری بیوی ہے۔

www.kitabibasti.com

ریڈوائن

نشاء عمر

نجانے کتنے سال پرانی یہ عمارت آکسفورڈ میں افلی ویلج کے ایریا یوینو کے بلکل وسط میں واقع تھی۔دیکھنے میں کسی آسیب زدہ محل سے کسی طور کم نا لگتی تھی اوراس سیارے کی مانند تھی کہ جس میں زندگی کے لیے طویل ریسرچ کی گئی ہواور پھر وہاں زندگی کے آثار نظر ایے ہوں اجاڑ پن خاموشی ویرانی کیا کیا نہیں تھاوہاں۔۔۔دور سے دیکھنے پہ یہ پر اسرار سی نظر انے والی حویلی پورے

www.kitabibasti.com

بدن میں سر سراہٹ اور خوف پگھلتے ہوئے لاوے کی طرح تیزی سے سرعت کر جاتا۔۔۔ لیکن اس سب کے باوجود اس میں ایک ایسی کشش تھی کے دیکھنے والا ٹھیر سا جاتا۔۔۔ایسا کیا تھا اس حویلی میں؟؟جو تھی تو ویران اور اجڑی ہوی لیکن زندگی کی زرا سی جھلک میں لپٹی۔۔۔

وہ جو بھیا کے ساتھ بائیک پہ کالج سے واپس آرہی تھی۔ مئ کی تپتی دوپہر میں جب سب اپنے گھروں پہ اے سی کی ٹھنڈک سے لطف لیتے خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہوتے۔۔

بھیا کیا اپ نے کبھی اس عمارت کو اندر سے دیکھا ہے۔۔"وہ روز دیکھتی " لیکن پوچھا آج اس نے پہلی دفعہ تھا دو سال ہو گے تھے انہیں اس ایریا میں شفٹ ہوے۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

نہیں دانو۔۔۔ادھر تو بھوت ہوتے ہیں۔۔۔"سامنے دیکھتے اپنے پیچھے "
بیٹھی بہن کو ڈرایا۔۔۔۔

اوففف بھیا مجھے پتا ہے اپ مجھے ڈرا رہے ہیں۔۔۔"زرا سا اوپر ہو کے اس "
نے مرر سے جھانکتے زولقرنین کو گھورا۔۔۔۔

نہیں نا سچ میں ایسا ہی ہے۔اور پھر رات کو یہاں لائیٹیں بھی جل رہی "
ہوتی ہیں۔۔۔اب پتا نہیں"وہ اسے سچ بتا رہے تھے یا مزاق کر رہے تھے۔۔
کیا آپ نے خود وہ لائیٹیں دیکھی ہیں۔۔۔"اس نے بھی بچوں کی طرح "
اشتیاق سے پوچھا۔۔۔

ہاں بہت بار بلکے آج رات کو تمہیں بھی دیکھاوں "
گا۔۔"وہ عمارت اس کی نظروں سے اوجھل ہوتی جا رہی تھی۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

ٹھیک ہے۔۔۔ لیکن آپ مام کو مت بتائے گا کہ میں بھی آپ کے ساتھ "
" چھت پہ گئی تھی۔۔

اسے رات کو کم سے کم چھت پہ جانے کی اجازت بلکل بھی نہیں تھی۔۔اپنے پرانے گھر میں ایک دفعہ وہ رات کے وقت کالی رنگ کی بلی دیکھ کے ڈر گئی تھی اس کے بعد وہ کوشش کرتی تھی کے کم سے کم رات کو تو چھت پہ نا ہی جائے۔۔۔ماما بھی ڈانٹتی تھیں کی لڑکیوں کو شام کے بعد چھت پہ نہیں جانا چاہیے۔۔۔۔۔۔

اوکے نہیں بتاوں گا۔۔۔"وہ لوگ گھر کے پاس پہنچ گئے تھے۔۔۔ "

بائیک رکتے ہی وہ اتری۔۔اور اندر جا کے گیٹ کھولا۔۔۔پھر بائیک اندر ا جانے کے بعد گیٹ بند کیا اور بھاگ کے بھیا کے ساتھ ہو لی۔۔۔یہ ان کا روز کا معمول تھا۔۔۔

www.kitabibasti.com

اسلام و علیکم ماما۔۔۔" بیگ ایک طرف رکھتے وہ صوفے پہ گرنے والے " انداز میں بیٹھی۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔یہ لو۔۔"جواب دیتے ساتھ شکنجبین کا گلاس اسے تھمایا " پھر ایک زولقرنین کو دیا۔۔

کھانا لگاوں۔۔۔"گلاس ختم کرتے دونوں سے پوچھا اور دونوں نے " اثبات میں سر ہلا دیا۔۔۔

"مام آج بنایا کیا ہے۔۔۔خالی گلاس ان کو تھماتے دانین نے پوچھا۔۔ "

ٹینڈے۔۔۔"مسکراہٹ روکتے اسے کہا۔۔وہ جانتی تھیں دانین کتنا " چیڑتی ہے اس سبزی سے۔۔۔

اوکے آج میں کھالوں گی۔۔۔"اب دانین کو بھی عادت ہو گی تھی کہ یہ " سب بس ماما اسے تنگ کرنے کے لیے کہتی ہیں۔۔۔

www.kitabibasti.com

چلا کو۔۔۔"عاصم بھی اپنے کمرے سے برآمد ہوا۔۔۔ "

آج پھر نہیں گئے تم۔۔۔۔میں بابا کو بتاوں گی۔۔۔"گھورتے اپنے سے دو "
سال چھوٹے بھائی کو دیکھا۔۔

میری طبیعت خراب تھی اسی لیے نہیں گیا۔۔اور ویسے بھی بابا کو پتا "
ہے۔۔۔"اس کے پاس صوفے پہ بیٹھتے اسے خشمگین نظروں سے دیکھا
۔۔۔ہر دفعہ وہ اسے دھمکا کے بھیج دیتی تھی سکول۔۔۔

تمہاری بھلائی کے لیے ہی کہتی ہوں ایک تو ویسے نالائق ہو اوپر سے روز "
"سکول سے چھٹی۔۔۔

اچھا اب بس کرو آکے کھانا کھالو۔۔۔"ماما نے ان تینوں کو کچن سے آواز "
دی۔۔۔

"تم کون سا اچھی ہو سٹڈی میں ؟؟مساں ہی تو پاس ہوتی ہو۔۔۔۔ "

www.kitabibasti.com

کم سے کم پاس تو ہو جاتی ہوں نا تم تو وہ بھی نہیں ہوتے۔۔"پاوں سے اس " کی ٹانگ پہ ٹھوکر لگاتے آگے بھاگ گئی۔۔۔

کبھی سدھر نا نہیں تم لوگ۔۔۔"پیچھے آتے نین بھیانے دونوں کو " گھورا۔۔۔

ہم سدھر گئے تو دنیا کا کیا ہو گا۔۔" گردن اکڑاتے عاصم نے اپنی جگہ " سنبھالی۔۔۔ پھر ایسے ہی نوک جھونک میں ان تینوں نے کھانا کھایا تھا

....

دانین چھ بھائیوں کی اکلوتی اور لاڈلی بہن تھی۔۔۔ باب ریٹائرڈ آرمی افیسر تھے پھر اپنا بزنس سٹارٹ کر دیا۔۔ جو آج کامیاب کی سربلندیوں پر تھا۔۔۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

چار بھائی اس سے بڑے تھے اور دو چھوٹے۔۔ بڑے بڑے سمع بھای جو بابا کے ساتھ ان کے بزنس مں ہیلپ کرتے تھے۔۔ حازق بھای جو سمع سے دو سال چھوٹا اور ستائیس سال کا تھا آرمی میں تھا۔۔ پھر طلحہ وہ انجینیرنگ کر رہا تھا اور بیرون ملک ہوتا تھا۔۔ پھر دولکر نین بھیا جس سے چھوٹے تینوں بہن بھائیوں کی بہت بنتی تھی وہ بھی بابا کے ساتھ ان کے افس میں ہوتے پھر اویس جو ابھی یونی کے اسٹوڈنٹ تھے اور لائر بن رہیے تھے۔۔ پھر دانیں جسکے ایف اے کے پیپرز قریب تھے اس کے بعد کے عاصم اور قاسم دوں جڑواں تھے لیکن ائک دوسرے سے بلکل الگ ایک کم گو اور پڑھائی میں توجہ دینے والا جبکہ دوسرا سر پھیر اور بہانے باز دانین کے ساتھ مل کے ہر الٹا کام اس کا ہوتا۔۔ پڑھنے میں دانین اور عاصم ایک جیسے تھے لیکن دانیں اکیڈمی بھی جاتی تھی جس کی وجہ سے کم سے کم پاسنگ ماکس تو آہی جاتے۔ ایف اے

www.kitabibasti.com

میں بھی اس نے سب سے آسان سبجیکٹ رکھے تھے۔۔ماما نے بہت کہا تھا اگر یہ ہی پڑھنا ہے تو چھوڑ دو پھر گھر رہو۔۔۔۔گھر داری سیکھو۔۔لیکن بھائیوں اور بابا کی سپورٹ سے وہ کالج میں ان آسان سے سبجیکٹ کے ساتھ ایڈمیشن لے کے ہی رہی۔۔۔

دانین کی دو پھپھو اور ایک چاچو تھے چاچو تو لاہور رہتے فیملی کے ساتھ ہی۔۔ان کے دو بچے تھے جو ابھی سکول جاتے تھے۔۔۔بڑی پھپھو لندن ہوتی تھیں اور ان کی ایک ہی بیٹی تھی۔۔۔۔۔۔۔

جو دانین کی ہم عمر تھی۔۔۔۔اور چھوٹی پھپھو فیصل آباد۔۔۔ان کے بھی دو بچے تھے بیٹا دانین کا ہم عمر اور بیڑی واصم اور قاسم کی ہم عمر۔۔۔۔لندن والی پھپھو کا کم ہی آنا جانا ہوتا لیکن باقی فیملی مل کے خوب مستی کرتے تھے کسی بھی

www.kitabibasti.com

فنگشن میں یا اہم موقع پر۔۔۔خاص طور پہ عید پہ تو بہت ہی مزا آتا جب سب

کزنز مل کے گھومنے پھیرنے جاتے تھے۔۔۔

....

کولین موپا بار میں اس وقت وہ اکیلا بیٹھا سب کو دیکھ رہا تھا بیک گرونڈ ہلکا

میوزک ایک سما باندھتے لوگوں کو ایک دوسرے میں مدہوش اور خود سے

بیگانا کر رہا تھا۔۔۔۔بار میں ہر طرف شراب کی ہلکی مہک سے ایک عجیب

سی خنکی چھائی ہوی تھی۔۔۔

ایک طرف ایک جوڑا ایک دوسرے میں مدہوش ہوے کمرے میں غائب

ہوا۔۔

وہ جو کب کا وہاں بیٹھا انتظار کر رہا تھا اس انسان کے اکیلے ہونے کا فوراً سے اٹھا

۔۔۔اور اس کمرے کی طرف آیا دروازہ کھولتے سب سے پہلے اس نے اپنا

www.kitabibasti.com

کورٹ اتارا اور شرٹ کے پہلے دو بٹن کھولے۔۔اس لڑکی میں گم وہ لڑکا اسے دیکھتے ہی پیچھے ہٹا اور باہر نکل گیا۔۔۔

اووووہ تو تم ہو۔۔۔"رابیل جو اپنے پاٹنر کو جاتے دیکھ کے غصہ ہونے لگی تھی جھولتی ہوئی اس کے قریب آئی۔۔۔

تمہارا ساتھ پانا کسی بھی لڑکی کے لیے۔۔۔"اووووففف بند ہوتی آنکھوں " سے اس نے اپنے ہونٹ اس کے کھلے گریبان سے نظر آتے سینے پہ رکھے۔۔۔۔

اور وہ یہ ہی تو چاہتا تھا۔۔۔کہ یہ لڑکی اس کے ہاتھ لگ جائے۔۔۔بس اسے اپنے ساتھ بزی کر کے ساری انفارمیشن وہ نکلوا سکتا تھا۔۔۔

چند لمحوں بعد اس نے ایک ہاتھ سے موبایل ریکاڈر ان کرتے دوسرے سے اس کی شرٹ کو کندھے سے زرا سا سرکایا پھر موبایل والے ہاتھ کو اس کے

www.kitabibasti.com

سر کے پیچھے ٹکاتے موبائل ایسے سیٹ کیا کے اگر وہ ہلکا سا بھی بولتی تو آواز صاف سنائی دیتی۔۔۔

اگلے آدھے گھنٹے میں وہ ساری انفارمیشن حاصل کرتے اسے دور جھٹکا۔۔

رابیل لاشاری۔۔۔۔۔"تمہیں پتا ہے تم نے آج میرا بہت بڑا کام کر دیا " ہے پھر اسے دیوار کی طرف دھکا دیتے شرٹ کے بٹن بند کرتے وہ باہر نکل آیا۔۔

اور دور کھڑے اپنے آدمیوں کو چلنے کا اشارہ کرنا نہیں بھولا تھا۔

....

وہ پرپل کلر کی شرٹ کے ساتھ وائٹ ٹراوزر پہنے کالج گیٹ کے اندرونی سائڈ پہ کھڑی نین بھیا کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔آج وہ رول نمبر سلیپ لینے آئی

www.kitabibasti.com

تھی۔۔۔۔۔۔۔اور بھی کافی بچیاں تھیں لیکن واپس جا چکی تھیں پتا نہیں

بابا کہاں رہ گئے۔۔۔۔

چونکہ آج کالج ٹائم نہیں تھا تو فینسی ڈریس میں ہی کالج آگئی۔۔۔شرٹ کے

ہاف بازو ہونے کی وجہ سے اس کے دودھیاں بازو اپنی رعنائیاں بکھیر رہے

تھے۔۔۔وہ کب سے کھڑی تھک گئی تھی۔سارا کالج خالی ہو گیا تھا

پتا نہیں بابا کہاں رہ گئے ہیں؟؟؟وہ سوچ کے رہ گئی۔۔۔

افف آنکھیں بند کر کے گہری سانس لی۔۔۔۔اور ٹہلنے لگی۔۔۔

ٹہلتے ٹہلتے اس نے دور سے آتے خاکروب کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔جو اسی کی

طرف آرہا تھا۔۔۔اسے ڈر بھی لگ رہا تھا۔۔۔گارڈ موجود تھے لیکن وہ گیٹ

کے باہر تھے اس وقت اندر وہ اکیلی ہی رہ گئ تھی۔۔۔۔۔۔ٹہلتے ٹہلتے ایک

دفعہ پھر آگے ہو کے باہر جھانکا کہ کیا پتا بھائی آئے ہوں۔۔۔۔وہ ایک اپر

www.kitabibasti.com

کلاس فیملی سے تعلق رکھنے والی انیس سال کی لڑکی فرسٹ ایئر کی طالبہ تھی۔۔۔۔

ابھی وہ پیچھے مڑی ہی تھی کہ کسی سے ٹکراتے ٹکراتے بچی۔۔۔

"آآاایم سو۔۔سوری۔۔۔"گھبرا کے جلدی سے بولا۔۔۔۔وہ لوگ ایک بہت بڑے برگد کے درخت کے نیچے تھے۔۔۔کالج میں جابجا درخت اور پودے ہی پودے خوبصورتی بڑھا رہے تھے وہیں دوسری طرف ایک پر سرار ساخوف بھی نمایاں تھا۔۔۔دور سے دیکھنے پہ جنگل کا گماں ہوتا۔۔۔۔

وہ صفائی والا جو اتنی دور تھا ایک دم سے اتنی جلدی ادھر کیسے۔۔۔خوف سے اس کا دل کپکپایا۔۔۔

" کیا کر رہی ہو ادھر ابھی تک لڑکی۔۔؟؟ "

اس صفائی والے کی نظریں اس کے بازووں پہ تھیں۔۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

وہ بھائی۔۔۔ارہے میرے۔۔۔ان کے ساتھ جانا۔۔۔"اس نے اپنے "
بازوں کو چھپانے کی ناکام کوشش کی.۔۔۔کہ اس آدمی کی نظریں اس کے
سراپے سے ہٹ ہی نہیں رہی تھیں۔۔۔

ماما نے کہا بھی تھا گاؤن نہیں تو چادر لے جاو۔۔۔۔اور وہ جان بوجھ کے
نہیں لے کے ای اور اب خود ہی بھگت رہی تھی۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔کب آئے گا تیرا بھائی۔۔۔"وہ اپنا سب کچھ پھینک کے اس "
کے قریب ہوا۔۔۔

بس۔۔۔وہ آتے ہی۔۔۔۔ہونگے۔۔۔"وہ گھبراتے ایک قدم پیچھے "
ہوی

"اچھا میں ہوں نا تم ڈرو نہیں۔۔۔ "

www.kitabibasti.com

آدمی نے اس کے قریب ہوتے اس کے بازو سے پکڑے کے دبوچا۔۔۔اور گریبان سے ہاتھ ڈالتے وہ اس کی شرٹ کھینچنے لگا۔۔۔۔

"چھ۔۔۔چھوڑ۔۔۔۔ہیلپ۔۔۔کوی۔۔۔۔۔۔ہے

۔۔۔۔چھوڑو۔۔۔۔۔"مجھے۔۔۔۔وہ ایک دم سے اس پہ چھپٹا جس کے لیے وہ تیار نہیں تھی۔۔۔۔

"پلیز چھوڑو۔۔۔"دانین نے چیختے اس سے خود کو الگ کرنے کی کوشش کی ۔۔۔۔لیکن اس شخص کے چہرے پہ چھای مکاری۔۔۔اور حوس۔۔۔جو اسے عنقریب بے ابرو کرنے والی تھی۔۔۔۔"دفعہ ہو۔۔۔۔میں چیخوں گی "وہ خود کو چھڑانے کی ناکام کوشش کرتے پیچھے ہوتی جارہی تھی۔۔۔اتنا پیچھے ہوچکی تھی کہ درخت کے تنے سے جالگی۔۔۔

www.kitabibasti.com

آ۔۔۔میری گڑیا میرے پاس..."وہ شرٹ کا آدھا حصہ اپنے ہاتھ میں لے چکا تھا۔۔۔جس کے کھنچتے ہی وہ درخت سے ٹیک لگاتی زمین پہ بیٹھتی چلی گی اس کے بازو اس کے گھٹنوں کے گرد لپٹے تھے اور اس کی کمر پیچھے سے چھل چکی تھی شاید۔۔۔۔جو درد کی لہر سی اٹھتے اس کے پورے جسم پہ سرایت کر گی۔۔۔

" اللہ پلیز بابا کو بھیج دیں۔۔۔۔۔۔ "

اس سے پہلے کے وہ درندہ نما انسان مزید بے باکی والی حرکت کرتا عین اسی وقت اس سر پہ اکے ایک کانچ کا گلاس گرا۔۔۔اور اس کا توازن بگڑا۔۔۔وہ تڑپ کے پیچھے ہوا۔۔۔۔۔

گلاس کے اندر کچھ تھا جو چھلک کے دانین کے چہرے پہ پڑا تھا۔۔۔

www.kitabibasti.com

لیکن سامنے والا شخص درد کی شدت سے تڑپتے بے خوش ہو چکا تھا اب اسکا
چہرا گردن اور کپڑے سب خون سے لت پت تھے جانے اس گلاس میں ایسا
کیا تھا جو اسے تو کوئی نقصان نہیں پہنچا لیکن خاکروب کا چہرا اور جسم جل رہا
تھا۔۔۔

دانین چہرا صاف کرتے جلدی سے اٹھی۔۔۔اس نے یہ بھی نہی سوچا کہ یہ
گلاس آخر آیا کہاں سے تھا؟؟؟؟ بھاگتے اس نے کلرک روم کی ونڈو پہ لٹکا
کپڑا کھینچا اور اپنے گرد لپیٹا۔۔۔۔۔۔۔وہ گھر کیسے پہنچی وہ نہیں جانتی تھی۔

....

کتنی دفعہ کہا تھا پر تم سنتی کہاں ہو۔۔۔" وہ ماما کے سینے لگی سکون میں تھی "
اور امبرین بیگم اسے سنائے جا رہی تھیں

"وہ تو شکر ہے اللہ کا کہ اس نے مدد کر دی۔۔۔۔ "

www.kitabibasti.com

تم اب چپ کر جاو بچی پہلے ہی ڈری ہوی ہے اور تم اوپر سے اسے اور "

پریشان کر رہی ہو۔۔۔۔ عثمان صاحب نے اپنی بیگم کو چپ

کروایا۔۔۔ کھانا بناو جا کے بھوکے ہیں سب۔۔۔ پھر دانین کا رخ اپنی

طرف کرتے امبرین کو وہاں سے اٹھایا۔۔۔

آئیندہ میں خود پک اینڈ ڈراپ کروں گا اپنی بیٹی "

کو" پیار سے اس کے بازو کو سہلاتے اپنے ساتھ لگایا۔۔۔

بابا وہ بہت بوڑھا تھا۔۔۔ لیکن۔۔۔ اس کی اپنی بیٹی۔۔۔۔ اسے سمجھ نہیں "

آرہی تھی کہ وہ اس شخص کو کیسے ایکسپلین کرے کیسے ان کو بتاے کے اس

" نے اس کے ساتھ کتنی بتمیزی کی تھی۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

بس بیٹا بھول جاو۔۔وہ جو بھی تھا اسے چھوڑیں گے تو نہیں ہم بھی۔۔ پکڑ "
نا سکے تو کالج کے خلاف کمپلین کرواوں گا۔۔۔۔"اسے تسلی دیتے مسلسل
بہلانے کی کوشش کر رہے تھے۔۔۔

تم لوگ اس کے ساتھ رہو میں آتا ہوں کمپلین کر کے "پھر عثمان صاحب "
بھی چلے گئے تو زولقرنین اس کے قریب آیا عاصم اور قاسم بھی اسے ہی دیکھ
رہے تھے۔۔

سوری میری جان آئندہ کبھی لیٹ نہیں ہونگا۔۔۔"اسے خود سے "
لگاتے سوری کہا۔۔۔

" اگر کچھ ہو جاتا بھائی تو۔۔۔ "

چپ۔۔۔اللہ نا کرے کچھ ہو۔۔۔"طلحہ نے اسے گھورا۔۔۔ "

www.kitabibasti.com

دانین کا تو سوچ سوچ کے ہی برا حال تھا اگر وہ وائین کا گلاس نا لگتا اس

خاکروب کے سر پہ تو کیا ہوتا۔۔۔

آجاو۔۔۔ کھانا کھا لو۔۔۔" دوپہر کا کھانا وہ پہلے ہی تیار کر چکی تھیں پھر "

دانین کو ایسی حالت میں آتا دیکھ کے تو سب کچھ بھولتے بمشکل اسے سنبھالا جو

بس گرنے کے قریب تھی۔۔ شرٹ ایک طرف سے پھٹی لٹک رہی تھی

۔۔۔

کمرے میں لا کے پہلے اسے کپڑے چینج کروائے۔۔ زخم پہ مرہم لگایا۔۔۔

پھر سب کو بتایا کہ وہ کس حال میں گھر پہنچی ہے۔۔۔

زولقرنین کی اچھی خاصی کلاس لگی تھی بابا سے۔۔۔

۔

www.kitabibasti.com

اس سے پوچھا کسی نے نہیں لیکن جب بابا آئے تو خود ہی اس نے سب کو بتا دیا کہ کیا ہوا ہے۔۔۔امبرین نے فوراً شکرانے کے نفل بھی ادا کیے کہ اللہ نے ان کی بیٹی کو رسوا ہونے سے بچا لیا اور ڈھیروں دعائیں اس انجانے شخص کے لیے بھی جو ذریعہ بنا تھا۔۔

آ بھی جائو۔۔"دوبارہ آواز آئی تو سب اٹھ کے باہر آئے تھے بابا بھی کچھ دیر بعد آئے تو انہوں نے الگ سے کھانا کھایا۔رات کو پھر ماما نے اس کے زخم پہ دوا لگائی تھی "

....

گُڈ مورنینگ سر۔۔"وہ ہشاش بشاش سی آفس میں داخل ہوئی۔۔"

مورنینگ میری جان۔۔۔۔"اٹھ کے اسے ساتھ لگاتے وہ شاید اپنے "

...دین کو بہت دور رکھ چکے تھے

www.kitabibasti.com

سر ہماری پلیننگ کے مطابق ہوا ہے سب کچھ۔۔۔جیسا جیسا ہم نے چاہا" تھا سیم سب ویسا ہی۔۔۔۔"اس کے سامنے اسٹائل سے کھڑے ہوتے اس نے اپنے بالوں کو پیچھے جھٹکے۔۔۔بلیک کلر کی جینز اور شرٹ میں بنا کسی دوپٹے یا سکارف کے وہ اپنا نظارہ کرواتے سامنے بیٹھے شخص کی آنکھیں سھینک رہی تھی

"....کیوں نا ہوتا ڈارلینگ۔۔۔۔آخر پلیننگ کس کی تھی "

جی سر۔۔۔۔"طنزیہ مسکراتے داد وصول کی۔۔۔"

تمہیں پتا ہے ہمارا بہت خاص بندا ان کے آفس میں ہوتا ہے۔۔۔جس " کی وجہ سے ہم نے ان کا پلین جانا۔۔۔اور پھر اپنے پلین کو کامیاب کرتے ان کو وہی کچھ بتایا جو ہم بتانا چاہتے تھے۔۔۔نا کے وہ جو وہ سنا چاہتے

www.kitabibasti.com

تھے۔۔۔۔۔بس اب ہم لوگ اپنا کام مکمل کر لیں ان کے پہنچنے سے پہلے۔۔۔۔۔"

لیپ ٹاپ اون کرتے باس نے رابیل کو دیکھا... جو سمجھ رہی تھی کہ وہ بار میں سب اپنے پلین کے مطابق کر کے آئی ہے۔۔۔۔۔اس بات سے بے خبر کے ایکچولی براتوان کے ساتھ ہوا ہے۔۔۔۔

بھائی"۔۔۔۔۔"نین بھیاااااااا"۔۔۔۔۔

"ماما بھائی سے کہیں نیچے اکے مجھے یہ کوئسچن کروائیں"۔۔۔۔

"وہ لیونگ روم سے کچن میں ائی۔۔۔۔"

www.kitabibasti.com

لے آو جا کے چھت سے ان کو خود ہی یہاں سے اواز نہی جاے گی"۔۔۔۔۔

روٹیاں بیلتے عمبرین نے دانین سے کہا

میں کیسے جاوں؟؟۔۔۔۔شام ہو گی ہے ناخود ہی تو منع کیا ہوا ہے اپ نے"

۔۔۔۔۔روہانسی ہوتی باہر ای۔۔۔۔دراصل اسے خود اوپر جانے میں موت

پڑرہی تھی۔۔۔۔

۔۔۔"بھائی"۔۔۔۔۔نیچے اجائیں بابا بلا رہے ہیں"۔۔۔۔۔۔۔ایک دفعہ پھر اواز

دی لیکن کسی کے انے کے دور دور تک کوئی آثار نظر نہیں آرہے تھے

سارا محلہ سن لے گا بس یہ میرے بھائیوں تک اواز نہی جانی"....پھر غصے

سے بک ٹیبل پہ پٹختے وہ اوپر ائی...

www.kitabibasti.com

چاروں حازق، زولقرنین، عاصم اور قاسم سونگ لگا کے ساتھ مزے سے باتیں کرنے میں مصروف۔۔نیچے کی تو کوئی خبر ہی نہیں جیسے۔۔۔اسے دیکھ کے موبایل بند کیا

اپ لوگوں کو کب سے اوازیں دے رہی ہوں"۔۔۔نیچے ائیں سب کو گھورتے اپنے بال جھٹکے"۔۔۔۔اس کے بال ہی تو تھے جو بہت پیارے تھے اور ان کے بھی پیارے ہونے کی وجہ ماما تھیں کو ہر دو دن بعد اسے زبردستی آمنڈ اویل کی مالش کرتی تھیں۔۔۔گول انکھیں چھوٹی سی ناک اور باریک ہونٹ۔۔۔چہرا بھی گول تھا کمپلیکشن سب بہن بھائیوں کا وائیٹ ہی تھا

ابھی تو اے ہیں یار"۔۔۔عاصم نے منہ بنایا

www.kitabibasti.com

مین بھی اپ لوگوں کی بہن ہوں"۔۔۔۔۔نیچے اکیلی بھوتوں سے باتیں کروں اپ کی اما تو ایک منٹ میں میری عزت اتار کے سائڈ پہ رکھ دیتی ہیں" غصے سے اس کی ناک سرخ ہونے لگی تھی۔۔۔۔۔

چلو چلتے ہیں"۔۔۔۔زولقرنین نے مان جانے میں ہی عافیت جانی۔۔۔

بس بھیا جا رہے ہیں میرے ساتھ اپ تینو ادھر ہی سڑو"۔۔۔۔

نین بھیا کا ہاتھ پکڑتے وہ نیچے جانے لگی"۔۔۔۔پھر سیڑھیوں کے پاس جا کے ان کو باور کروایا کہ

اب اپ لوگ مت اجانا ہمارے پیچھے رییں (نقل) کر کے"...انکو چڑاتے

"وہ نیچے اترا ایے۔۔۔۔۔

"جاو جاو"۔۔۔

www.kitabibasti.com

بھائی یہ اکنامکس میں پتا نہی میتھ کس سر پھرے نے رکھ دی تھی اوپر سے اتنے گندے فار مولاز"...مجھے سمجھ ہی نہی ارہی"۔۔۔سیڑھیاں اترتے وہ صوفہ پہ آکے بیٹھے۔۔۔۔

دانوں"۔۔حرکتیں تمہاری ساری ایسی ہیں کے جیسے سارا سال نا اکیڈمی میں کچھ پڑھانا کالج میں"۔۔۔بک اور ڈائری سامنے رکھے زولقرنین نے کہا۔۔۔

جی ایسا ہی ہے"...اپ کو پتا ہے کووڈ کی وجہ سے کالج بند رہے اور اکیڈمیز بھی لاک ڈاون کی وجہ سے تو سوچیں جب اپ سب نہیں گے تو میں کسے جاتی"۔۔۔اور کیسے پڑھتی'؟؟'۔۔۔۔۔

اسے بچوں کی طرح سمجھا رہی تھی اور نین بھی بچوں کی طرح ہی بات سمجھتے سر ہلا رہا تھا۔۔۔

www.kitabibasti.com

ہاں جیسے اون لائین کلاسز تو ہوئی ہی نہیں ہں نا"۔۔۔۔۔

ہوئی ہیں لیکن اتنا اچھا سمجھ نہی اتا نا جو فیس ٹو فیس اتا ہے"۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ٹھیک ہے"۔۔۔اب کریں؟؟"...اسے چپ کرواتے

'کہا۔۔۔کیونکہ اس سے بحس کرنا تو اپنا سر کھپانے جیسا تھا۔۔۔

"جی۔

"۔۔کریں؟

پھر اگلے ادھے گھنٹے میں اسے بمشکل ہی وہ سمجھا پایا تھا۔۔۔

کتنی نالائق ہو تم۔۔۔۔مجھے تو لگتا ہی نہیں ہے میری بہن ہو۔"۔۔وہ

ایک سوال کروا کے ہی اجزا گیا تھا۔۔۔

www.kitabibasti.com

شکریہ بھای"...میں ویسے بھی "عاصم "کی بہن ہوں اپ تو بس میرے بھای"ہیں"۔۔۔۔بات کو گھما کے کرتے وہ اپنی ڈئری اور بکس اٹھا کے اپنے کمرے میں بھاگ گئی۔۔۔۔۔۔ماما پوچھیں تو کہنا پڑھ رہی ہے۔۔۔۔کاموں سے بچتے وہ اندر غائیب ہوئی۔۔۔۔۔

سر پ چڑھا رکھا ہے "۔۔۔۔نہی دیکھتی اگلا بڑا ہے چھوٹا ہے "۔۔۔۔اس کے جاتے ہی کچن سے ماما برامند ہوئیں۔۔۔۔۔

کیا کیا ہے اب اس بچاری نے ؟؟"'"۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب کیا کیا ہے۔"۔۔۔سارا دن بنا دوپٹے کے اول جلول حلیے میں پھرتی رہتی ہے اپر سے اتنی اونچی اونچی اوازیں کستی ہے سارا محلہ سنتا ہے اس کی سریلی اواز"۔۔۔۔وہ تو جیسے ان کچھ دنوں میں مکمل ہی بھری بیٹھی تھیں

www.kitabibasti.com

اس سے۔۔۔اج کل دانین گھر ہی ہوتی تھی اور اکیلی تو سارا دن ماما کا دماغ کھاتی رہتی۔۔۔۔

اسی لیے کہتی ہے وہ کبھی کبھی مجھے لگتا ہے ماما صرف اپ بیٹوں کی ہی ہے" میری تو ساس بن جاتیں ہیں۔۔۔۔"یہ بات اس نے اتنے مزے سے سب کے سامنے کی تھی کہ امبرین بچاری شرمندہ ہو کے رہ گئیں۔۔۔۔

تم سب اسی کی سائڈ لیا کرو ساری زندگی اس نے یہاں ہی نہی رہنا تم لوگوں کے ساتھ۔۔۔کچھ سیکھنے دو اسے۔۔"۔

وہی تو ماما.. ساری زندگی نہی رہنا جب تک ہے اسے سکون سے اپنی مرضی سے جینے دیں کیا پتا اگے وہ اپنی مرضی سے جی سکے گی یا نہیں۔"۔۔۔

چپ کر جاو"۔۔۔۔"اللہ "میرہ بیٹی کو خوش رکھے"۔۔۔۔۔ایک دم سے ممتا جاگی تھی۔۔'۔اول فول بکے رہتے ہو"۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

بے شک مائیں اپنی بیٹیوں کو ڈانٹ لیں ان پہ سختی کر لیں مار بھی لیں لیکن وہ کسی دوسرے کے سامنے اپنی بیٹی کے خلاف کچھ بھی بولنا برداشت نہی کرتی تھیں

اچھا"۔۔۔۔بابا کب ائیں گے۔۔۔۔۔ٹاپک چینج کرتے موبایل جیب سے نکال کے ٹایم دیکھا۔۔۔حلانکہ سامنے وال پہ گھڑی نصب تھی۔۔۔۔۔

بس انے والے ہیں۔۔

فون کر کے بتایا تھا ضروری میٹینگ ہے لیٹ ہو جاوٗں گا۔"۔۔

اچھا"۔۔وہ موبایل کی طرف متوجہ تھا۔۔۔

تم اوپر سے ان نمونوں کو لے او۔۔۔"۔

www.kitabibasti.com

سب ایک جیسے ہیں.. "لوگوں کی اولاد ان کو سکھ دیتی ہے اور ایک میری۔۔"۔۔

سب کو ایسا ہی لگتا ہے بیگم صاحبہ عثمان صاحب لیونگ روم میں دخل ہوتے اپنی بیوی کو سٹاپ لگایا۔"۔۔۔

بس اپ رہ گئے تھے۔"۔۔جا کے چینج کریں پھر پانی دوں گی۔۔۔ان پہ بھی روعب جھاڑتے وہاں سے کچن میں چلی گئیں

کچھ نہی ہو سکتا تم لوگوں کی ماں کا پھر سر گھوما کے عثمان صاحب نے زولقرنین کو کہتے اپنے "کمرے کی راہ لی

۔_________________________

اج پھر سے ایک بینک سے امپورٹنٹ ریسرچ فائیل غایب ہے

"درید"۔۔۔اور ساتھ میں سیم اسی ڈاکٹر کا لیپ ٹاپ بھی۔

www.kitabibasti.com

وہ جو اپنے افس میں بیٹھا کام کر رہا تھا سر اٹھا کے دروازے سے داخل ہوتے شاہد صاحب کو دیکھا جو اس کے ساتھ کام کرتے تھے۔۔۔

ٹینشن کیوں لیتے ہیں۔۔"۔ان کے پاس اج سے جو کچھ بھی جائے گا وہ سب ہماری طرف سے خود بھیجا جائے گا۔۔۔"بس ایک دفعہ ان کے ٹھکانے کا پتا چل جائے۔۔۔اور ان کے لاسٹ پلین کا۔۔"۔دوبارہ سے لیپ ٹاپ پہ جھکتے کہا۔۔

پتا نہیں وہ کرنا کیا چاہ رہے ہیں اخر ان سب ریسرچ فائیلز سے ان کو کیا فائدہ ہونے والا ہے؟؟"۔۔

پچھلے چند دنوں سے شہر کے تمام ڈاکٹرز اور انجینیرز کے امپورٹنٹ ڈاکومینٹس اور ان کے لیپ ٹاپ چوری ہو رہے تھے۔۔اور ان سب چوریوں کا سرا کہیں

www.kitabibasti.com

نا کہیں رابیل لاشاری سے تھا۔۔اب رابیل لاشاری کس کے لیے کام کرتی تھی ابھی تک وہ جان نہیں پاۓ تھے۔۔۔

اپ سنائیں بھابھی بچے کیسے ہیں۔'؟؟'۔لیپ ٹاپ بند کرتے درید سیدھا ہوا۔۔۔

سب ٹھیک ہیں"۔۔۔تم بھی شادی کرلو۔۔تاکہ میں بھی تمہارے حال احوال کے بعد بھابھی بچوں کا پوچھ سکوں"۔۔۔سیرس ہوکے انہوں نے مزاق کیا۔۔۔

نہیں میں ابھی شادی نہیں کروں گا بس یہ کیس حل ہو جاۓ پھر دیکھوں گا"۔۔۔زولجان بھی روز یہی ٹاپک لیے بیٹھی ہوتی ہیں اور آفس میں اپ"۔۔۔۔ساتھ ہلکا سا شکوہ کرتے انہیں دیکھا۔۔۔

چلیں باہر چلتے ہیں۔۔"۔شاہد نے کہتے اپنا موبائل اٹھا اور کھڑا ہو گیا۔۔۔

www.kitabibasti.com

اوکے چلیں۔۔۔"۔۔وہ بھی باہر نکلا۔۔۔

کل جب بار میں گے تھے کوئی گڑبڑ تو نہیں ہوئی نا۔"۔۔۔

نہیں ویسے تو نہیں ہو یہ۔۔لیکن اس لڑکی نے جو انفارمیشن دی وہ مجھے کچھ خاص نہیں لگی۔۔"۔۔وہ دونوں ساتھ ساتھ چلتے باہر نکلے۔"۔۔۔

کیا مطلب۔۔۔مجھے سناو"۔۔۔۔۔

اچھا۔"۔۔اس نے اپنی پاکٹ سے موبایل نکالا اور وہ ریکاڈینگ چلائی"۔۔۔۔

کہیں ان کو شک تو نہیں تھا ہم کے ہم کچھ ایسا پلین کریں گے۔۔۔"ریکارڈینگ سنے کے بعد تو شاہد بھی حیران تھا کہ واقع اس میں اتنا کچھ خاص تو تھا نہیں جو ان کے کام آسکتا"۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

چلو دیکھتے ہیں کیا ہو سکتا ہے بچیں گے تو نہیں وہ ہمارے ہاتھوں سے"۔۔

درید کے موبائل پہ کال انے لگی تو وہ سائڈ پہ ہوا۔۔۔

ٹھیک ہے بڑی پھر ملتے ہیں"۔۔۔۔۔

شاہد بھی ہینڈ شیک کرتے دوسری طرف مڑ گیا۔۔۔۔

*۔۔۔۔۔۔۔www.kitabibasti.com

وہ چھ لوگ آمنے سامنے بیٹھے تھے"۔۔۔۔۔۔

ایک طرف ایک نوجوان لڑکا۔۔۔۔۔۔پھر اس کی ماں اور باپ۔۔۔۔۔۔

اسی طرح دوسری طرف ایک لڑکی اس کا بھای اور اس کا باپ۔۔۔۔

وہ کیا باتیں اور کس زبان میں باتیں کر رہے تھے کوی عام انسان تو سمجھنے سے بلکل قاصر تھا

www.kitabibasti.com

بابا... میں اسی سے شادی کروں گی۔۔"۔۔۔ جبکہ سامنے والی پارٹی میں موجود لڑکا کسی اور کو پسند کر بیٹھا تھا اور اس سے شادی کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

دیکھو اگر تم میری بیٹی سے شادی نہی کرو گے تو تم سے سرداری چھین لی جائے گی"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہم سارے قبیلے والے مل کے تمہیں جینوں کی دنیاں سے نکال دیں گے اس لڑکی کے باپ نے دھمکی دی"۔۔۔۔

نکال دیں۔۔۔۔ لیکن زرتاشہ سے بلکل شادی نہیں کروں گا۔۔۔۔۔"۔وہ بھی اپنی بات پہ اڑ گیا

اچھا۔۔۔۔ایسا کیا ہو گیا اچانک جو تم اتنے باغی ہو رہے ہو۔۔۔۔۔ کل تک تو اس سے شادی کرنے میں کوئی مسئلہ نا تھا تمہیں۔۔۔۔"۔سامنے بیٹھی لڑکی کے بھائی نے کہا

www.kitabibasti.com

ہاں ہے وجہ۔۔۔۔اور وہ وجہ میں اپ لوگوں کو بتانا ضروری نہیں سمجھتا۔"۔۔۔کہتے وہ اٹھ کھڑا ہوا

میں جانتا ہوں اس کے بدلنے کی وجہ۔۔"۔۔۔اسے انسانی دنیاں کی لڑکی سے محبت بلکہ عشق ہو گیا ہے۔۔۔۔اس لڑکی کے بھای نے کہتے سامنے پڑے گلاس کو اٹھایا جو سرخ رنگ کے لیکویڈ سے بھرا تھا

ہاں ہو گیا ہے۔۔۔تو۔۔۔کیا کرو گے "۔۔۔۔۔ہو گیا"۔۔۔۔اب کیا کروں "۔۔۔وہ بلکل ہتھے سے اکھڑ گیا۔۔۔۔کل جو حرکت وہ اس لڑکی کے ساتھ کرنے جا رہا تھا اگر وہ درمیاں میں نا اتا تو اس کی عزت کو تار تار کر دیتا....

کل جب دانین کالج میں اکیلی کھڑی تھی اور اس پہ حملہ کیا تھا افگن نے."..

وہ تو وقت پہ اس کے ارادے کو بھانپتے وہاں پہنچ گیا اور اس کے سر پہ ریڈ وائن

www.kitabibasti.com

کا گلاس دے مارا"۔۔۔۔ جس کی وجہ سے انا کی طرف سے اس کا دھیان بٹا تھا

۔۔"'۔۔اور وہ جو کھڑکی کے پاس چادر لٹکی تھی وہ بھی اسی نے ہی لٹکای تھی

۔۔۔۔اسے گھر بھی اسنے پہنچایا تھا اس کے جانے کے بعد فہام نے افگن کو

خوب مارا۔۔۔۔ لیکن یہ بات ان کے قبیلے یا گھر والوں کو نہی پتا تھی دیکھو بیٹا

۔"۔۔۔تم جانتے ہو انسانی دنیا کے لوگ ہماری دنیا میں نہی اسکتے"۔۔۔۔۔

زرتاشہ کے والد نے اسے سمجھانا چاہا۔۔۔۔

لیکن وہ تو اب اس سے محبت کر بیٹھا تھا اب تو اسے سب کچھ چھین لیا جاے تو

بھی اسے کوی پرواہ نہی تھی۔۔۔۔۔وہ مجبور تھا۔۔۔۔وہ سب کچھ اپنے بل

بوتے پہ کر سکتا تھا۔۔"۔۔۔

مجھے یہاں رہنے کا شوق بھی نہیں ہے"۔۔یاد ہے اٹھارہ سال پہلے اپ نے

کیسے بے دردی سے مجھے اس اپنی دنیاں سے نکالا تھا۔۔۔اب تو میں اپنا سب

www.kitabibasti.com

کچھ سیٹ بھی کر چکا ہوں۔۔۔مجھے کچھ فرق نہیں پڑتا"۔۔۔اپ کی ان دھمکیوں سے۔۔۔۔۔

تم سے ساری طاقتیں بھی چھین لوں گا۔۔۔۔وہ خود کو جیسے خدا سمجھ بیٹھے تھے۔۔۔

دیکھیں چاچا اپ میری بات کو سمجھیں میں ابھی منع کر دیا ہے اچھا ہے نا"۔۔ بعد میں اگر ہو جاتا تو اس کی زندگی بر باد ہو جاتی۔۔۔

ٹھیک ہے ابا جی۔۔۔۔مجھے بھی نہیں کرنی اس سے شادی جس سے مرضی کر لے۔۔"۔۔زرتاشہ غصے سے دیکھتی وہاں سے اٹھ کے چلی گی کہ وہ تو ماننے والا نہیں تھا

------

www.kitabibasti.com

بس کردو دانین۔"۔۔کچھ شرم کرلو بھائی اندر ہے تمہارا۔۔"۔۔امبرین لان میں بیٹھی سبزی بنا رہی تھیں اور ساتھ ساتھ دانین کی حرکتیں دیکھ کے ان کو ہول اٹھ رہے تھے۔۔۔

دانین جو اج پہلا پیپر دے کے ائی تھی۔"۔۔جو کے اس کے مطابق بہت اچھا ہو گیا تھا اب لان میں اپنی بڑی کھیرے دار فراک کو نزاکت سے تھامے گھوم رہی تھی۔۔۔۔۔اور اپنی ماں کا موڈ خراب کر"رہی تھی۔۔۔

بس کردو نا۔۔۔پتا چل گیا ہے بہت اچھا ہوا ہے پیپر تمہارا۔۔۔۔انہوں نے ایک دفعہ پھر اسے منع کیا۔"۔۔

کیا ہے ماما۔۔یہاں تو بندا اپنی مرضی سے کچھ کر بھی نہیں سکتا۔۔۔ناراضگی سے ان کو دیکھتے ساتھ والی ئی پہ اکے بیٹھی۔۔۔

www.kitabibasti.com

اپنے سسرال جا کے کرنا یہ سب چونچلے۔۔اپنے شوہر کو دیکھانا اپنی ادائیں

۔"۔۔انہیں دانین پہ کچھ زیادہ ہی غصہ اتا۔۔۔ایک وہ اکیلی تھی اور چھ بھای

موسٹلی اس کی عادتیں لڑکوں والی تھیں۔۔کریکٹ کھیلنا سائیکلینگ کرنا

گلیوں میں گھومنے پھیرنے کا شوق بھی بڑی مشکل سے ختم کیا تھا انہوں

نے۔"۔۔۔

جی میرا بھی ایسا ہی ارادہ ہے۔۔۔اپ تو مجھے کھل کے سانس بھی نا لینے

دیں"۔۔۔۔اگے ہو کے گوبی کا چھوٹا کٹا ہوا ٹکڑا اٹھا کے منہ میں ڈالا۔۔۔

دانیبی"""۔۔۔۔ادھر او۔۔"۔۔اس سے پہلے کے مما کچھ اور کہتیں سمع بھائی

نے اسے اپنے ٹیرس سے اواز دی۔۔۔۔

جی بھائی ائیبی۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

اس کے بھائی اسے مختلف ناموں سے پکارتے رہتے تھے کوی دانو کوئی دانی کوی داناا اعاصم تو نمک دانی مچھر دانی کہتا تھا۔۔۔۔۔

جی بھای۔"۔۔اوپر ان کے کمرے میں پہنچتے کہا۔۔۔۔

ماما سے کہو میرے دوست ارہے ہیں اج کچھ اچھا سا بنالیں ڈنر ادھر ہی کریں گے"۔۔۔۔۔

کیا۔۔۔"نہیں ں ں ں بھای ماما نے سارا کام مجھ سے کروانا ہے پلیز اپ ان کو باہر ڈنر کروا دینا۔۔۔۔

"دانین۔۔"انہوں نے نام پہ زور دیتے اسے سٹاپ لگایا۔۔۔

اچھا بھائی"۔۔منہ بناتے وہ پاوں پٹختے نیچے ائی اور بھائی کا حکم سنایا۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

چلو پھر میرے ساتھ کچن میں ہلپ کرو۔۔۔شاباش اجاو۔۔اس کی سوچ کے مطابق سیم ویسا ہی ہوا۔۔

مام میرا کل پیپر ہے میں نے تیاری کرنی ہے۔"۔۔جلدی سے واپس مڑی۔۔۔۔۔

رکو۔۔۔جا کہاں رہی ہو۔۔۔پیپر تو جو تم نے پاس ہونا ہی ہے گھر داری سیکھو ساری زندگی یہ ہی کام اے گی بیٹا جان۔۔۔اور یہ سبزی اٹھا کے لے او میرا بچہ اسے پچکارتے اپنے پیچھے انے کا کہا۔۔۔

بسسسسس ایک دفعہ پیپر ہو جائیں اگلے دن ہی چاچو کے پاس لاہور چلی جاوں گی یہاں تو اپ مجھے کام کروا کروا کے کمزور کر دیں گی۔۔۔۔۔بڑبڑاتے سبزی کی باسکٹ اٹھا کے ان کے پیچھے چلی گئی۔۔۔۔۔

www.kitabibasti.com-----------------*

www.kitabibasti.com

وٹ ربشششش۔۔۔اس میں ویسا تو کچھ بھی نہیں ہے جو مجھے چاہیے "

تھا۔۔۔"رابیل کا بوس اس وقت مکمل غصے میں مٹھیاں بھینچ کے رہ

گیا۔۔۔۔

"ایسا کیسے ہو سکتا ہے باس۔۔۔۔جیسا مجھے آپ نے کہا تھا میں نے وہی سب

چیزیں چرائی ہیں۔۔۔پھر ایسا۔۔۔۔۔پتا تو اسے بھی کچھ نہیں تھا کہ ان

سب فائلز یا لیپ ٹاپس میں ایسا ہے کیا جو انہیں چوری کروایا جا رہا تھا۔۔۔

"

اس میں وہ انفارمیشن نہیں ہے۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔"وہ رکا "

یہ کیا ہے۔۔۔۔"اس کی نظریں لیپ ٹاپ پہ تھیں۔۔۔۔ "

لیپ ٹاپ میں چیکینگ کرتے اسے ایک ویڈیو نظر آئی۔۔۔۔اس نے اسے

پلے کیا۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

ہاہاہاہا۔۔۔"ایک بلیک کلر کا سایہ ویڈیو میں نمودار ہوا۔۔۔"

تمہیں کیا لگتا ہے ہم نے کچی گولیاں کھیلی ہیں۔۔۔جہاں تمہاری سوچ ختم " ہوتی ہے اس سے دو قدم آگے کرسی لگا کے ڈی ڈی بیٹھا ہے۔۔۔۔۔تم ابھی بچے ہو۔۔۔اس لیے کوئی پنگا لینے سے پہلے سوچ لینا۔۔۔۔تم جو بھی کوئی ہو۔۔۔۔اپنے مقصد میں کامیاب تو کبھی بھی نہیں ہو سکتے... کیونکہ میں ہونے نہیں دوں گا۔۔ بائے"اس سائے نے ہاے کے انداز میں ہاتھ ہلاے۔۔۔ویڈیو ایک منٹ کی تھی۔۔۔۔

ویڈیو تو ختم ہو گی لیکن دیکھنے والا شخص پریشانی سے اپنے ہاتھ مروڑ رہا تھا۔۔۔ اس دفعہ تو وہ اپنا کام مکمل کر کے ہی رہے گا چاہے اسے کچھ بھی کرنا پڑ جاے...

www.kitabibasti.com

ربیل... بات سنو.. "لیپ ٹاپ بند کرتے اس نے رابیل کو بلایا... جو "
سکتے کے عالم میں کھڑی تھی۔۔۔

...جی باس...."وہ اس کی طرف متوجہ ہوی"

تمہیں ایک کام کرنا ہے....اور بہت رازداری سے... سب سے پہلے "
" ... تمہں مجھ سے دور رہ کے بیچ میں رہنا ہے

پھر باقی کا پلان اسے سمجھاتے وہ مسکرایا... تھا یہ جانے بغیر کے غلط کام کبھی
بھی انجام کو نہیں پہنچتے سچ کبھی نا کبھی سامنے اکے رہتا ہے

....

ویلکم ٹو مائے ہوم مسٹر درانی۔۔۔" سمع نے ڈی ڈی کو اپنے گھر میں ویل "
کم کرتے آگے ہو کے گلے لگایا۔۔۔

www.kitabibasti.com

خوش آمدید شاہد صاحب۔۔۔۔۔"پھر شاہد کو مصافحہ کیا۔۔ "

اج کتنے دن بعد وہ تینوں مل رہے تھے بزنس میں ان تینوں کی اچھی دوستی تھی۔۔۔۔ لیکن ڈیپارٹمنٹ سمع کا الگ تھا ان دونوں سے۔۔۔۔۔۔۔ان کی پہلی ملاقات میٹینگ میں ہوئی اور اس کے بعد تو بارہا وہ لوگ لنچ کبھی میٹینگ تو کبھی کہیں بھی ساتھ پاے جاتے....

آنٹی کیسی ہیں؟؟؟"شاہد نے آگے پیچھے دیکھتے کہا... وہ لوگ اس گھر کے " ہر فرد سے مل چکے تھے سواے دانین کے کبھی اتفاق ہی نہیں ہوا تھا اس سے ملنے کا.. اور شاید جب وہ لوگ آتے تھے آنٹی اسے کہیں چھپا دیتی تھیں...

آئووو... نا اندر..."ان کو اندر لے کے آیا... تھوڑی دیر بعد عنبرین ان " کے لیے ریفریشمنٹ لے آئی تھیں.... ان سے تھوڑی دیر باتیں کرنے کے بعد چلی گئیں...

www.kitabibasti.com

"...آج تو ہم خاص ایک کام کے سلسلے میں تم سے ملنے آئے ہیں"

جی جی.. میں حاضر... بتایں کیا خدمت کر سکتا ہوں آپ کی.."لطیف سا " طنز کرتے سمع نے دونوں کو دیکھا تھا... وہ کھیسانا سا ہو کے ہنسے ان کی زیادہ تر ...ملاقات کی وجہ سمع سے کام ہی ہوتا تھا

"...یار آج کچھ مختلف کام ہے اور فیملی سے ریلیٹڈ "

...مطلب...."سمع ٹھٹھکا"

...یار طلحہ کی ضرورت ہے ہمیں...."اپنا مدعا بیان کرتے اسے دیکھا "

"... مطلب... کس لیے میرا مطلب"

"....ایک کیس ہے یار بس وہی سولو کرنا ہے....ایک دفع ہو جاے "

"..کون سا کیس بتاو پہلے...اور بابا سے اجازت کے بنا تو "

www.kitabibasti.com

باقی سب کی فکر تم نا کرو بس.... تم سے پوچھنا تھا کے ایسا کر سکتے ہیں یا "

" .... نہیں

" ....اچھا کیس تو بتاو نا "

ہونہ... پھر اسے سارا مسئلہ بتایا اور طلحہ کی ضرورت کیوں ہے وہ بھی "

"...بتایا

" ... ٹھیک ہے... بابا سے بات کر لو...مان جائیں گے "

" ...ہوں"

چلو کھانا کھاتے ہیں" چند منٹ بعد سمع نے ان دنوں کو کھانے کہ دعوت "

...دی

...ہاں ضرور" اسی نیت سے ہی ہیں شاہد نے مسکراتے آنکھ دبائی "

www.kitabibasti.com

چلیں پھر...."وہ تینوں اٹھ کھڑے ہوئے...اس سے پہلے کے وہ روم "

.....سے باہر نکلتے درید کا موبائل بج اٹھا

" ...تم لوگ چلو میں کال سن کے آتا ہوں "

ان دنوں کو جانے کا کہہ کے وہ فون سنتے ڈرائنگ روم کی ونڈو کے پاس

آیا...پردا ہٹا ہوا تھا....بات کرتے اچانک اس نے سامنے دیکھا تو کوئی لڑکی

پودوں کی طرف رخ کیے کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دوپٹہ آدھا جھول رہا تھا زمین پہ اس کا حلیہ کچھ یوں تھا کہ... کھلا ٹراؤز..اس

کے اوپر ٹی شرٹ جو یقیناً اس نے عاصم کی ہی پہنی تھی...دوپٹہ بھی ماما کا ہی لیا

...ہو گا جو اس کے کندھے سے زیادہ زمین پر جھاڑو دے رہا تھا

www.kitabibasti.com

پھر گھوم کے چلنا شروع کیا بک اٹھائے وہ کسی سبجیکٹ کا رٹا لگانے میں مصروف تھی...اندر کھڑے ڈی ڈی کو فون پہ کیا بات کی جا رہی ہے سنائی ...دینا بند ہو چکی تھی ....وہی تو تھی

" ہاں یہ وہی تھی ...دانین اس کی دانین "

اپنے اوپر کسی کی نظروں کا ارتکاز محسوس کرتے دانین نے پیچھے مڑ کے .....دیکھا

"اوووووےےےے رک جاو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ "

..ونڈو پہ کھڑے انسان کو دیکھ کے وہ بک لیے جلدی سے اس طرف آئی

www.kitabibasti.com

کون ہو تم...."غصے سے گھور کر درید کو مخاطب کیا جو اچانک سے اس کے "

....ایکشن میں آنے سے سٹپٹا سا گیا تھا

" ...ایک منٹ رو کو میں بتاتی ہوں تمہیں؟؟ "

اسے وہیں روکنے کا کہہ کے جلدی سے گھر کی اندرونی طرف گئ اور ڈرائنگ

...روم کو لاک کر دیا.... پھر واپس گھوم کے باہر آئی

ہاں اب بتاؤ... کہاں سے گھسے ہو؟؟ کس نیت سے آئے ہو..."تم تھیف

ہو نا چوری کرنے اے؟...دوپٹہ اب وی کی شکل میں اس کے دونوں

....کندھوں پہ پڑا ہوا تھا

مجھے سنائی نہیں دے رہا..."درید اس کی حرکتیں دیکھ کے چکرا رہا تھا...."

...پھر اشارہ کر کے بتایا کہ مجھے سنائی نہیں دے رہا

..اوکے...رکیں..."دانین نے دوپٹا سہی کرتے اسے اوکے کا اشارہ کیا "

www.kitabibasti.com

آپ....یہاں..کیوں...اور...کیسے...آئے؟؟؟"پھر رک رک کے "

...ہر لفظ کا اشارہ کر کے بتایا

سمجھ نہیں آئی۔۔۔"اندر دریدا ابھی نا نا میں سر ہلا رہا تھا..اس کی "

مسکراہٹ بس ہونٹ پہ بمشکل ہی آنے سے رکی تھی...اگر کچھ اور کہتی نا تو

....اس کی ہنسی چھوٹ جانی تھی

ہونہہ "پاؤں پٹختے دانین نے آگے ہو کے ونڈو سلائڈ کی پھر اچھل کے "

...اندر داخل ہوی اور ونڈو بند

"....اب بتایں ادھر کیا کر رہے ہیں؟؟؟ "

یہ..یہ کیا کر رہی ہیں؟؟..نکلیں یہاں سے "وہ پریشان ہوا اگر کوی آجاتا "

تو کیا سوچتا دروازہ بھی لاک تھا اب کسی کو کیا پتا وہ باہر سے کیا گیا ہے یا اندر

...سے

www.kitabibasti.com

"باہر جائیں میں بتاتا ہوں..."اسے باہر جانے کا کہتے پریشانی سے دروازے کی طرف دیکھا....

"نہیں میں چیخوں گی...ماما....بھابییی..."اس سے پہلے کہ درید اسے کچھ بتاتا وہ شروع ہو چکی تھی۔۔۔

"چپ..."اس سے پہلے کے وہ کچھ اور بولتی درید نے جلدی سے اس کو کھینچتے منہ پہ سختی سے ہاتھ جمایا...

"چپ اگر ایک لفظ بھی اور نکالا نا تو...."خاموشی سے جیسے آئیں تھیں ویسے ہی واپس چلی جائیں..."وہ اس کی قید میں پھڑ پھڑا رہی تھی لیکن اتنی اسانی سے اسے چھوڑنے کا ارادہ بلکل بھی نہیں تھا اسکا....

"اب بولیں گی؟؟..."درید نے ہاتھ جمائے سختی سے پوچھا....

"نہیننن۔۔۔۔۔"نفی میں گردن ہلاتے کہا...

www.kitabibasti.com

بال.."ابھی اس نے زرا سا ہاتھ ہٹایا تھا کہ پھر سے وہ چیخنے لگی... "

....خاموش.....درید نے ایک جھٹکے سے اسے چھوڑا

اب اگر ایک لفظ بھی نکالا تو مجھ سے برا کوئی نہی ہو گا..."غصے سے اسے "

دیکھتے باور کروایا۔اچانک سے اس کے بدلتے رویے کو دیکھ کے وہ سہم سی

گئی۔۔۔

ساکت کھڑی دانین کو بازو سے پکڑتے کھڑکی کے پاس لایا اور باہر جانے

..اشارہ کیا...دانی اسے غصے سے گھورتے باہر چلی گی

گھر ہمارا اور نکال بھی مجھے ہی رہے ہیں۔۔۔"دروازہ نہیں کھولوں گی "

...باہر سے

اسے دھمکاتے سالئیڈ زور سے بند کی۔۔۔یہ سوچے بنا کے دروازہ اندر کی

طرف سے بنا چابی کے بھی کھل جاتا ہے۔درید نفی میں سر ہلاتا دروازہ کھول

www.kitabibasti.com

کے باہر آیا بھوک تو اس کی ویسے ہی مر چکی تھی۔۔ سمع اور شاہد کو بنا بتائے ہی وہ گھر سے نکل آیا۔۔

اگر ایسا ہے تو پھر اب ہم نے بھی اپنا گلا قدم اٹھانا ہے۔۔۔"ریوالوینگ چیئر" پہ بیٹھے اس نے سامنے بیٹھی رابیل کو دیکھا۔۔۔

پہلے ایک بات بتاو۔۔۔"آگے ہوتے ٹیبل پہ بازو ٹکائے۔۔۔ "

جی باس۔۔۔"آج وہ پنک کلر کی سوٹ درٹ کے ساتھ وائیٹ جینز پہنے " اپنے حسن کے جلوے بکھیر رہی تھی۔۔۔

تمہاری نظر میں کوئی ایسی جگہ ہے جہاں ہم اپنا پروجیکٹ آسانی سے " "کمپلیٹ کر سکیں اور کسی کے آنے کا بھی خطرہ نا ہو۔۔۔

www.kitabibasti.com

مطلب۔۔۔

مطلب یہ کے ہم لوگ جن فائیلز کو چوری کر رہے ہیں ان پہ تجربہ کرنا "
بھی تو لازمی نے میری جان۔۔ایسے ہی تو ہمیں پتا لگے گا آیا نہیں آگے کتنے
"میں اور کیسے بیچ سکتے ہیں اسے تفصیلا سمجھاتے وہ پیچھے ہوا۔۔۔

ہمممم۔۔۔۔ایسا ہے تو آپ میرے گھر کے بیسمنٹ میں یہ سب کر لیں "
۔۔۔ایسے ہم لوگ ایسانی سے اہنا کام بھی کر لیں گے اور کسی کو کوئی شک بھی
"نہیں ہو گا۔۔۔

لیکن تمہاری فیملی۔۔۔؟

وہ سب کون سا یہاں ہیں ڈیڈ ویسے بھی ہم ہی ٹکتے ہیں اور مام آج کل بھائی "
کے پاس آمیریکا ہوتے ہیں اگلے چند ماہ تک تو ان کے آنے کا کوئی نام و نشان
"نہیں ہے۔۔۔

www.kitabibasti.com

"سہی ہو گیا۔۔۔بس اب ہمیں ایک انجینیر چاہیے اور ڈاکٹرز۔۔۔۔ "

اور تم بھی کل سے جائو۔۔لگو اپنے کام میں ہمیں اس درید پہ بھی نظر رکھنی "

"ہے۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے سر۔۔۔"میں اپنی تیاری مکمل کر چکی ہوں۔۔ "

-

بھائی آپ کا وہ دوست بہت برا ہے۔۔۔"ابھی ابھی قاسم نے اسے بتایا تھا "

کہ وہ بھایا کے دوست ہیں سو اب بنا کسی لحاظ کے وہ سمع کو سنانے ائی تھی۔۔۔

مطلب۔۔۔"وہ سب لوگ ناشتا کر رہے تھے دانین ابھی ابھی اٹھ کے "

ٹیبل پر آئی تھی کیونکے آج اس کا لاسٹ پیپر تھا اور وہ لیٹ نہیں ہونا چاہتی

تھی۔۔

www.kitabibasti.com

مطلب یہ کہ کل جب وہ اکیلے ڈرائینگ روم میں اپنی کوئی خفیہ پلیننگ کر "

"رہے تھے تو میں نے ان سے پوچھا کہ کون ہیں کہاں سے آئے ہیں۔۔

دانین ناشتہ کرلو۔۔۔۔۔"ماما نے اسے دانت پیستے روکنا چاہا تھا اس کی "

آدھی بات سن کے ہی ان کو اندازہ ہو گیا تھا اب اس نے کچھ ایسا کہنا ہے جو

بھائیوں اور باپ کے سامنے ان کو شرمندہ کروا دیتا۔۔۔

ماما بولنے دیں نا" واپس ان کو گھورتے اپنی بات جاری رکھی۔۔۔ جبکہ "

عثمان اپنی بیوی کو دیکھ کے مسکرائے

ہاں تو جب میں نے پوچھا ان سے "نوالہ لیتے رکی۔۔ "

تو پہلے تو کہا چپ کرو۔۔۔ پھر میں نے کہا کے میں سب کو چیخ کے بلا لوں گی "

پھر جلدی سے سچ بتا دیا۔۔ کہنے لگے تمہیں کڈنیپ کرنے آیا ہوں" بڑی

صفائی سے جھوٹ بولتے وہ سب کو حیران کر گئی۔۔۔

www.kitabibasti.com

پھر سب کو دیکھا جو اسے حیرانی سے دیکھ رہے تھے۔۔

ایسے کیا دیکھ رہے ہیں۔۔۔میں جھوٹ بول رہی ہوں کیا۔۔۔"معصوم " سی شکل بناتے منہ بسورا۔۔

کیا وقع اس نے ایسا کہا۔۔" سمع تو منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا۔۔ "

"لو۔۔۔کہا ہے تو آپ کو بتا رہی ہوں۔۔۔"

در حقیقت رات سونے سے پہلے اسے خیال آیا کے اس نے بھائی کے دوست سے کافی حد تک بتمیزی کر دی ہے اب اگر وہ بھائی کو بتادیں گے تو اس کی تو شامت آجانی ہے۔۔۔تو اپنے دماغ کے مطابق سوچتے اسی پہ ہی الزام لگا دیا۔۔

میں پوچھوں گا اس سے۔۔۔"سمو نے اب اسے گھورا۔۔ "

www.kitabibasti.com

نن۔۔ں ہی۔۔۔"اسے پھندا لگا۔۔ "

یہ پانی پی لو۔۔۔"پاس بیٹھے حازق نے پانی کا گلاس اس کے سامنے "

کیا۔۔۔جیسے اٹھا کے جلدی سے دانین نے ہونٹوں سے لگایا۔۔

نہیں پوچھنا بھائی خلل کہا تھا مجھے ابھی لے جائے گا پھر کیا کریں گے "

آپ۔۔۔۔"گڑبڑاتے وضاحت دی۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔نہیں پوچھوں گا جلدی سے ناشتہ کرو۔۔۔"اسے سمجھ "

آگئی تھی اسی نے ہی کوئی پنگا لیا ہو گا اب بچنے کے لیے ناٹک کیا جا رہا ہے

کہاں پھس گی ہوں۔۔ناشتہ ختم کر کے اٹھی۔۔۔

اللہ میاں میں ابھی تیار ہو کے آتی ہوں"اسے یقین تھا بھائی کو جب وہ"

تھیف بتائے گا تو بھائی اسی کا ہی یقین کریں گے۔۔۔

www.kitabibasti.com

اللہ مجھے بچالے۔۔۔"دعا کرتے کپڑے اٹھا کے واشروم میں گھس گئی "

اسلام وعلیکم۔۔۔"آفس میں داخل ہوتے اس بہن جی ٹایپ لڑکی نے "

سب کو سلام کیا۔۔

جی آپ کون۔۔۔"کام کرتے ایک شخص نے اسی سے پوچھا۔۔ "

جی مجھے سر نے بلایا ہے ان سے ملنا ہے۔۔۔"اپنی ناک پہ دھرا چشمہ سیدھا "
کرتے وہ ان کو جواب دیے رکے بنا ہی اندر کی طرف چلی ائی۔۔

سر مے ائی کم ان؟۔"دروازہ ناک کرتے پوچھا۔۔ "

یس"اندر سے ایک مردانہ بھاری آواز آئی۔۔ "

www.kitabibasti.com

پھر دروازہ کھول کے اندر داخل ہوتے اس وجود نے طاہرانہ نگاہ چاروں طرف دوڑائی۔۔۔

جی کون۔۔۔"ان ایکسپیکٹڈ شکل کو دیکھ کے وہ چونکا۔۔۔ "

"....سر میں حورم بیگ...یہاں مجھے نیو ہائر کیا گیا ہے "

ج..."وہ کچھ بولتے بولتے رکا...اس کی نظر سامنے لیپ ٹاپ کی سکرین پہ ٹکی تھیں....

جی آئے نا... تشریف رکھیں..."مسکراتے اسے سامنے بیٹھنے کا اشارہ کیا....

"... نو سر تھینکیو"

www.kitabibasti.com

"میں آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ میں کام کروں گی سر اپ کے انڈر تو اپ مجھے کام

سمجھا دیں..."

"جی جی بلکل میں سمجھ گیا ہوں.... آپ جائیں باہر آپ کو میرا سیکرٹری

گائیڈ کر دے گا اپ کو.."

"اوکے سر تھینکیو...." کہہ کے باہر نکل گئی...

"ہوں..." سر ہلاتے درید نے چیئر سے ٹیک لگائی...

"تم آ ہی گئی آخر.... اب ہمارا کام اور آسان ہو گا..."

پھر کچھ سوچتے فون نکالا... اور سمع کو کال ملائی....

"اسلام علیکم کیسے ہو؟" کال دوسری بیل پہ ہی پک کر لی گئی تھی

"وعلیکم السلام میں فٹ تم سناو"

www.kitabibasti.com

" میں بھی ٹھیک ہوں "

"....کب بھیج رہے ہو طلحہ کو "

بس دو دن میں دانین کے پیر ہو جائیں اس کے بعد.... شاید ان دونوں "

"...نے بھی آنا ہے لاہور تو

" اوکے.... آج تو اس کا دن ہی اچھا تھا جو اتنی اچھی

...اچھی نیوز سنے کو مل رہی تھیں

" ٹھیک ہے خیال رکھنا "

" اللہ حافظ "

____

www.kitabibasti.com

جاو باہر سے جھاڑو لے کے آئو...."عمبرین جا نے اس وقت سٹور روم "

...میں کیا ڈھونڈھ رہی تھیں جو ساتھ میں دانین کو بھی لگایا ہوا تھا

"...ماما.. کبھی تو آرام سے بیٹھ جایا کریں "

جو کہا ہے وہ کرو باتیں نا بناو..."سر اٹھا کے اسے گھورا "

اچھا جا رہی ہوں...."منہ بناتے باہر آئ "

ماما باہر نہیں ہے...دو منٹ بعد وآپس...."دوپہر کا وقت تھا چلچلاتی "

...دھوپ اور گرمی...اوپر سے سٹور میں پنکھا بھی نہیں تھا

چھت پہ دیکھ کے آو وا ایک تو صفای والی بھی بس اوپر اوپر سے جھاڑو لگا کے

...احسان کرتی ہے

...آپ ڈھونڈ کیا رہی ہیں...."وہ تنگ ہو رہی تھی گرمی سے "

www.kitabibasti.com

چوہا...."اس سے پہلے کہ ماما اسے جواب دیتیں اسے اپنے پاس سے گزرتا "

چوہا نظر آیا

"..کیا......ہوا ہے "

...ماما چوہا..."وہ چیختے بھاگی تھی "

" کہاں ہے......؟؟؟ "

"...ناچ کیوں رہی ہو...کچھ نہیں کھاتا "

... نہیں کی بچی زرا لحاظ نہیں ہے...."وہ ابھی تک ناچ رہی تھی "

"....جاو...اوپر سے جھاڑو لے کے آئو "

اگلے ہی لمحے دانین سٹور سے غائب تھی

www.kitabibasti.com

..دانین سٹور سے بھاگتی سیدھا چھت پہ آکر ہی سانس لیا

او ئی ماااں.... کیسے نازک حالات جا رہے ہیں میرے".. بڑبڑاتے سامنے

..دیکھا جھاڑو نہی تھا

..پھر ڈھونڈھتے مونٹی کی پچھلی طرف آئی تو سامنے پڑا تھا

آآآمیرے جھاڑو.... وہ قدم قدم اس کی طرف لے رہی تھی. جس جگہ وہ چل رہی تھا بس ایک ہی بندے کے چلنے کی جگہ تھی۔سامنے دوسروں کی چھت تھی لیکن وہ زرا اونچی تھی ان کی چھت سے وہ جھاڑو اٹھا کے

...مڑی...اسے لگا اس کے پیچھے کوئی ہے۔.رنگ ایک دم اڑا تھا

ب.. بھوت...ماما بھوت...ماما... بھوت."جھاڑو وہیں پھینک کے پیچھے

.دیکھے بنا بھاگنے لگی جب پیچھے سے زولقرنین نے اسے پکڑا

www.kitabibasti.com

بس کر دے میری بہن.. میں ہوں.... وہ جو کانپتے وجود سے گھبرا کے لڑ کھڑا

.... گئی تھی جلدی سے ذولقرنین کو پکڑا

بھائی..."شرم کر لیں اپ سب لوگ بس مجھے ہی ڈرایا کرو."..میں بابا کو

...بتاوں گی سانسیں ابھی بھی پھولی ہوی تھیں

.... سوری میری ننھی سی ڈرپوک بہن... کان پہ ہاتھ رکھتے معافی مانگی

اپ آئے کہاں سے ہیں کیونکہ پیچھے تو جگہ ہی نہیں ہے..اس کارنگ ایک

دفعہ پھر اڑا تھا کہیں وہ سچ میں بھوت ہی نا ہو ذولقرنین کی شکل میں.... میں

اوپر مونٹی کی چھت پہ تھا کیبل کی تار سیٹ کر رہا تھا.... مسکراتے اسے کے

... خوف کو کم کرنا چاہا... تم جاؤ نیچے میں اتا ہوں کال کر کے

اچھا اب ایسی حرکت کی نا تو اپ کی بیوی کو میں اصلی بھوت منگوا کے ڈرایا"

کروں گی اپ کو پھر میری بے بسی یاد آیے گی"۔

www.kitabibasti.com

."بس بس.. زیادہ اوور ایکٹینگ ہو رہی ہے اب.. اتنا بھی کوئی نہی ہوتا"

اڑا لیں مذاق میں بابا کو بتاؤں گی... جھاڑو اٹھا کے اسے دھمکی دیتے نیچے چلی گئی...

فہام اس کے جانے کے بعد اصلی شکل میں اتے مسکرایا تھا.. نک چڑھی۔

...............❤❤ ....❤

اگلے دن شہر سے دو دو کر کے ہر دو گھنٹے بعد آٹھ بڑے سائکاٹرسٹ غائب کئے گئے تھے... شہر بھر میں خوف وہراس پھیلا ہوا تھا اور انہیں کچھ سمجھ نہی ارہی تھی کیا کریں؟

یار کیا مصیبت ہے میں تو لوگوں کو جواب دے دے کے تھک گیا ہوں"

www.kitabibasti.com

ابھی افس کے باہر لوگوں کا اتنا جھمگھٹا لگا ہے پوچھ رہے ہیں آئی ایس آئی کر

کیا رہی ہے اگر تم لوگوں کو سجھ نہیں ارہی تو ہم خود ڈھونڈھتے ہیں"۔ شاہد

افس میں داخل ہوا..

چپ کرو گے اپ.... درید نے شاہد کو چپ کروایا...

کیا تمہیں کوی فرق نہی پڑ رہا درید.... وہ لوگ باہر..

اب ان کا اگلا پلین ہو گا انجینئر ز کو اٹھانے کا اور ان میں ایک ہمارا ہو گا..

"طلحہ۔

یہ وہاں پہنچے گا تو ہمیں ساری سیچوئیشن کا اندازہ ہو گا... اخر وہ کر کیا رہے

"ہیں.؟

www.kitabibasti.com

مجھے لگتا ہے جس حساب سے وہ لوگ صرف برین کی ہسٹری اور اسی کی

".ریسرچیز غائب کر رہے ہیں دماغ کے حوالے سے ہی وہ کچھ بنا رہے ہیں

..ہاں مجھے بھی یہی لگتا ہے، وہ لوگ

ایک منٹ اس سے پہلے کہ درید بات مکمل کرتا اس کا فون بجا۔۔۔

اوکے میں باہر دیکھتا ہوں۔۔ کہہ کے شاہد باہر نکل گیا۔۔

ائ ایس ائ.... کیسا لگ رہا ہے اج.... کہاں ہوں. کیا کر رہے ہو ابھی تک

ہم تک پہنچے کیوں نہیں... تمہیں کیا لگتا ہے میں کچی گولیاں کھیلتا ہوں۔۔یہ

اس کا جواب ہے جو اس دن لیپ ٹاپ میں ویڈیو بھیجی تھی۔

بہت جلدی تمہارے ہاتھ میں ہتھ کڑی ہو گی"۔۔ساتھ ہی درید تیزی سے

لیپ ٹاپ کے کیبورڈ پہ تیزی سے انگلیاں چلا رہا تھا

www.kitabibasti.com

تم تو یہ بھی نہی جانتے میں ہوں کون۔۔۔ ہتھ کڑیاں کس کو پہناو گے ؟؟ قہقہ لگاتے کوی مردانہ اواز ائر پیس پہ گونجی

ہونہہ تم چاہے جو بھی کر لو.. پہنچ تو میں جاؤں گا تمہارے پاس. بس تم" انکھیں کھلی رکھنا یہ نا ہو ہمیں اتا دیکھ نا پاو۔۔۔لوکیشن دیکھتے درید اتھا تھا۔۔۔اس کی لوکیشن اسے مل گئی تھی۔۔

تمہارے لیے باہر دو تحفے بھیجے ہیں زرا افس سے باہر نکل کہ دیکھو....ائر پیس سے اواز آئی۔۔

اب تم اپنے تحفے کا انتظا کرنا۔۔۔کال بند کرتے وہ باہر ایا جہاں کافی سارے لوگ جمع تھے۔

کیا ہے یہاں؟؟

سر سر ادھر دو لاتابوت آئے ہیں

www.kitabibasti.com

ک۔۔کیا کہہ رہے ہو۔۔وہ تیزی سے اگے بڑھا۔۔۔اووہ میرے اللہ۔۔۔

یہ میرا بیٹا ہے مار دیا ہے انہوں نے ایسے ایک عورت قریب اتے اس تابوت پہ گری تھی جوان بیٹا۔

شاہد کہاں ہے۔۔۔اتنی خطرناک حد تک وہ جا سکتا تھا۔

گاڑیاں نکالو۔۔۔سرخ ہوتی انکھوں سے اس نے اپنے ساتھ کام کرنے والے بندوں سے کہا۔

جی سر۔۔۔

اگلے پندرہ منٹ میں وہ لوگ اسی جگہ پہ تھے جہاں سے کچھ دیر پہلے انہیں کال آئی تھی۔

لیکن اس جگہ تو پی سی او تھا مطلب۔۔وہ جو بھی تھا بہت پکا کھلاڑی تھا۔

www.kitabibasti.com

شٹ۔۔اب تو طلحہ کو بھیجنا بھی کسی خطرے سے خالی نہیں ہے۔" وہ محض

بڑبڑا کر رہ گیا۔

...-------------------------------

بابا میری پیکنگ مکمل ہے۔اب ماما کو منانا باقی ہے جو آپ نے کرنا ہے

۔۔۔دانین لیونگ روم میں داخل ہوئی جہاں عثمان موبائل پہ فیسبک

سکرولینگ کرنے میں مصروف تھے چشمہ ان کی ناک پہ دھرا تھا سامنے ٹی وی

بھی چل رہا تھا۔۔

اوکے ٹھیک ہے۔۔۔ تم طلحہ کے ساتھ نکل جانا شام کو پیچھے میں سنبھال لوں

گا سب مرد حضرات ایسے ہی اس کی خوہشات کو پورا کرتے تھے جن سے

امبرین کو چڑ تھی۔۔۔

www.kitabibasti.com

بیٹا اپنا خیال رکھنا اور طلحہ واپس ائے گا تو اسی کے ساتھ اجانا۔۔۔

جی بابا اپ فکر نا کریں میں اجاؤں گی۔۔۔

کہاں جانے کی تیاری ہو رہی ہے۔۔امبرین لیونگ روم میں داخل ہوئیں

کہیں نہیں ماما بس ایسے ہی بھائی کے ساتھ شوپنگ پر جانا ہے شام کو"

"۔۔۔پیسے لے رہی تھی بابا سے

"اب کیوں کرنی ہے شاپنگ۔؟

ویسے ہی پارٹ ہے کالج میں اس کے لیے۔۔

اچھا۔۔۔وہ اسے گھورتے اگے چلی گئیں۔۔

میں بتادوں گا ماما کو۔۔وہ ابھی لیونگ روم سے اٹھ کے اپنے کمرے میں ائی

تھی کہ راستے مین نین بھیا مل گئے۔

www.kitabibasti.com

"آج کل تو ویسے بھی اپ میرے دشمن بنے ہوے ہیں۔۔۔جا کے بتا فیں

"یار مزاق کر رہا ہوں تم تو سیریس ہی ہو گئ۔

ہوں کیوں نا ہوں کل جو چھت پہ ڈرایا تھا میرا دل ابھی تک دھک دھک کر رہا ہے۔۔۔

کیا۔۔۔ چھت پہ میں نے کب ڈرایا۔۔۔وہ حیران ہوا۔۔

اب مکریں نا۔۔۔

سچ میں میں نے نہیں ڈرایا تھا بلکہ کتنے دن ہو گئے میں تو چھت پہ گیا ہی نہیں۔

وہ واقع حیران تھا۔

بھائی اب بس کر دیں۔۔۔میں جا رہی ہوں کمرے میں بائے۔۔

www.kitabibasti.com

دانو سچ میں یار میں نے نہیں ڈرایا تمہیں کوئی۔۔۔وہ جو دروازاہ بند کرنے لگی تھی رکی اگر وہ بھائی نہیں تھے تو۔۔۔ہمارے گھر میں بھوت۔۔۔دروازاہ بند کرتے اس نے چہرے پہ ہاتھ پھیرا۔۔میں بتاوں سب کو دوبارہ دروازہ کھولا۔۔لیکن کوئی یقین نہیں کرے گا میری بات کا۔"

شکر ہے مین آج ہی لاہور جا رہی۔۔۔جلدی سے خود کو ریلیکس کیا اب بس کچھ ہی گھنٹے تھے اس کے اس بھوتیا گھر میں لیکن۔۔وہ کہاں جانتی تھی ان بھوتوں کے ساتھ تو اس کی ساری زندگی گزرے گی۔

----

www.kitabibasti.com

اسلام علیکم چاچو!!۔۔۔وہ لوگ لاہور پہنچ گئے تھے اور اب سب سے مل رہے تھے۔۔ بائے ائیر ڈیڑھ گھنٹہ لگا تھا۔ شام چار بجے نکلے ساڑھے پانچ وہ لوگ لاہور تھے۔ شاہد اور ڈی ڈی بھی میٹنگز کے سلسلے میں بھی ایسے ہی آتے۔

وعلیکم اسلام۔۔ کیسے ہو تم لوگ۔۔۔؟؟ دونوں سے ملتے چاچو نے پوچھا۔

رانیہ اور زوہیب کہاں ہیں رانیہ اس سے دو سال جبکہ زوہیب چار سال چھوٹا تھا۔۔۔ دانین نے کزنز کا پوچھا۔

وہ لوگ اکیڈمی گئے ہیں۔۔۔ تم لوگ بیٹھو میں جوس لے کے اتی"۔۔

پھر چاچی نے انہیں شربت سرو کیا تھا۔۔

چینج کر لو پھر کھانا کھاتے ہیں۔۔

www.kitabibasti.com

ان کو کمروں میں بھیجا۔۔۔

طلحہ تو الگ روم میں گیا لیکن دانین رانیہ کے کمرے میں آ گئی۔۔پتا نہیں بابا نے ماما کو کیسے سنبھالا ہو گا۔

کپڑے نکال کے وہ واش روم چلی گئی واپس ائی تو رانیہ بھی آ چکی تھی۔۔

ایی۔۔کیسی ہیں اس سے ملتے مسکرائی ان کی کافی اچھی دوستی تھی مل کے خوب انجوائی بھی کرتی تھیں۔

میں ٹھیک ہوں تم سناو؟"۔۔

مین بھی اچھی ہوں بلکہ اب تو بالکل فٹ۔۔بس آپ کے آنے کا ویٹ تھا ساری پلیننگ مکمل ہے کمانڈر۔۔

"تو بس میری جان اج ہی نکلتے ہین اپنے مشن پہ۔"

www.kitabibasti.com

ٹھیک ہے کھانا کھالیں پھر۔۔اوکے میں اپنی دوست کو بھی کہہ دیتی ہوں۔

یہ ہے کولین موپا

۔۔۔وہ دونوں اس وقت بار میں تھیں۔ساتھ بج رہے تھے۔۔۔۔اور ان کی دوست بھی انے والی تھی۔۔۔

یہ کیا ہے اللہ اللہ۔۔۔۔وہاں کا ماحول دیکھ کے دونوں کا سر چکرا یا۔۔

کہیں ہم غلط جگہ تو نہیں اگئے۔۔ایک دوسرے کو دیکھتے ہو چھا۔۔

نہیں آپی یہ ہی جگہ ہے جہاں ہم نے انا تھا۔۔باہر لکھا بھی ہے نام جو میری دوست نے کہا تھا۔۔

www.kitabibasti.com

اچھا دیکھتے ہیں وہ کب پہنچتی ہے۔۔۔

کافی دیر وہ لوگ دروازے پہ ہی کھڑی رہیں

اندر دیکھتے ہیں دوپٹا صیح کرتے دانین اگے بڑھی۔

اپی۔۔۔رکیں میں دیکھ کے اتی ہوں اپ یہاں ہی رہیں۔۔رانیہ کہہ کے دوسری طرف چلی گئی۔

یار ایک منٹ میں !!۔۔لیکن وہ جاچکی تھی۔

اکیلی چلی گئی ہے اوفففف۔۔

میں کیا کروں اب۔۔وہ جو ابھی سوچ ہی رہی تھی۔۔۔کہ اچانک کسی نے پکڑ کے کھینچا۔۔۔وہ اسے ساتھ لیے کمرے کی طرف بڑھ رہا تھا لیکن دانین میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ خود کو چھڑوا سکے۔۔

www.kitabibasti.com

اس کے تو منہ سے اواز بھی نہیں نکلی تھی۔۔۔

یہاں کیا کر رہی ہیں مقابل جو بھی تھا اس کی انکھیں غصے سے سرخ ہو رہی تھیں۔۔

تھیف۔۔اسے یاد ایا کہ یہ تو وہی تھا جو اس دن ان کے گھر میں تھا۔۔اپ کی ہمت کیسے ہوئی مجھے ایسے پکڑ کے لانے کی؟؟

جو میں پوچھ رہا ہوں اس کا جواب دیں۔۔یہاں کا ماحول دیکھا ہے۔۔۔بچی ہیں اپ جو منہ اٹھا کے چلی ائی ہیں۔

بھائی!!۔۔اسے درد ہو رہا تھا بازووں مین جو اس وقت اس تھیف کے ہاتھوں میں جیسے مسلنے والے تھے۔۔۔

www.kitabibasti.com

جھوٹ مت بولیں۔۔ایسے ہی کہیں بھی چل دیے۔۔یہ جگہ اپ کے لیے نہیں ہے۔۔۔وہ لب بھینچ کے اسے دیکھ رہا تھا جیسے کوئی فرق ہی نہیں پر رہا تھا۔یہاں۔

"اپ جیسے لوگوں کے لیے ہے کیا۔۔بہت اچھا کیا جو میں یہاں اگئی ہے ہم جیسوں کے لیے۔۔پلیز میری بات کو سمجھیں۔۔۔۔نکلیں اپ یہاں سے۔۔۔اس کا بس نہیں چل رہا تھا اٹھا کے اسے کہیں قید کر دے۔۔

دیکھیں تھیف صاحب!!"میں یہاں اپنی مرضی سے ائی ہوں اپ کو کوئی حق نہیں پہنچتا مجھے یہاں سے نکالنے کا"۔۔

اپ کی مرضی کی ایسی کی تیسی۔اس کو اپنے قریب کرتے وہ دھاڑا تھا۔۔۔آس پاس کے لوگ بلکہ چھچھورے مرد حضرات دانین کو دیکھ رہے تھے جو ڈی ڈی بامشکل برداشت کر پا رہا تھا۔

www.kitabibasti.com

پہلی فرصت میں واپس اسلام آباد جائیں۔۔

ناجاؤں تو۔۔۔وہ اس کے اور قریب ہوئی ان کے درمیاں بس زراسا فصلہ تھا

"۔۔اپ کو کیوں مسئلہ ہے میرے یہاں ہونے سے ؟

کیونکہ اپ کو کوئی بھی دیکھے میں یہ برداشت نہیں کر سکتا۔یہاں کیسے لوگ "
ہیں یہ اپ نہیں جانتیں دانین۔۔۔پلیز میری بات مانیں اور میرے ساتھ
چلیں "۔۔۔اس کا بازو پکڑتے چلنے کا کہا۔۔جو اپنی جگہ سے ہل ہی نہیں رہی
تھی۔۔

ایکسکیوز می گائیز۔۔اگلے ہی لمحے وہ پلٹی اور سب کو مخاطب کیا

یہ آدمی مجھے ہراس کر رہا ہے۔۔۔۔وہ یہ سب کیا کہہ رہی تھی خود بھی نہیں
جانتی تھی۔۔۔درید کا دل جیسے تھما تھا۔

www.kitabibasti.com

یہ ادمی مجھے اندر بیڈ تک لے جانا چاہ رہا ہے۔۔۔اسے اس جگہ نہیں جیل ہونا چاہیے۔۔لوٹیرے کبھی دوسروں کے گھر چوری کرنے گھس اتے ہیں اور کبھی رعب جما کے لڑکیوں کی عزت۔"۔۔وہ ایک ٹرانس کی سی کیفیت میں تھی۔۔۔

اووہ بیبز۔۔۔ڈارلینگ۔۔۔تم میرے پاس آؤ۔وہ یہ کیسے بھول گئی تھی جس جگہ وہ کھڑی ہے وہاں اسے اپنی عزت کا محافظ تو کوئی نہیں ملنے والا تھا۔۔

خبردار جو کوئی اگے بڑھا تو۔۔۔وہ جو ابھی تک دانین رویے پہ حیران تھا ۔۔۔سب کو خونخوار نظروں سے دیکھا۔۔۔دور بیٹھا ایک شخص درید درانی کی بے بسی پہ مسکرایا تھا۔

www.kitabibasti.com

آی۔۔۔آپی۔یہ وہ جگہ نہیں ہے۔۔۔ہم نے کولین موپا کیفے میں جانا تھا یہ تو بار ہے۔۔۔۔جانے کہاں سے رانیہ نازل ہوئی تھی۔۔اس کے تو وہم و گماں میں بھی نہیں تھا یہاں چل کیا رہا ہے۔۔۔

چلیں یہاں سے۔۔۔سرد لہجے میں کہتے ڈی ڈی نے دانین کا بازو تھاما ۔۔۔۔وہ گھسیٹتے ہوے اس کے ساتھ باہر تک ائی تھی۔۔۔

یہ تماشا اپ کو بہت مہنگا پڑے گا دانین۔"۔سرخ ہوتی انکھوں سے اس" نے اپنی انکھوں میں ائی نمی کو اندر دھکیلا۔۔۔

یہاں آتے مجھے ایک سال ہو گیا ہے لیکن کبھی کسی نے میرے بارے میں یا میرے لیے ایسے الفاظ نہیں کہے۔۔۔حتیٰ کہ لڑکیوں میں بھی ہمت نہیں ہے کہ میرے قریب آئیں۔اور اپ نے چند سیکینڈ میں۔۔

www.kitabibasti.com

ن۔۔ نہیں۔۔۔مجھے نہیں پتا تھیف۔۔۔م۔۔ل نہیں۔۔وہ پریشان تھی۔۔ نفی میں سر ہلاتے وہ پیچھے ہوئی۔۔میں ایسا کچھ نہیں کہنا چاہتی تھی ۔۔وہ میں نے نہیان بولا۔۔ا۔۔ کوئی اور تھا جیسے۔۔میرے اندر ایا۔۔وہ پریشانی سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔ایک لمحے کے لیے درید کو اس کی حالت پہ ترس سا آیا۔۔اگر ایسا تھا تو پھر کیا تھا جو اس کی نظریں نہیں دیکھ پائیں۔۔۔کیا دانین نے شراب پی تھی

اب میں اس سے اپنے طریقے سے ملاقات کروں گا اما...,""". فہام نے" ماں کو دیکھتے کہا...

www.kitabibasti.com

بیٹادھیان سے انسانی لوگ بہت خوف کھاتے ہیں ہم جیسوں سے۔"..وہ

...اپنے بیٹے کو سمجھا رہی تھیں

اما...اپ فکر نا کریں وہ لڑکی کبھی مجھے اگنور نہی کرے گی ایسے اس کے دل

"....میں گھر کروں گا..".اورا گرنا کر سکا تو میرے پاس اور طریقے بھی ہیں

!..لیکن بیٹا

""...اما...."بس اپ دعا کریں

ان دنوں کی باتیں کوئی اور بھی سن رہا تھا...جوان کو ان کے مقصد میں

کامیابی کی طرف جانے سے روکنے کی پلیننگ کر چکا تھا

!!وہ میں نہیں تھی۔۔مین 5 ایسے کیسے اتنا۔۔

www.kitabibasti.com

!!جب سے آئی تھی بس یہ ہی سوچے جا رہی تھی۔۔

اور وہ چور۔۔۔میرے بارے میں کیا سوچتا ہو گا۔۔ایسا کیوں ہو رہا ہے میرے ساتھ اللہ جی،،پہلے وہ ذوالقرنین بھائی والا اور اب یہ جیسے مجھے کسی نے !!ہیپنوٹائز کر دیا تھا۔۔

مجھے ان کو کال کر کے بتانا چاہیے،،

لیکن مجھے کیوں ہونے لگی فکر،اسے تو پرواہ ہی نہیں کرنی چاہیے تھی،،،!پھر !!وہ کیوں چاہ رہی تھی کہ وہ شخص اس کے بارے میں برا نا سوچے۔۔

!!ٹوں ٹوں،،ٹوں ٹوں۔۔۔

ابھی وہ سوچ ہی رہی تھی جب اس کا سیل بجا،،،

" !!اسلام علیکم بابا۔۔ "

www.kitabibasti.com

نمبر دیکھے بنا کال پک کی اسے لگا بابا کی ہو گی۔۔

"!!میں درید بات کر رہا ہوں۔۔ "

درید جو اپنے رویے پہ شرمندہ تھا۔۔کب سے اکیلے بیٹھے ہمت جمع کر رہا تھا کہ دانین سے معزرت کر سکے۔۔اسے کہے کہ وہ اس کے بارے میں غلط نا سوچے۔۔!!

س۔۔!!سوری۔۔!!مسٹر تھیف،،مجھے نہیں پتہ۔۔!!پتا کیسے کہا وہ"

" !!مجھے لگا جیسے میرے اندر کوئی اور بول رہا ہے۔۔

سلام کا جواب دینے کی بجائے اس نے سوری کہہ دیا۔۔وہ بہت پریشان تھی

"""

ایک وجہ اگر تھیف بھائی کو بتا دیتا تو کیا سوچتے کہ میں بار میں کیا کرنے گئی تھی دوسرا ان کے ساتھ جو بد تمیزی کی وہ اب۔۔ !!

www.kitabibasti.com

" !!اٹس اوکے۔۔!!! میں بھی معذرت کرنا چاہتا ہوں۔۔ "

!اس کی اوآز پہ جانے کیوں اج دانین کا دل دھڑک رہا تھا۔۔

اسے وہ منظر یاد ایا جب اس نے اسے کمرے کی کھڑکی سے اشارہ کرتے پوچھا تھا۔۔

" کیا کرنے آئے ہو۔۔؟؟ "

" سب ٹھیک ہے۔۔!؟؟ "

جانے کیوں درید کو لگا وہ ٹھیک نہیں ہے۔۔

ن۔۔!!! نہیں۔۔ سامنے،،، وہ جو ماما،،، "

" !!آپ۔۔۔۔نہ،،، میری ماما۔۔

" کیا کہہ رہی ہو نین۔۔!! کیا ہوا ہے۔۔؟؟؟ "

www.kitabibasti.com

!!ڈی ڈی پریشانی سے اٹھا تھا پھر کی چین اٹھاتے باہر کی طرف بھاگا۔۔

" !!!!ماما۔۔۔!!!!ماما۔۔،،چاچی ماما کو دیکھیں۔۔ "

وہ چیخ رہی تھی لیکن سامنے صوفے پہ بیٹھا وجود قہقہے لگا کے ہنس رہا تھا اور

دانین اس کے پاؤں دیکھ کے دنیا و مافیہا سے بیگانہ ہوتے بے ہوش ہو چکی تھی

۔۔!!!

____

وہ ریش ڈرائیورینگ کرتے زوہیب ہاوس پہنچا تھا... سید ھا دانین کے کمرے

...میں آتے اس نے دروازہ بند کیا شکر ہے سامنے کوی نہیں تھا جو اسے دیکھتا

..دانین ابھی تک بے ہوش پڑی تھی

www.kitabibasti.com

دانین...اٹھو..."وہ بے سدھ سی زمین پہ پڑی تھی جلدی سے اٹھا کے بیڈ"
پہ ڈالا

....نی.. نین اٹھو.. کیا ہوا ہے "وہ اس کے گال تھپتھپا رہا تھا "

پانی..."پھر ادھر ادھر دیکھتے اس نے دانین کو بھی ساتھ سنبھالا۔ کہیں "
نظر نہیں آیا تو جلدی سے واش روم سے ہاتھوں کے پیلاے میں پانی بھر کے
...لایا اور دانین کے چہرے پہ چھڑکا

دانین تم ٹھیک ہو..."اسے آنکھیں جھپکتے دیکھ کے پوچھا۔وہ ابھی ہوش "
...میں آ رہی تھی

...ہمم...آپ یہاں..."اسے کچھ یاد نہیں تھا کیا ہوا ہے "

آ..پ.....آپ "وہ اگلے ہی لمحے ڈی ڈی سے الگ ہوئی...جو اس کے "
... گرد حصار بنائے ہوئے تھا

www.kitabibasti.com

..کیا ہوا تھا اپ کو اپ بے ہوش..."وہ اس کی حیران شکل دیکھ رہا تھا "

مجھے...میں تو نہیں ہوئی....آپ یہاں سے جائیں...کوئی آیا تو آپ کو "

...ماریں گے جائیں...."وہ حواس باختہ ہوئی

"....اوکے میں چلا جاتا ہوں لیکن پلیز اپنا خیال رکھانا "

ہاں..جی میں رکھ لوں گی...آپ بس جائیں..."ٹھیک ہے وہ دروازے "

سے باہر نکل گیا۔اسے اندازہ ہو رہا تھا کہ یہ سب کون کر رہا ہے اور نین کے

....ساتھ ہو کیا رہا ہے

ـــــــــ،ــــــــــــــــــ،ــــــ،ـــ،ـــ،ــــــــــــــــ،ــــــ،ـــ

اسلام علیم. طلحہ....مجھے ملنا ہے تم سے..."کال اٹینڈ ہوتے ہی درید نے "

سپاٹ لہجے میں کہا کہا

www.kitabibasti.com

" وعلیکم السلام بھائی...جی جی میں آجاوں گا شام تک۔۔۔۔۔ "

...ابھی ملنا ہے...." جانے کیوں وہ چاہتا تھا کہ آج ہی سب کر لے "

...اوکے بھائی ٹھیک ہے...."اس نے ہامی بھر لی "

....دانین کو بھی ساتھ لے کے انا..وہ اصل بات پہ آیا

... کیا مطلب...اس کا کیا کام..."اب وہ ٹھٹھکا تھا "

" ...یہاں پہ آئو گے تو بتاوں گا... لیکن...اسے ساتھ لے کے ہی آنا "

" جی ٹھیک ہے "

" ....اوکے شام میں ملتے ہیں "

کال کاٹ کے اس نے سمع سے بات کی تھی فون پہ..اور اسے منانے مین بھی

...کامیاب ہو گیا تھا

www.kitabibasti.com

...بہت جلد دانین درید درانی ڈی ڈی بنے والی ہے

وہ پیچھے ٹیک لگاتے دل سے مسکرایا تھا

اسی دن شام کو پھر وہ تینو لاہور سے اسلام آباد کے لیے لینڈ کر چکے تھے

ـــــــــــــــ،ـــــــــــــــــــ،ـــــ،ـــ،ـــ،ـــــــــــــــــ،ـــ،ـ،

زولجان....مجھے شادی کرنی ہے..."فہام آج کتنے دن بعد گھر ایا تھا تھکا "

تھاکا سا..ایک کیس مشکل سے سولو ہو رہا تھا اور دوسرا دانین کی حالت...

فہام جس کا نام اپنی دلجان کے لیے فہام تھا اور باقی دنیا میں اس کی پہچان ڈی ڈی سے ہوتی تھی..

درید اسے کچھ قریبی لوگ ہی کہتے تھے جن میں اس کے دوست احباب شامل تھے... فہام سے وہ درید درانی اور پھر ڈی ڈی کیسے بنا یہ ایک سخت تجربہ تھا

www.kitabibasti.com

اس کی زندگی کا جس میں اس نے بہت کچھ کھویا تھا... سر فہرت اپنے باپ اور بہن بھائیوں کو....

" میں تو کب سے کہہ رہی ہوں بیٹا تم ہی نہیں مانتے..." وہ لوگ کھانے کیلیے دستر خوان بچھاتے تھے... زولجان کو نہیں پسند تھا ٹیبل پہ بیٹھ کے کھانا...

" اب میں کہہ رہا ہوں تو پھر جلدی کریں نا...." وہ بے چین تھا

" اچھا کون سی لڑکی میرے بیٹے کو پسند آئی میں ابھی جانے لیے تیار ہوں...." ان کی آنکھوں میں محبت ہی محبت تھی....ان کے بیٹے نے کیا کیا مشکلات نہیں سہی تھیں..

" ہم کل جائیں گے ان کے گھر پھر... لیکن زولجان آپ کو سنبھلنا ہے... لڑکی کی حالت ٹھیک نہیں ہے مطلب دانین کے ساتھ کچھ مسئلہ ہے... بس آپ کو احتیاط سے بات کرنی ہے..."

www.kitabibasti.com

....اوکے بیٹا..ابھی تو کھانا کھاو.."انہوں نے کھانا کھانا شروع کر دیا تھا "

ـــ

ماما...ماما...."رات کا اخری پہر تھا جب کسی احساس کے تحت اس کی انکھ "
کھلی...

" ....بابا....وہ مجھے مار دے گا "

ماما...."وہ چیخ رہی تھی...لیکن اس کے حلق سے اس کی اواز نہیں نکل "
....رہی تھی

" ماما "

اس نے پائوں زمین پہ رکھے...نیچے کانچ ہی کانچ تھے ٹوٹے گلاسیز کے..کچھ
سرخ رنگ کا گرا تھا..اس نے نیچے ہو کے دیکھا....اس کے پاوں سے لگتے

www.kitabibasti.com

پاوں کو سرخ کر گیا.. در حقیقت وہ خون تھا جو اس کے پاوں سے نکل رہا تھا... لیکن اسے درد کیوں نہیں ہوا

جلدی سے دروازاہ کھولتے باہر نکلی... عجیب دھواں سارے گھر میں پھیلا بدبو پیدا کر رہا تھا... دوڑتے ہوے ماما کے کمرے میں آئی.. دروازاہ بجایا لیکن دروازا بجنے کی اوآز بھی نہیں سنائی دی تھی اسے...

بابا.. "ہینڈل زور سے گھماتے اس نے دروازے کو دھکا لگایا جو ایک ہی " جھٹکے میں ٹوٹ گیا... ابھی اس نے پہلا قدم رکھا ہی تھا کہ وہ گہری کھائی میں گرتی چلی گئ....

کھائ سے گرتے وہ ایک عجیب جگہ رکی تھی... جو حقیقت میں ایک بہت خوبصورت جگہ پہ تھی... یا وہ خواب دیکھ رہی تھی... اس کی آنکھوں کے

www.kitabibasti.com

سامنے ایک محل تھا جس کے بڑے بڑے ستون جیسے اکڑ کے اپنی اونچائی کو بیان کر رہے ہوں....

اس محل کے بلکل پیچھے دائیں جانب ایک پہاڑ تھا اور اس پہاڑ سے ایک چشمہ پھوٹ رہا تھا جو زرا سے فاصلے پہ بنی جھیل میں گرتا... جھیل میں کنول کے پھول.... لیکن ان کا رنگ...ہاں رنگ سیاہ تھا....آس پاس اور بھی بہت سے رنگ برنگے پھول تھے...پانی جیسے چمکتے ہوئے ستارے کی ماند اب شار سے روشنی پیدا کر رہا تھا...

اتنا حسین منظر کے وہ بس دیکھتی رہے....وہ اکیلی تھی آس پاس کوئی بھی نہیں تھا...اسے نہیں یاد تھا یہاں وہ آئی کیسے ہے....ابھی وہ حیرانی سے وہ سب دیکھ رہی تھی جب کسی نے اسے کندھے سے ہلایا....

www.kitabibasti.com

وہ ہلکا سا چونکی اور پیچھے مڑی... جوں ہی پیچھے مڑی اس کے کپڑے چینج ہو

کے ایک نیلے آسمانی رنگ کے فرشی فراق میں تبدیل ہوے... اور سر پہ

ایک تاج آ لگا..... لیکن اسے اپنا ہوش کہاں تھا.... اس کے سامنے شہزادہ

کھڑا تھا.... وہ شاید اسی محل کا تھا ایک لمحے میں اس نے پیچھ مڑ کے محل کو

دیکھا اور پھر اس شہزادے کو....

" اخر تم آہی گئی مجھ سے ملنے...." ڈی ڈی نے اپنا ہاتھ اس کے گال سے ہلکا

سا مس کیا....

" م... میں آپ کو نہیں جانتی..." اس کے چھونے پہ وہ پیچھے ہوتے

گھبرائی....

" جان جاوگی.... کہ میں تمہارا ہوں اور تم میری... اور بہت جلد تمہیں

میں اپنی اس حسین دنیا میں لے آئوں گا...."

www.kitabibasti.com

"....پر.... کیوں م..میں یہاں کیسے...."اسے یقین نہیں آرہا تھا اب تک

میں تم سے محبت کرتا ہوں...."درید نے رخ بدلتے اس سے ذرا سا" فاصلہ بنایا...وہ نہیں چاہتا تھا کے اگر وہ انکار کر دے تو اس کے چہرے کو دیکھتے بت بن کر کہ وہ اپنی بات کو بھول جاے گا....

میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں اپنی زندگی اور اپنی اس دنیا میں لانا چاہتا" ہوں....ہاں سب کہتے ہیں چاند تارے توڑ کے لانے کا..پر....میں تمہیں ان چاند تاروں کا سفر کروا دوں گا.... تمہاری جھولی میں خوشیوں کے چاند سجا دوں گا.... تمہاری آنکھوں میں میری محبت کے ستارے چمکیں گے اگر تم میری ہو جاو...."وہ اب بھی اس کی طرف نہیں دیکھ رہا تھا...

نین جو اتنے خوبصورت سے اظہار میں کھوئی تھی....بے خودی میں ہاں کر بیٹھی...اور جود دوسری طرف رخ کیے خود کو حالات کے لیے تیار کر رہا تھا

www.kitabibasti.com

ایک دم سے مڑا...اور دانین کو اپنے بازوں میں بھرتے گھومنے لگا....وہ

اس کی زندگی...اس کی دنیا میں آنے کے لیے تیار تھی.....یہ سب سچ تھا

....

"ماما یہ آنٹی کون تھیں.."وہ ابھی اٹھ کے آئی تھی۔۔۔۔رات کو اس کے

ساتھ کیا ہوا تھا اسے کچھ یاد نہیں تھا۔۔۔۔۔

درید کی مدر تھیں اسے دیکھتے کہا جو سست سی صوفہ سے ٹیک لگا چکی

تھی۔۔۔۔

"تھیف کی مدر کیا کرنے آئیں تھیں..."وہ چونکی

...کیا کہا....امبرین کو اس کا تھیف کہا سمجھ نہیں آیا تھا

"...وہ میرا مطلب ہے کہ درید بھائی کی ماما یہاں کس لیے آئی تھیں"

www.kitabibasti.com

"..کچھ نہیں تم ناشتہ کرلو پھر برتن دھو دینا..."اسے گھورتے بات بدلی

"نہیں میرا بلکل بھی دل نہیں ہے..."دوبارہ پیچھے ٹیک لگاتے آنکھیں
...موندیں

"اے ے بی بی...یہ چونچلے اپنے سسرال میں جاکے کرنا...اٹھ کے
...ناشتہ کرو نہیں تو جاکے برتن دھو"

...غصے سے اسے وہاں سے اٹھایا

"ہاں تو میں نے کون سا برتن دھونے سے انکار کیا ہے ماما بس ناشتہ نہیں
کرانا...لوگوں کی اماں ان کے اتنے لاڈ اٹھاتی ہیں ایک میری ماما ہیں جو ساری
دشمنی میرے سے کرتی ہیں اور پھر عزت بھی نہیں دیتیں..."منہ میں
...بڑبڑاتے کچن میں آگئی

www.kitabibasti.com

پہلے ناشتہ کیا پھر برتن دھوے یہ سب کرتے اسے ایک گھنٹہ لگ گیا...

جلدی سے کچن الم بلم کر کے صاف کیا بکھری چیزیں شیلف میں چھپادیں کہ

...سامنے سے سب سمٹا ہوا لگے ڈیڑھ گھنٹے بعد دانین جی کچن سے نکلیں

" ماما....اب بس.....کام والی نا آئے تو دانین کو ماسی بنادیا کریں...اپ

میری شادی کردیں...مجھے نہیں رہنا یہاں..."منہ پھاڑ کے کہتے وہ کمرے

میں بھاگ گئی جانتی تھی ماما کے فلائنگ چپل نے اس کا کمرے کے دروازے

تک پیچھا کرنا ہے...اور ایسا ہی ہوا جو نہی دروازہ بن ہوا چپل ٹھک سے

دروازے سے ٹکراتے زمین بوس ہوا

" بے شرم نا ہو تو...اب تو پہلی فرصت میں شادی کروں گی تمہاری...پتا

چلے تمہیں کام کیا ہوتے ہیں..."

وہ بڑبڑاتی ہوئیں کمرے میں جا کر لیٹ گئیں۔۔۔

www.kitabibasti.com

‘۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔‘۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

‘۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سنیں۔۔۔"انبرین کمرے میں داخل ہویں۔۔سب بچوں کو بمشکل ہی وہ "
ٹی وی لائونج سے اٹھا کے اندر بھیج کے آئی تھیں

کہیے بیگم صاحبہ۔۔۔"وہ جو سونے کے لئے لیٹ رہے تھے سیدھے "
ہو کر بیٹھ گئے۔۔۔

آج زولجان خاتون آئی تھیں۔۔"ان کے قریب آتے آواز دھیمی کی۔۔۔ "
خیرت۔۔"انہیں حیرانگی ہوئی کیونکہ یہاں بہت یاتی تھی کسی موقع پر یا "
ضروری کام ہو تب ہی

ان کی باتوں سے تو یہ ہی لگ رہا تھا کہ وہ ہماری دانین کا ہاتھ مانگنے کا ارادہ "
...رکھتی ہیں۔۔۔اب پتا نہیں ایسا کچھ ہے یا..."بات ادھوری چھوڑی

www.kitabibasti.com

اچھی بات ہے یہ تو۔۔دریدبھی دیکھا بھالا ہے"

اور رہتے بھی قریب ہی ہیں...مجھے تو خوشی ہو گی اگر ایسا ہو جاے...."وہ واقع ایک دم ریلیکس ہوے تھے۔۔۔

بات تو ٹھیک ہے آپ کی لیکن۔۔۔وہ...."ابھی ہچکچا رہی تھیں یا شاید انہیں درید پسند نہیں تھا...ہم لوگ ان کی آگے پیچھے کی فیملی کو کہاں جانتے ہیں...

چلو دیکھتے ہیں ابھی انہوں نے فائنل کہا تو نہیں ہے نا۔۔۔"وہ سیدھے ہو کے لیٹ گے۔۔

اگر کہیں گے تھے یہ سب بھی پتا کروالیں..ہماری ایک ہی بیٹی ہے ایسے ہی کسی جانچ پڑتال کے بنا کسی کے حوالے تو نہیں کرنا نا۔۔۔۔"بیوی کو تسلی دی جنہیں شاید ابھی سے ٹینشن لگ گئی تھی۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

"...اللہ ہماری بیٹی کے نصیب اچھے کرے۔۔۔آمین "

" .... چلو اب سو جاو...اور لائٹ بھی بند کردو "

جی..."امبرین بھی سونے کے لیے لیٹ گیں "

شکر ہے کسی کو تو میری شادی کا خیال آیا۔۔۔"جب سے دانین نے سنا تھا" خوشی سے بس چہکے جا رہی تھی۔۔۔

دیکھو یار اصولی طور پر تو سمع بھائی کی شادی پہلے ہونی چاہیے۔۔ پھر ترتیب " سے سب کی لیکن دیکھو۔۔۔اس باندری کی ہو رہی ہے۔۔۔"عاصم نے اس ...کا مزاق اڑایا۔۔۔وہ سب لان میں بیٹھے چائے انجوائے کر رہے تھے

www.kitabibasti.com

"اچھا۔۔ اور تم لوگ جلومت یہ سب میری دعائیں قبول ہوئی ہیں بس۔۔۔
بہن کو خوشی خوشی رخصت کرو" ان کو گھورتے دانین نے کہا۔۔۔

"دانین کوئی نہیں جانتا تھا اس کی شادی کس سے ہو رہی ہے؟؟"

"جاؤ جاؤ بہن سدا سہاگن رہو لیکن ادھر واپس مت آنا او کے۔۔۔"

زولقرنین نے دعا دی۔۔۔

"بھائی ویسے آپ لوگوں کی میں ایک ہی بہن ہوں تو آپ لوگوں کو اپنی
ساری خواہشات پوری کر لینی چاہئیں...."

"نا مطلب کس قسم کی خواہشات۔۔۔" طلحہ جو موبائل پہ لگا تھا نظر اٹھا کے
بہن کو دیکھا۔۔

www.kitabibasti.com

یہ ہی ڈانس وغیرہ۔۔" مسکراہٹ جیسے اس کے ہونٹوں سے چپک گی "
تھی۔۔۔

وہ تو کریں گے۔۔۔ تمہارے جانے کی خوشی میں" قاسم نے ناک سے مکھ "
...اڑای.. مطلب کوی ڈھنگ کی بات کرو

... کیاااا.... مطلب.. "وہ ایک دم سے روہانسی ہوئ "

کیسے بھائی ہو تم لوگ۔۔۔ بہن کے جانے سے خوش ہو رہے اور وہ بھی "
ایک ہی بہن... جو آپ لوگوں کے سارے کام کرتی ہے ماما سے ڈانٹ کھاتی
ہے آپ لوگوں کی وجہ سے میں کتنی اداس ہوں۔۔۔" منہ بسورتے ان
سب کو سنائی۔۔

بس بس ہمیں پتا کتنی اداسی ہو رہی..."اس کی مسکراتی انکھوں کی طرف "
....اشارہ کرتے قاسم نے گھورا

www.kitabibasti.com

ایک دفع نکل جاوں ادھر سے واپس کبھی نہیں آؤ نگی۔ہونہہ "دھمکی "
...دیتے سب کو دیکھا

مر جاؤں چاہے سسرال والے ظلم کر کر کے مار دیں جلادیں گاڑی کے
" ...نیچے

چپ چپ بس کرو... شروع ہی ہو گی تم تواب ہم لوگ اس کے ساتھ "
...مزاق بھی نہیں کر سکتے۔۔۔"ذوالقرنین نے اسے چپ کروایا

"آپ لوگ مزاق کر نہیں اڑا رہے ہو۔۔۔۔۔ "

مجھے تو کہیں اڑتا ہوا نظر نہیں آرہا۔۔" حازق جو ابھی آیا تھا اپنا حصہ "
ملایا۔۔۔

بھائیوں کی فوج ہے پر مجال ہے بہن تحفظ محسوس۔کرے ان کی کمپنی میں "
"الٹاڈر رہی لگا رہتا ہے۔۔ کہ

www.kitabibasti.com

"...واہ یہ اچھی بات کہی آپ نے۔۔۔"عاصم نے تالی بجای

حازق اب ان کے ساتھ آ کے بیٹھ گیا تھا۔۔۔

"کرو کرو شاباش جو کرنا ہے کرو لیکن جب میری شادی ہو گی اور چلی جاوں گی تو رونا نہیں...۔"

"نہیں روتے فکر نا کرو۔۔۔"قاسم ابھی بھی باز نہیں آ رہا تھا۔۔۔

"سوچ لو آگر روئے نا تو اپنے ان سے مار پر واؤں گی"

"وااا ہم تو ڈر گے۔۔۔۔"سب ہنسے تھے۔۔۔وہاں بیٹھے کتنی دیر وہ لوگ باتیں کرتے رہے ...

---

www.kitabibasti.com

"تمہارا کیا خیال ہے فہام۔۔۔ کہ میں اتنی اسانی سے دانین کو تمہارا ہونے

دوں گا۔۔۔" افگن اس کے سامنے بیٹھا تھا وہ جو لیپ ٹاپ پہ کیس کے

حوالے سے سرچ کر رہا تھا اس کے انے سے بدمزاہ ہوا۔۔۔۔

"جو مرضی۔ کرو جا آؤ فلحال میرا دماغ نا کھاؤ۔۔۔ "

...وہ اس کے اچانک سامنے آجانے سے غصہ ہوا

" تمہیں یاد نہیں ہے اج سے دس سال پہلے کیسے میں نے شکست دی تھی

۔۔۔آج پھر وہ وقت آیا ہے فہام.....۔ "

فہام کو خاموش دیکھ کے افگن ایک دفع پھر بھڑکا۔۔۔۔

"تم نے جو کرنا ہے کرلو۔۔۔ پھر جو میں کروں گا اس کے زمیدار تم خود ہی

ہو گے۔۔۔ ہر دفع فہام نہیں ہارے گا یاد رکھنا اور ہاں..." اس کی بک بک

...سے تنگ آتے فہام نے لیپ ٹاپ بند کیا

www.kitabibasti.com

" اورہاں یادرکھنا اگر تم اس دس فٹ کے فاصلے پر بھی نظر آئے ناتو..
تمہاری نسلوں کا نام و نشان بھی مٹادوں گا..." سرخ ہوتی آنکھوں سے
...اسے وارننگ دی

" تمہیں پتا ہے فہام آج سے دس سال پہلے جب وہ بابا ہم دونوں کو لے گیا
تھا...تو کیسے میں نے خود کو بچایا...اور اس کے بعد ہمارے قبیلے کا سردار
بنا.... تمہارے آنے کے بعد تمہیں کتنا نقصان ہوا یہ تو اچھے سے جانتے
"...ہو

" بلکل افگن... لیکن ہر دفع جیت ایک ہی شخص کی نہیں ہوتی...خود کو مات
کے لیے تیار رکھنا...اس وقت تمہارے سامنے فہام تھا...آج تمہارے
سامنے درید درانی ہے...اور جو طاقت میرے پاس ہے نا...وہ تمہارے پاس
"...نہیں ہے

www.kitabibasti.com

" اسلام علیکم...."آج دوسری دفعہ ڈی ڈی نے دانین کو کال کی تھی...

" وعلیکم السلام..."اس کا دل زور سے دھڑکا وہ جو موی دیکھ رہی تھی لیپ ٹاپ پہ سیدھی ہوئی... پھر سلام کا جواب دے کے وہ رک گئی کہ اگلا خود ہی تعارف کروادے گا...

" جی کون..."جب دو منٹ تک کوئی آواز نا آئی تو اس نے خود ہی پوچھا...

" میں درید بات کر رہا ہوں...."وہ اس وقت شاپنگ مال میں گھوم رہا تھا اور اس کا ارادہ تھا کہ دانین کے برائیڈل ڈریس کا کام آج ہی نبٹا دے بعد میں جانے موقع ملے یا نا ملے...

تھیف۔۔۔مجھے پتا چل گیا تھا آپ ہی ہیں جان بوجھ کے.."بے ساختہ" اس کے منہ سے نکلا... پھر دانتوں تلے زبان دباتے خاموش ہوی

www.kitabibasti.com

جی... تھیف.. کیسی ہیں..."اس کا لفظ دہراتے حال احوال کا مرحلہ پر "
کیا... ہلکی سی مسکراہٹ نے اس کے چہرے کا احاطہ کیا تھا

میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں..."دانین کو ابھی بھی نہیں پتا تھا اس کی "
شادی کس سے ہو رہی ہے... ہاں بس ایک دفع طلحہ سے ڈی ڈی کا نام سنا تا
...اب یہ کہین پتا کہ وہ ڈی ڈی کون ہے

...اچھا... تو یہ بتائیں...."وہ رکا "

آپ بتائیں آپ کو کون سا کلر اچھا لگتا ہے....."وہ ساتھ مال میں لٹکے "
....ملبوسات بھی دیکھ رہا تھا

پرپل... ویسے آپ کیوں پوچھ رہے..."جانے کیوں اس سے بات "
... کرتے ہوئے دانین کو اچھا لگ رہا تھا

www.kitabibasti.com

کیونکہ میں اس وقت...." وہ کچھ سوچتے رکا...بس ویسے ہی سوچا کے "

اپ سے کچھ باتیں کرلوں اپ کے بارے میں جان لوں....اس نے بات

بدل دی۔۔۔

...ہووں... سہی...."ناخنوں کو دیکھتے دانین نے کہا "

...ویسے آپ کو میرا نمبر کہا سے ملا..."کچھ سوچتے فوراً پوچھا "

نمبر ڈھونڈھنا کونسا مشکل ہے آج کل...."وہ اڈر دیتے مال سے باہر نکل "

...آیا

اچھا...آپ کو پتا میری شادی ہو رہی ہے..."دانین خود ہی کال کو طویل "

....دے رہی تھی

اچھا.. تو مطلب دانین کو نہیں پتا کہ ان کی شادی مجھ سے ہو رہی ہے.... "

" ....مطلب اگر

www.kitabibasti.com

کیا ہوا خاموش کیوں ہو گے.."دوسری طرف چھای خاموش کی وجہ "

پوچھی...

کچھ نہیں..اچھا مجھے کام ہے بعد میں بات کروں گا۔۔۔۔۔۔۔۔"پھر ڈی "

ڈی نے فون بند کرتے جیب میں ڈالنا....

مطلب ایک ہی دفع سرپرائز ہو گا ان کے لیے..."مسکراتے گاڑی میں "

بیٹھا

‘۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔‘۔۔۔۔۔۔۔۔

‘۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"ایسا کیوں لگ رہا ہے کہ تھیف کو میری شادی سے خوشی نہیں ہوئی...."

جب سے اس کا فون بند ہوا تھا بار بار اس کے ذہن میں یہ ہی سوچ گردش کر

رہی تھی....

www.kitabibasti.com

...مووی بھی نہیں دیکھی گئی بعد مین اس سے

کہیں.... نہیں ایسا نہیں ہو سکتا..."اپنی سوچوں کو لگام دی...وہ کیوں "

...سوچ رہی ہے اس کے بارے میں اب تو اس کی شادی ہونے والی

...دانین..."عاصم اسے آواز دیتے اس کے کمرے کی طرف آرہا تھا "

ہوں..."وہ سیدھی ہو کے بیٹھی...ویسے اس کے بھائوں کی یہ بڑی اچھی "
عادت تھی جو بھی ہو جائے وہ باہر سے ایسے انداز سے اتے کہ اگر دانین الٹی
سیدھی لیٹی ہے تو سہی ہو جاے دوپٹہ سر پہ تو کم ہی لیتی البتہ گلے میں ضرور
.... لٹکا لیتی تھی

ماما کہہ رہی ہیں شاپنگ پہ چلنا تو آجاو..."آتے دائیں بائیں نظریں "
...گھمائیں

www.kitabibasti.com

میں نے نہیں جانا..."صاف انکار کرتے اس نے لیپ ٹاپ اون کیا.. "

...فلحال اس کا کوئی موڈ نہیں تھا

.....اوکے مرضی..."کندھے اچکاتے واپس مڑا "

ویسے ہم لوگ واپسی پہ گول گپے بھی کھائیں گے..."واپس مڑتے اندر "

...جھانکا

اوکے...رکو..."اس کے منہ میں تو فوراً سے پانی آیا تھا گول گپے تو اس کی "

....کمزوری تھے

اوکے جلدی آئو..."دانین عبایا لینے الماری میں گھسی....عاصم مسکرایا "

اس کا پلین کامیاب ہو گیا تھا...وہ سب بھائی شاپنگ پہ جائیں اور ان کہ بہن نا

....ہوا...اب ایسا تو ہو نہیں سکتا تھا

...وہ ابھی گاڑی میں تھا کہ ان کے نمبر سے کال آئی

www.kitabibasti.com

" ... مسٹر ڈی ڈی.... خیریت ہے آج کل... خاموشی"

...اگلا جو بھی تھا اسے جانتا تھا

کیا مطلب ہے تمہارا..."اس کے ذہن سے نکل گیا تھا کہ وہ بھی کسی کیس "

...کے سلسلے میں پھنسا ہوا ہے

...واہ..ڈی ڈی صاحب.... آپ کو تو پتا ہی نہیں ہے شہر میں کیا کیا ہو رہا"

"

" ....اپنی بکواس بند کرو اور مدے پہ آو "

غصہ نہیں کریں.... درانی صاحب... آپ کا غصہ بہت خطرناک ہے... "

" .....مجھے بہت ڈر لگتا ہے

www.kitabibasti.com

ہونہہ اچھا تو یہ جو کرنا چاہ رہے ہو نا اسے ختم کرو اور اپنے آپ کو میرے "

... حوالے کرو...." درید نے گاڑی ایک طرف روکی اور لوکیشن چیک کی

اچھا.... اتنی آسانی سے تو نہیں نا... ایسے پھر تمہارے اثر و رسوخ کا کیسے "

... پتا چلے گا..." وہ اس کے ضبط کو آزما رہا تھا

کون ہو تم...." لوکیشن اس کے آفس کی آ رہی تھی.. وہ تذبذب کا شکار "

... ہوا... پھر اگلے پانچ منٹ میں آفس کے باہر تھا

... ٹوں ٹوں ٹوں۔.." کال بند "

.. اندر داخل ہوتے سب پہ نظر دوڑائی سب کاموں میں مصروف تھے

... سامنے وہ نیو کمپیوٹر آپریٹر بھی کام کر رہی تھی

www.kitabibasti.com

السلام وعلیکم......"وہ ابھی اپنے آفس کا دروازہ کھول کے اندر داخل ہوا "

... تھا کہ سامنے بیٹھے شاہد نے کھڑے ہوتے اسے سلام کیا

" میں بس ابھی ابھی... تمہارے سامنے آرہا ہوں "

اچھا اچھا...مجھے تو نہیں پتا تھا.."شاہد خود کو ریلیکس کرتے سیدھا ہو کے "

....بیٹھ گیا

ایک بات نوٹ کی...."مزاق کو اگنور کرتے ڈی ڈی سیدھی بات پہ "

...آیا

" ....کیا چیز "

www.kitabibasti.com

"یہ ہی کے ہم لوگوں کا پلین فیل ہوا ہے...وہ لوگ طلحہ کی بجاے کسی اور انجینئرز کو لے گئے...اب ہمارے لیے مشکلات ہیں...ہم لوگ ان تک کیسے پہنچیں گے...کچھ سمجھ نہیں آرہا..."درید جانچتی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا...پھر اپنی چیئر پہ آ کے بیٹھا...

"اچ...اچھا...مجھے تو یقین تھا کہ اب کی بار ویسا نہیں ہو گا جیسا ہم نے سوچا ہے..."شاہد نے آگے پیچھے دیکھتے کہا..

"مجھے بھی...اسی لیے میرا پلین بی کامیاب ہو گیا...."اب ڈی ڈی نے پیچھے ٹیک لگائی...

"ک..کون سا بی پلین تم نے اس بارے میں مجھے تو کچھ نہیں بتایا..."وہ دبے دبے انداز میں غصہ ہوا...

www.kitabibasti.com

یار اب کچھ باتیں اپنے تک رکھنی چاہیں... کسی ایک کو بھی بتا دو نا تو نقصان "
...اٹھانا پڑ جاتا ہے...."درید موبائل پہ کچھ دیکھنے لگا

واہ...واہ کمال ہے مسٹر ڈی ڈی...آپ مجھ پہ شک کر رہے ہیں..."وہ "
...غصے سے اٹھ کھڑا ہوا

آہاں...میں نے آپ سے کچھ نہیں کہا... لیکن مجھے چور کی داڑھی میں تنکا "
" ...والا حساب ضرور لگ رہا ہے شاہد

ٹھیک ہے....جو تمہیں کہنا ہے کہہ لو....میں تمہارے خلاف رپورٹ "
کروں گا.."وہ شاید پکڑے جانے کے خوف میں کچھ زیادہ ہی ریئکٹ کر رہا
...تھا

www.kitabibasti.com

"اچھا... کروالو.. لیکن یاد رکھنا اگر ان سب میں تمہارا ہاتھ نکلا تو زیادہ بری طرح پھنسو گے... اور اب جاو.. کام کرنا ہے مجھے...." بات ختم کرتے لیپ ٹاپ اون کیا...

" ٹھیک ہے... تم جیسے دوست ہوں تو سانپوں کی ضرورت ہی نہیں ہوتی... "

" ہاں میرا ابھی تمہارے بارے میں یہ ہی خیال ہے..." مسکراتے اسے دیکھا.. شاہد غصے سے دانت پیستے باہر نکل گیا

"آج میری مہندی ہے آپ نہیں آئیں گے۔۔۔"ہاتھوں پہ مہندی لگائے وہ اس وقت ڈی ڈی سے فون پہ بات کر رہی تھی۔۔۔

www.kitabibasti.com

"آپ نے بلایا کب جو آتا میں۔۔۔" وہ اپنے گھر ہی تھا اس کی طرف بھی مہندی کا فنگشن چل رہا تھا۔۔۔ مہندی الگ الگ ہی رکھی تھی۔۔۔۔

"میری بھی شادی ہو رہی ہے۔۔" کچھ دیر کی خاموشی کے بعد درید نے اسے بتایا۔۔۔

"کیااااا۔۔آ۔۔آپ کی شادی آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں۔۔۔" دل کے اندر جیسے کچھ ٹوٹا تھا...

"اگر بتا دیتا تو کیا ہوتا۔۔۔کون سا آپ مجھ سے شادی کر لیتیں۔۔۔" پتا نہیں وہ کیا جاننا چاہ رہا تھا۔۔۔یا شاید اس کے دل میں بھی چاہ تھی کہ جو وہ دانین کے لیے محسوس کرتا ہے وہ دانین بھی اس کے لیے فیل کرے۔۔

"میں نے ایسا تو کچھ نہیں کہا اب۔۔۔" وہ سنبھلی

" پھر بتانے یا نا بتانے سے کچھ ہونا نہیں تھا تو فائدہ "

www.kitabibasti.com

اہو وو ایسے آپ کی شادی میں میں بھی موجود ہوتی مما سے کہتی میری "
شادی کچھ دن بعد یا پہلے رکھ لیں اور میں آپ کی شادی میں آجاتی۔۔۔"
اسے بچوں کی طرح سمجھایا۔۔۔دوسری طرف درید اس کے انداز پہ مسکرایا
تھا۔۔۔

" ویسے آپ نے کبھی سوچا اگر آپ کو مجھ سے محبت "
ن۔۔۔ نہی ایسا کیوں ہو گا۔۔۔۔ میں آپ سے کبھی محبت نہیں کر سکتی "
۔۔۔"اس نے کہہ کے جلدی سے کال بند کر دی۔۔۔ کہیں وہ اس گھبراہٹ
محسوس نا کرلے۔۔۔

..میں کچھ محسوا نہیں کرتی آپ کے لیے..."دل میں سوچتے باہر چلی آی"
.باہر مہندی کا فنگش زور و شور سے چل رہا تھا۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

عاصم لڑکی بن کے دانین کا کریکٹر پلے کر رہا تھااور شرماتا ہوا بہت کیوٹ بھی

...لگ رہا تھا.. سب اس کی حرکتیں دیکھے ہنس رہے تھے

...سٹائل سے ہاتھ اور پاؤں ہلاتے سامنے آیا

...سونگ پلے ہوا

...نئی جانڑا نئی جانڑانی مائیں میں ایدے نال نئی جانڑا

...نئی جانڑا نئی جانڑانی مائیں میں ایدے نال نئی جانڑا

...پہلی پہلی وار دیور لیسنڑ آگیا.. یہاں ذوالقرنین دیور بن کے آیا تھا

...پہلی پہلی وار دیور لیسنڑ آگیا

دیور دے نال جاندی اے بلا... کنڈ چکیا نا جاے.. مونہوں بولیا نا جاے.

....کنڈا کھولیا نا جاے

www.kitabibasti.com

...وہ سہی اسے پکڑ کے جھاڑ رہا تھا

..دیور تے دل دا چور وے... نئ جانڑا.. نئ جانڑا

... نئ جانڑا نئ جانڑانی مائیں میں ایدے نال نئ جانڑا

... نئ جانڑا نئ جانڑانی مائیں میں ایدے نال نئ جانڑا

دوجی دوجی وار جیٹھ لیئنڑ آگیا...اب حازق آیا تھا

..او..دوجی دوجی وار جیٹھ لیئنڑا گیا

جیٹھ دے نال میری جاندی اے بلا.. کنڈ چکیا نا جاے... مونہہ بولیا نا جاے
......کنڈا کھولیا نا جاے

جیٹھ دا موٹا پیٹ وے.. نئ جانڑا

...پھر اس کو واپس بھیج کے گٹار جنانے کا سٹائل کیا

www.kitabibasti.com

تیجی تیجی وار آپ لینڑ آگیا...اب کی بار سمع بھای آے تھے...وہ بھی

...تھوڑے اکڑوٹائیپ کے تھے..اس کیے انہوں نے ڈی ڈی کارول آدا کیا

...تیجی تیجی وار آپ لینڑا گیا

مائیں نی ادے نال جایاوی جاے مونہوں بولیاوی جاے کنڈا کھولیاوی

...جاے...وہ بمشکل ہی سمع کی باہوں میں زبردا تی گھسا

ٹر جانڑا...ٹر جانڑا..نی مائیں میں ایدے نال ٹر جانٹر....سب نے ان کی

...پرفامس کوانجواے کیا تھا

...ماہیاٹول سپاہیاوے..تیرے نال ٹر جانڑا

...سونگ ختم ہواتووہ ڈانس کرتے کرتے سائڈپہ ہو گیا

"...اب دانین کی باری۔۔۔اپنی پرفامس شروع کرودانین "

www.kitabibasti.com

...دانین مسکراتے سامنے آئی

ہر کہانی کے کچھ چیپٹرز ہوتے ہیں جو مل جائے تو پوری کتاب بنادیتے"

...ہیں

... سہی ہوتے اس نے آپنی فراک کو آٹھا کے دو قدم لیے

اسی طرح میری لائف کے بھی کچھ چیپٹرز ہیں جنھوں نے میری آرڈنری "

لائف کو ایکسٹرا آرڈنری بیٹیفل بنادیا آج میں انہیں چیپٹرز کو آپ کے ساتھ

... شیئر کرنا چاہتی ہوں..."وہ مسکراتے سب کو دیکھ رہی تھی

...ماما بابا..."ان کی طرف دیکھتے مخاطب کیا "

آپ نے آج تک مجھے کئی تحفے دیئے ہیں لیکن سب سے بڑا تحفہ میرے "

... لیے بھائی ہیں میری بڑے بھائی

www.kitabibasti.com

جنہوں نے بچپن سے آج تک مجھے دیا ہے دنیا بھر کا پیار

میری پیاری بہنوں پر ہے میری جان نثار سنبھالے ہیں انہوں نے میرے

سارے کام."

یہاں اس نے رانیہ کی طرف دیکھا جو اس کی دوست کزن اور بہن... سب.

کچھ تھی......

اور ان کی محبت سے کھل اٹھتی ہیں گھر آنگن میں خوشیاں جب گھر میں "

ہوتے ہیں چھ پیارے سے بیٹے..

*وہ رکی... *میری چھوٹی بہن

میری بہن ہی نہیں میری بیسٹ فرینڈ ہے میرے بگڑے ہوئے کام وہ ٹھیک

کرتی ہے اور میں اسکے پتہ نہیں کیسے رہیں گے ایک دوسرے سے اتنے دور

قصہ میرا آدھا ہے حصہ میرا زیادہ ہے"

www.kitabibasti.com

او بہنا میری بہنا

تجھ سا نہ کوئی نہ اپنا

سنگ میرے یونہی رہنا تو

چھوٹی ہے تو کبھی

کبھی مجھ سے ہے بڑی

ماں جیسی تو کبھی دوست میری

...میری پیاری بہنا رانیہ کے لیے

پھولوں کا تاروں کا، سب کا کہنا ہے

ایک ہزاروں میں میری بہنا ہے

ساری عمر ہمیں سنگ رہنا ہے

www.kitabibasti.com

پھولوں کا تاروں کا، سب کا کہنا ہے

ایک ہزاروں میں میری بہنا ہے

...میرے بھائی *پھر وہ بھائیوں کی طرف مڑی*

اگر یہ نہ ہوتے تو کسی پر اپنے حق جتا ہی نہ سکتی اگر یہ نہ ہوتے تو پوری دنیا "

دیکھ نہ سکتی

نہیں ہیں لفظ جن میں بیان کر سکوں انہیں

میرے حصے کی بھی ساری خوشیاں وہ رب دے دے انہیں

چلو بھائی ہوئی اب آپ کی بہن پرائی ہے پر کبھی مت نہ بھولنا ہر رشتے پر بھاری

" بھائی بہن کی یاری ہے

میں جنی واری وی دنیا تے آواں

www.kitabibasti.com

تیرے ورگا یار ہی پاواں

میرا بھائی میرا یار میری جان تو

تیرے پچھوں کسے تو وی لڑ جاواں

بس تو ہی میرا یار بس تو ہی میرا پیار

تیرے اوتوں وار دیواں دنیا ساری

تیری یاری تیری یاری تیری یاری

میری جان سے بھی زیادہ مجھے پیاری

تیری یاری تیری یاری تیری یاری

میرے بابا

www.kitabibasti.com

"آج تک آپ نے میری ہر خواہش پوری کی ہے میں نے جو مانگا ہے آپ نے ہمیشہ دیا ہے اب آخر میں آپ سے ایک چیز مانگنا چاہتی ہوں جب میں شادی کر کے گھر سے جاؤں آپ کی آنکھوں میں آنسو نہیں ہوں بلکہ آپ کے چہرے پر ہمیشہ کی طرح سمائل ہونی چاہیئے "

...وہ ان کے قریب آتے گلے لگی تھی ❤️ I love you dad

نہ کچھ پوچھا نہ کچھ مانگا

تو نے دل سے دیا جو دیا

نہ کچھ بولا نہ کچھ تولا

مسکرا کے دیا جو دیا

تو ہی دھوپ تو ہی چھایاں

www.kitabibasti.com

تو ہی اپنا پرایا

اور کچھ نہ جانو بس یہی میں جانوں

میری ماما* ویسے تو ہر وقت ڈانٹتی ہیں لیکن محبت سب سے زیادہ کرتی* "

"..ہیں اپنی بیٹی سے

لاڈلی ہوں میں ان کی

میری دنیا ان میں بستی ہے

جی لیا سارا بچپن ان کی کہانی میں

آج آئی ہے گھڑی الوداع کرنے کی ڈولی میں

نہ ماننا ماں مجھے پرایا اپنے سے

لگا کر رکھنا میری یادوں کو اپنے سینے سے

www.kitabibasti.com

مائے ہم ملنے چلے

چلے ہم سسرال چلے

تیرے آنگن میں اپنا

بس بچپن چھوڑ چلے

کل بھی سورج نکلے گا

کل بھی پنچھی گائیں گے

سب تجھ کو دکھائی دیں گے

ایک ہم نظر نہ آئیں گے

آنچل میں سجو لینا ہم کو

سپنوں میں بلا لینا ہمکو

www.kitabibasti.com

اب تو ہم ٹھہرے پردیسی

کہ تیرا یہاں کوئی

کہ تیرا یہاں کوئی نہیں

. . . میرے فیوچر ہزبینڈ

لگ رہی ہے زندگی پریوں سی سہانی

پوری ہو رہی ہے میرے سپنوں کی کہانی

مجھے جانا ہے آپ کے ساتھ

چڑھ گیا ہے مجھ پر آپ کے پیار کا خمار

اکھ میری ہس دیوے جدوں تینوں تکداں

تیرے جیسا ہور کوئی ہو نہیں سکدا

www.kitabibasti.com

میرے سجدوں کو ساتھی ایک تیرا ڈر کافی

خدا نہ مینوں کوئی ہور منگدا

نت خیر منگاں سوہنیا میں تیری

دُعا نہ کوئی ہور منگدی

تیرے پیراں اچ اخیر ہووے میری

دُعا نہ کوئی ہور منگدی...

ماما لوگ سب اس کے ساتھ کھڑے تھے...

سب سے الوداع جھکتے اجازت لیتے وہ نیچے اتری

رات گئے تک وہ لوگ انجوائے کرتے رہے تھے

....

www.kitabibasti.com

....

پرپل کلر کے برائڈل ڈریس میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی...پرپل کے

...ساتھ گولڈن اور سلور کلر کا بھی امتزاج تھا

...ماشاللہ..."پارلر والی ابھی ہی اسے تیار کر کے گی تھی "

ماما میں کیسی لگ رہی ہوں..."وہ جو ابھی دروازے سے انٹر ہوئی تھیں "

...دانین کے پوچھنے پہ کہا

بہت پیاری لگ رہی ہے میری بیٹی.."جوں جوں اس کے جانے کا وقت "

..قریب آرہا تھا...ان کو ہول اٹھ رہے تھے

ماما اب سینٹی مت ہونا...میرا میک آپ خراب ہو جاے گا...."سچی "

...آنکھوں سے ان کو دیکھتے ان کی آنکھوں میں آتے آنسوں کو واپس دھکیلا

www.kitabibasti.com

"...اچھا چلو...یہاں بیٹھو...میں کچھ دیر بعد آؤں گی "

...اوکے

...لیکن بارات کا مجھے بتانا..."جاتے جاتے ماما سے کہا "

...اوکے اتاولی وہ رہی....."وہ باہر نکل گئی "

سنا ہے بہت پیاری لگ رہی ہیں..."اس نے موبائل اٹھا کے دیکھا تو "

....تھیف کا میسج آیا ہوا تھا

جی بلکل بہت پیاری...."ساتھ آنکھوں سے دل نکلنے والے ایموجی بھی "

....لگا دیے

واہ....اپ کا شوہر تو بہت خوش قسمت ہو گا"سمائلی فیس کے ساتھ پانچ "

...منٹ بعد ریپلاے آیا تھا

www.kitabibasti.com

جی ہاں...بہت زیادہ...آپ کیسے لگ رہے تیار ہو گے؟؟؟؟؟"دانین "

...نے اس سے پوچھا

جی..بس ٹھیک ہی.."بارات لے کے پہنچنے والے "

..ہیں..."ریپلاے "

اچھا ٹھیک ہے اب میں بھی آپ سے ڈی ڈی ڈی ڈی "

...بن کے ملوں گی.."شرارتی فیس سینڈ کرتے وہ مسکرائ

...ڈی ڈی ڈی ڈی مینز؟"فورا ریپلاے آیا "

دانین باقی دو ڈی ڈی کا مطلب بعد میں بتاوں گی..."میسج کیا.اب اسے "

..خود پتا نہیں تھا تو کیسے بتاتی اسے

www.kitabibasti.com

باہر بارات آ گی...."دانین نے خود ہی اگلا میسج کیا اور موبائل الماری میں "
...رکھا

جب تک کوئی لینے نا آئے باہر نہیں آنا دانین...."ماما نے کمرے میں "
...داخل ہوتے اسے کہا...جو الماری کے پاس کھڑی تھی

اوکے ماما.. لیکن جلدی لے جانا..."دانت نکالتے کہا اس کے پاس کوی "
بھی نہیں تھا...رانیہ بھی کچھ دیر رہی تھی لیکن باہر چلی گی تھی بڑی پھپھو
شادی پہ آئی ہی نہیں تھی باقی سب لوگ تھے آدھے گھنٹے بعد اسے ماما لینے
...آئیں تھیں

" ...اتنی دیر کر دی ماما "

دانین.. کیا کرتی ہو...پہلے تمہیں نا لے جا کے بیٹھا دیتی..."اسے "
..گھورا

www.kitabibasti.com

"...ماما...آج تو ناڈانٹیں "

توتم آج یہ حرکتیں چھوڑدو..ابھی بھائی آئیں گے لینے تمیز سے ان کے " ساتھ آجانا..."اسے گھورتے واپس چلی گئیں۔۔۔۔پھر کچھ ہی دیر بعد طلحہ ...زولقرنین حازق اور سمع بھائی اسے پھولوں کی چادر تھلے باہر لاے تھے

گھونگھٹ کی وجہ سے وہ سامنے بیٹھے درید کو نہیں دیکھ سکی تھی ویسے بھی نظریں اب سب کے سامنے تو وہ گھما گھما کے نہیں دیکھ سکتی تھی..کچھ شرم تو ...باقی تھی

..ابھی وہ لوگ الگ الگ ہی تھے پھر نکاح ہوا

درید درانی کا نام سنتے اس کے کان کھڑے ہوے... جلدی سے گھونگھٹ ..اُٹھا کے دیکھا...سب اسے دیکھ رہے تھے

...دانین کیا کر رہی ہو..."پاس بیٹھی ماما نے اس کی کمر پہ چٹکی کاٹی "

www.kitabibasti.com

ک..کچھ نہیں ماما سانس نہیں آرہا تھا..."دانت پیستے اس نے تھیف کو "

...دل ہی دل میں سنائیں... جبکہ درید اس کی حرکت پہ ہلکا سا مسکرایا تھا

... نکاح کے بعد ان کو ساتھ ساتھ بٹھایا گیا

... کیسا لگا سرپرائز..."وہ زرا پھیل کے بیٹھا "

بہت اچھا... گھر جا کے بتاوں گی..."یہ الگ بات تھی دل خوشی سے "

جھوم اٹھا تھا... جو خواہش اس کے دل کے کسی کونے میں ابھی تو دبی چنگاری

کی طرح تھی.. جس کا علم اسے خود بھی ابھی سہی طرح سے ناتھا...ابھی تو

اسے تھیف سے باتیں کرنا اچھا لگتا تھا...اب تو ساری زندگی اسی کے نام لکھ

... دی گی تو دل کیوں خوش ناہوتا

اچھا..."اس کے متوقع ردے عمل پہ وہ مسکرایا... پھر زرا سا جھک کے "

... کان میں بولا

www.kitabibasti.com

"...بہت پیاری لگ رہی ہیں "

ہممم

ا ہمممم...ا ہمممم عاصم پاس سے گزرا تھا...درید بھائی آپ کی خیر نہیں "

ہے پوری چڑیل ہے..".درید کے کان میں کہتا وہ آگے چلا گیا

کوی نہیں..میں کون سا انسان ہوں..."بس دل میں ہی سوچ سکا ابھی تو "

دانین یا اس کی فیملی کو اس کے بارے میں کچھ پتا نہیں تھا جانے کیا ہوتا جب

ان کو پتا چلتا

....

....دلہن بنی دانین حیران ہو رہی تھی کہ گاڑی جا کس سمت رہی ہے

یہ وہی راستہ تھا جسے وہ دور سے دیکھا کرتی تھی لیکن اس راستے پہ جانے کی

کبھی ہمت نہیں کی۔۔۔اور آج....اپنی زندگی کے حسین دن کو وہ کیا کسی

.....ویرانے کی نظر کر دینے والی تھی

www.kitabibasti.com

م.. مما... ماما کے ساتھ.. "اس نے درید اور اپنے درمیان نا محسوس "

طریقے سے فاصلہ بنایا.. اس وقت گاڑی میں وہ دونوں پیچھے اور آگے درید

.. .. کے کزن کے ساتھ ڈرائیور تھا

کیا ہوا... دانین.۔۔۔۔۔ "ڈی ڈی جس کا سارا دھیان اس چھوی موی سی "

... لڑکی پہ تھا... فوراً سے کہا

وہ ہم ادھر کیوں جا رہے.... "اس نے گھونگھٹ سے آنکھیں اٹھا کے "

اسے دیکھا... وہ کتنا خوبصورت اور حسین تھا... شہد رنگ انکھیں براون

داڑھی اور ماتھے پہ گرے سلکی بال.... بھرے بھرے ہونٹ.. وہ

... .. مسکراتے تو دائیں گال پہ ایک گھڑا سا نمودار ہوتا

دانین تو اتنی خوبصورت نہیں تھی اس کے نقوش اچھے تھے.....ہاں بڑی

.. .. گول آنکھیں جو وہ گھما کے دیکھ لیتی تو سامنے والا حوش کھو دیتا

www.kitabibasti.com

.یہ ہمارا گھر ہے۔۔۔۔۔۔"درید نے اس کا ہاتھ تھاما جو ہلکا ہلکا لرز رہا تھا "

ک.. کیا مطلب..آپ.کا...میں نہیں جاوں گی..ادھر جن... "

.. ...بھوت..."ہاتھ چھڑاتے وہ پیچھے ہوی

او...ہو... کس نے کہا ادھر جن بھوت ہیں...."وہ اس کے رویے سے "

..پریشان ہوا....کہ حقیقت تو یہ ہی تھی

دیکھو..."یہ گھر بس باہر سے ایسا نظر آتا ہے لیکن اندر سے تو بہت پیارا "

...ہے

نہیں...ایسے کیسے ہو سکتا ہے یہاں جن ہی رہتے ہیں چلیں یہاں "

....سے....."اس نے صاف انکار کیا

جس نے بھی کہا یہاں جن بھوت وہ خود ہو گا..."اس نے بات کو مزاق کا "

رنگ دیا۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

نہیں... میرے بھائی جن نہیں ہیں... "اسے خشمگین نظروں سے "

دیکھا... "وہ روز ادھر لائیٹیں جلتی دیکھتے تھے اور ایک دن میں نے بھی

دیکھیں.... اس کے علم میں اضافہ کیا

ہاں تو اس بات سے ثابت ہوتا ہے یہاں جن ہیں... لائیٹس تو آپ بھی "

" ..... جلاتے ہو.... کیا ہم سمجھیں کے آپ لوگ جن ہو

....ن.. نہی.. لیکن... "وہ کنفیوز ہوی... کہ واقع ایسا تو تھا "

بس چھوڑیں فضول کی باتوں کو سوچنا۔۔۔ "پھر وہ خاموش ہو "

گئے۔۔۔۔

ہم پہنچ گے گھر.... "گاڑی رکتے اس کا ہاتھ تھا... بابا لوگ اور باقی سب "

... پیچھے گاڑیوں میں آرہے تھے

www.kitabibasti.com

وہ اس کے سنگ گاڑی سے اتری اور سہج سہج قدم اٹھاتے گیٹ پہ جا رکی...

اس کے دل میں خوف تھا کا جانے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا.... درید نے اس کے ہاتھ کو ہلکا سا دبایا اور اندر جانے کا اشارہ کیا.... دانین اس کے کہے کو مانتے اندر قدم رکھتے رکی اور درید کو اندر آنے کا کہا... پھر... وہ بھی اندر آ گیا تو دانین اس کے پیچھے چھپتی لیونگ روم تک آئی....... اندر سے وہ گھر واقع بہت پیارا تھا.... ہر سہولت موجود تھی باہر سے کھنڈر نظر آنے والا اندر سے محل کی طرح سجا... وہ مبہوت ہی تو رہ گی ....

" یہ آپ کا گھر... بہت پیارا ہے...." اس نے گھوم کے چاروں طرف دیکھا....

" اب آپ کا بھی ہے...." اس پیار سے دیکھتے کہا.....

" کیا یہاں آپ اکیلے...." اس پاس کسی کو نا دیکھ کے پوچھا....

www.kitabibasti.com

نہی زولجان اور بابا بھی... وہ لوگ آرہے نا پیچھے.. "اسے یاد کروایا جو شاید "
بھول چکی تھی

ابھی وہ لوگ ادھر ہی کھڑے تھے جب اوپر سیڑھیوں سے لائین کی صورت
لڑکیاں اترنے لگیں ان سب کے کپڑے ایک جیسے تھے سرخ اور سفید
اِمتزاج کے... ان سب کے ہاتھ میں ایک ایک گلاس تھا جس کے اندر ریڈ
کلر کا وہی لیکویڈ تھا جو اس نے اس دن کالج میں دیکھا تھا... وہ لڑکیاں ان کے
قریب آئیں اور وہ وائین ان دونوں کو تھمانے لگیں دس سے پندرہ گلاس درید
نے نوش کیے تھے جبکہ دانین بس وہ حسین منظر دیکھ رہی تھی... جونہی خالی
گلاس انہیں دیا جاتا وہ گھوم کے مڑتیں اور دوسری طرف سے سیڑھیاں چڑھ
جاتیں....

www.kitabibasti.com

دو منٹ کے بعد پھر دوبارہ یہی منظر تھا لیکن اب کی بار ان کے ہاتھوں میں وہ ریڈ وائین نہیں تھی پھول تھے اور پھول بھی کالے رنگ کے یعنی کالے گلاب کے...ان کی خوشبو جو اس نے پہلے کبھی نہیں سونگھی تھی...وہ پھول ان کے اوپر برسائے گے۔۔۔۔۔۔۔

اتنا پیارا منظر تھا کہ وہ سارا دن اور ساری رات وہاں کھڑے رہ کے دیکھ سکتی۔۔۔ان کی پایل کی اوآز ایک ریدھم پیدا کرتی جس میں بندا مدہوش ہو جاے....ان کے جانے کے بعد لیونگ روم کا دروازہ کھالا تھا اور بار آتی اندر آے تھے...پھر کچھ رسمیں کی گئیں...کافی دیر تک اس کے ماما بابا ادھر رہے تھے...ان کے جانے کے بعد اسے درید کے کمرے میں پہنچا دیا گیا....

....

www.kitabibasti.com

وہ ابھی سیٹ بھی نہیں ہوی تھی کہ قدموں کی چاپ سنائی دی... مطلب تھیف اندر آرہا تھا ...

کچھ دیر مین دروازے پہ ہلکی سے دستک ہوئی... پھر دروازہ کھلا اور درید درانی اندر آیا...

آخر وہ لمحہ آہی گیا جب آپ میرے پاس میرے قریب صرف میری بن کے رہیں گی...."اس کے پاس بیٹھتے اس کے ہاتھوں کو تھاما.....وہ جو کچھ لمحے سکون میں آئی تھی...ایک دم سمٹی کہ درید کا لمس اس کے اندر سرائیت کرتا اسے بے چین کر گیا ....

"بہت بہت خوبصورت لگ رہی ہیں...."اس کے ہاتھوں کو لبوں سے چھوا.... جس کے ہاتھ پسینے میں بھیگنے لگے تھے کہ پہلے کبھی وہ یہ فیلنگس نہیں محسوس کر پائی تھی آج تو دل کسی اور ہی رفتار پہ دھڑک رہا تھا

www.kitabibasti.com

تھ... تھیف میں چینج کرلوں..."ہاتھ چھڑاتے اس نے اپنا بھاری لہنگا "
.... سمیٹا

آہاں....اتنی جلدی کیا ہے ابھی تو ساری رات ہے...."اس دوبارہ سیدھا '
... کیا. پھر اس کا گھونگھٹ اٹھاتے اس کا دوپٹہ تھوڑا اوپر کر کے سیٹ کیا

اس کی نظریں جیسے ٹھہر سی گئی تھیں...وہ واقع اتنی حسین تھی یا صرف اسے
.... لگتی تھی... کہ محبوب جیسا بھی ہو دنیا میں سب سے حسین ہی لگتا ہے

پھر وہ اٹھ کے اس کے پیچھے آیا.....اور اس کا دوپٹہ آرام سے کھولتے سائٹ
پہ رکھا... لمبی گردن کسی صراحی کی مانند جو وائین سے بھری ہو.... جھکتے
ایک لاکٹ اس کی خوبصورت گردن کی زینت کیا.....اور پھر اپنے ہونٹوں
کا لمس چھوڑتے وہ اسے لزرنے پہ مجبور کر گیا تھا.... آنکھیں بند کرتے وہ
... کسمسای تھی

www.kitabibasti.com

...تھیف..پلیز...."وہ پیچھے سرکی "

....وجہ...."وہ پیچھے ہوا "

......میں ابھی چھوٹی ہوں...."منہ بناتے پلکوں کی چلمل گرای "

اچھا....مجھے نہیں پتا تھا..."درید سیدھے ہوکے لیٹتے اس کی طرف رخ "

....کیا

جی...اور جب میں پوری بائیس سال کی ہو جائوں گی تب آپ کو اپنے "

"...قریب آنے دوں گی

آہ...واہ....لگتا آپ پہلے سے سوچ کے آئ ہیں..."اس کے چہرے کو "

....شہادت کی انگلی سے اپنی طرف کیا

www.kitabibasti.com

جی...اور مجھے پتا ہے آپ میری بات مانیں گے..."اترا کے گردن اکڑای...

ہر گز نہیں..."اسلکا سا جھٹکا دیتے اسے آپنے حصار میں قید کیا "...

"تھیف پلیززز "...

"نو.....ہر گز نہیں مانوں گا آپ کی بات"...

سہی ہے..."دانین نے خود کو اس شہزادے کے سپرد کر دیا جواب اس کی "زندگی کا ساتھی تھا جس کے سنگ اس آپنی تمام زندگی گزارنی تھی....

درید کے پہلو میں لیٹی دانین کسمسائی... صبح کا سورج اپنی کرنیں بکھیرتا کھڑکی سے ہلکی تپش ان دونوں کے وجود پہ ڈالتے اُنہیں اُٹھنے پہ مجبور کر گیا...

www.kitabibasti.com

دانین..."آنکھ کھلتے ہی اپنے من پسند وجود کو سامنے دیکھ کے درید ہلکا سا"
مسکرایا... پھر جھک کے اس کے ماتھے پہ پہ لب رکھے..

...اُٹھ جائیں نین...."اسے پیٹ پہ ہلکی سی گدگدی کی "

...ماما...نا کریں..."منہ بسورتے رخ بدلا"

دانین...میری گڑیا....میں آپ کی ماما نہیں ہوں..."اس کی آواز میں"
...واضح شوخی تھی

اچھا جو بھی ہیں سونے دیں..."اس کی آواز اتنی دھیمی تھی کہ ڈی ڈی "
...بمشکل سن پایا

ساری رات سوئی تو رہی ہیں...اب سارا دن بھی سونا ہے کیا..؟؟؟؟" "
...اس کا رخ دوبارا اپنی طرف کیا

www.kitabibasti.com

کہاں سوئیں ہوں..ابھی...ہاں سوئی ہوں.."اس سے پہلے کہ اس کے "

منہ سے کچھ الٹا نکلتا جھٹ سے آنکھیں کھولیں...پھر سیدھی ہوئی...ایک

...ہاتھ کی مٹھی بنا کے اس پہ گال ٹکایا

"....دریدآپ بہت اچھے ہیں "

ہاں مجھے پتا ہے..."مسکراہٹ روکتے اس نے اسکی طرف دیکھنے سے گریز "

..کیا...کہ اس کی یہ حرکتیں

... تھینکو..."پھر آگے ہو کے اسے ہگ کیا "

بس کردیں رات کو بچ گئی تھی اس کا مطلب یہ نہیں کہ ابھی چھوڑ دوں "

"...گا

اوچچ....اچھا...میں سوگئی.."وہ دوبارہ سے کمفرٹر اوڑھ کے سونے"

...لگی

www.kitabibasti.com

سونا نہیں ہے دانین...اب جاگنا ہے "ایک دفعہ پھر درید نے کمفرٹر کے "

...اوپر سے ہی اسے گدگدی کی

....درید یہ والی حرکت اب نہی کرنا.... کمفرٹر سے منہ باہر نکالا

... کون سی والی..درید نے سائڈ ٹیبل سے اپنا موبائل اٹھایا

...وہی والی..."وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی "

... کون سی بتائیں تو..."درید کا دھیان موبائل پہ تھا "

...وہ ہی..."اب دانین نے اس کی طرف دیکھا جو موبائل سے لگا تھا "

یہ اب میرے پاس ہوں تو نہیں اٹھانا"زرا سا اوپر اٹھتے اس کے ہاتھ سے "

...موبائل چھینا

اچھا اچھا نہیں اٹھاتا...."موبائل تو دیں "

www.kitabibasti.com

چلیں اٹھیں فریش ہوں مجھے بھوک لگی ہے..."موبائل اپنے تکیے کے "
...نیچے چھپایا

...آپ پہلے جائیں"دریداب مکمل پھیل کے لیٹا "

...آپ پہلے جائیں..نامیں ابھی سورہی ہوں..."آنکھیں بند کیں "

شرارتی بلی..."اس کی ناک کو دباتے درید بیڈ سے نیچے اتر آیا...پھر "
ڈریسنگ روم سے کپڑے لے کے باتھ روم میں گھس گیا...اس کے جانے
کے بعد دانین نے اپنے تکیے کے نیچے سے موبائل نکالا کہ چیک کرے اس
میں کیا کیا ہے...لیکن وہ لاک تھا۔

اکڑو.."نام سے نوازتے موبائل زرا سا دور پھینکا...کمفرٹر اوڑھ کے سو "
....گی..شام کو ریسیپشن بھی تھا

....

www.kitabibasti.com

...تیار ہو گئیں "رانیہ اس کے کمرے میں آئی "

نہیں... ابھی ہونا ہے..."وہ ابھی کپڑے چینج کر کے آئی تھی رائل بلو "

...کلر کی ساڑھی کے ساتھ ہائی ہیلز پھر خود ہی ہلکا سا میک اپ کیا

جلدی کریں نا..."دانین آپی باہر جاتے ہوئے کہنے لگیں "

...تم جاؤنا میں اپنے درید کے ساتھ آؤں گی.."آئینے سے ہی اسے گھورا "

" ....تو مجھے کیوں اتنی دیر سے بٹھا کے رکھا ہے "

میں نے انویٹیشن کارڈ بھیجا تھانا آؤ رانیہ میں تیار ہوتی ہوں تم مجھے "

...دیکھو..."طنز کرتے وہ ساتھ بال بھی سیٹ کر رہی تھی

ہونہہ اب تو آپ بدلیں گی ہی... "رانیہ بھی منہ بناتے وہاں سے چلی گی "

دانین نے بالوں کو اسٹریٹ کیا اور پھر کھلا چھوڑا دیا کمر سے نیچے تک آتے بال

www.kitabibasti.com

اس کی خوبصورتی کو چار چاند لگا رہے تھے بالوں کو باندھیں درید جو ابھی باہر سے آیا تھا اس کے کھلے بال دیکھ کے فوراً سے کہا...

کیا ہے آج پہلی دفعہ کھول رہی ہوں...."بدمزہ ہوتے اسے آئینے سے " دیکھا...

نہیں کھولنے نادانین..."وہ الماری سے کچھ نکالنے لگا تھا پیچھے مڑ کے اسے " دیکھا..

بس آج ہی...آج تو ہمارا ریسیپشن ہے زندگی میں ایک ہی دفعہ ہونا آج تو " مجھے اپنی خواہش پوری کرنے دیں...پلیز..."اب وہ اس کی منتیں کر رہی تھی...

www.kitabibasti.com

دیکھ لیں... اگر کچھ ہوانا تو مجھے پھر مت کہنا....اب آپ کو کیسے سمجھاوں "
یہ جو بھوتوں کا طبقہ ہے بالوں پہ زیادہ عاشق ہوتا ہے...."منہ میں بڑبڑاتے
...اپنی مطلوبہ چیز برآمد کی...دانین بھی تیار تھی

چلیں..."اس کے قریب آکے دانین نے اس کے بازو کو تھاما.... مکمل "
کانفیڈنیٹ تھی...پر باہر آتے ہی سب کی شوخی بھری نظروں کی تاب نالاتے
ہوے وہ درید کے پیچھے چھپی... درید تو اگنور کر گیا ان کے دیکھنے کے انداز کو
لیکن دانین سمجھتے ہوئے بس چھپنے کی جگہ ڈھونڈھ رہی تھی خاص طور پہ
...زولجان کی نظروں میں کچھ زیادہ ہی شوخی تھی

....زولجان...."درید نے زولجان کو اپنی طرف متوجہ کیا "

جی جی..."وہ اب مسکراتے اس کی طرف پلٹیں...درید نے آنکھوں ہی "
آنکھوں میں انہیں منع کیا.... سرخ ہوتی دانین کو سامنے کیا جو ہیل کی وجہ

www.kitabibasti.com

سے اس کے گال کے برابر تک آرہی تھی ریسپیشن کے درمیان بھی وہ شرمائی شرمائی سی پھرتی رہی تھی...درید کی فیملی کے کافی سارے لوگ آج آئے تھے...

" یار تمہاری بیوی کے بال بہت پیارے ہیں..."وہ ابھی دانین کو اس کی فیملی کے حوالے کر کے آیا ہی تھا جب افگن اس کے قریب آیا...

" بکواس نہیں کرنا...."مٹھیاں سختی سے بھینچتے اس نے دانین کو دیکھا جو ہنستے ساری دنیا سے بے خبر ہو کے بیٹھی تھی...

" ..اووو....برا لگا...سوری...."افگن اس کا مزاق بنا رہا تھا

" یہاں سے نکلو...ورنہ تمہارا وہ حشر کروں گا..."اس کی آواز اتنی سرد تھی کہ روح تک سر سرا اٹھے...

www.kitabibasti.com

جا رہا ہوں..."اب ڈرائو تو نا افگن ڈرنے کی ایکٹینگ کرتا دانین پہ نظریں "
جمائے وہاں سے چلا گیا دریدنے دانین کو دیکھا تھا جو ابھی بھی عاصم کو چٹکی
....کاٹتے ہنس رہی تھی

....

....آج تین دن بعد وہ آفس جا رہا تھا...اور دانین منہ بنا کے بیٹھی تھی

اچھا تیار ہو جائیں آپ کو امی کی طرف چھوڑ دوں گا...پھر واپسی پہ لے "
آوں گا..."وہ خود تیار ہوتے منہ بنائے بیٹھی دانین کو اٹھایا...جو سنتے ہی
...خوشی سے اٹھی تھی

"....چلو ٹائم تو اچھا گزرے گا "

چینج کر کے وہ آئینے کے پاس آئی...ہلکا میک آپ کر کے بال سیٹ کیے..اس
کا ارادہ انہیں کھلے چھوڑنے کا ہی تھا... برش کرتے نیچے جھک کے اپنی

www.kitabibasti.com

ضرورت کی چیزیں ہینڈ بیگ میں ڈالیں... سب ڈال کے دوبارہ بالوں کو سیٹ کیا....

" ..... سنیں "

وہ جو آئینے کے سامنے کھڑے ہو کے بال بنا رہی تھی اپنے پیچھے آتے تھیف کو دیکھا۔۔۔

جی..." دیکھ کے واپس آئینے کی طرف رخ کیا "...

ان کو باندھ کے رکھا کریں..." اس کے کھلے رکھنے کے ارادے کو بھانپتے " بالوں کو فولڈ کر کے آگے کی طرف کیا.... وہ جو اس کے ہاتھوں کے لمس سے پلکیں جھپکائے بنا ساکت کھڑی تھی جلدی سے پیچھے مڑی...

میرے بال ہی تو پیارے ہیں صرف انہیں بھی قید کر دوں..." جلدی " سے اس کی آنکھوں میں دیکھے بنا کہہ دیا...

www.kitabibasti.com

"...جی.. قید رکھیں... ورنہ میں آپ کو بھی قید کر دوں گا "

ڈی ڈی نے اسے واپس گھما کے رخ آئینے کی طرف کیا... ان کا عکس جو آئینے

....پہ ابھر رہا تھا مکمل تھا

....اور.. کہتے وہ جھکا اور اس کی کان کی لو کو ہلکا سا ہونٹوں سے چھوا

چھت پہ نہیں جانا...." بات مکمل کرتے اس کے بالوں کی خوشبو کو اندر "

...اتارا. دانین سختی سے آنکھیں بند کیے خود میں سمٹی سی جا رہی تھی

اور...اب اس کے ہونٹ اس کی گردن کی طرف رینگ رہے تھے اور

...دانین بس زمین بوس ہونے والی تھی

اور باہر کہیں بھی کسی بھی حال میں نہیں جانا... جتنی اس کی حرکتوں میں

...محبت تھی اس سے کہیں زیادہ اس کا لہجا دل چھو لینے والا تھا

www.kitabibasti.com

...اور...اب اس کا ہاتھ اس کی کمر پہ رینگتے اگے کی طرف آیا

دانین....میں جو کہہ رہا ہوں اس پہ عمل کرنا آپ کا فرض ہے..."سمٹی سی "

کھڑی دانین بس اس کے بازوں کے سہارے کھڑی تھی...اس کی سانسوں

کی تپش وہ اپنے کندھے پہ محسوس کر سکتی تھی...ڈی ڈی کے انداز اس کی

...جان لے رہے تھے

...سن رہی ہیں..."اسے زرا سا ہلایا "

..ج...جی..."وہ کسمسائی'

اور اگر آپ نے میری باتوں پہ عمل نا کیا نا..."اس کا بازو جو اس کی کمر کے "

.. گرد تھا سخت ہوا

تو جان نکال لوں گا...."ابھی کچھ دیر پہلے والی محبت کہیں غائب ہوی... "

...لہجہ سختی سے بھرپور تھا

اب خود تو آپ نے باندھی نہی مطلب چاہ رہی ہیں کہ میں ہی پہناؤں۔۔شرٹ کے بٹن ابھی کھلے تھے چوڑا سینا جس کے بالوں پہ پانی کے ننھے قطرے جھلملا رہے تھے۔۔دانین اسے دیکھ کے نظریں جھکائیں جو اپنے گیلے بالوں کو جھٹکتے ٹاول بیڈ پہ اچھال چکا تھا۔۔

جی نہیں میں ایسے ہی بہت پیاری لگ رہی ہوں۔۔اور اب چلے گے ہیں ہم چلیں۔۔۔نروس ہوتے اس کی طرف دیکھنے سے گریز کیا جو پر شوق نگائیں اس پہ جمائے ہوئے تھا۔۔۔

پھر واڈروب سے رویل بلو کلر کی ساڑھی نکالی جس کا بلاوز چمکتا ہوا سلور کلر کا تھا۔۔

اب ڈیسائیڈ کر لیں خود کرنا ہے یا۔۔

www.kitabibasti.com

درید کیا ہے۔۔۔اس کے ہاتھ سے لے کے واپس رکھنے کے لیے مڑی درید

...نے لمحے کا فایدہ اٹھتے اس کی کلای تھامی

یہ ناز یہ انداز اپ کے... پھر اس کے کان کے قریب گنگناتے بالوں کو اس پہ

....جھٹکا

جانا ہے نا... کلائی اس کے ہاتھ میں مروڑتے چھڑوانے کی کوشش کی۔۔ پتہ

نہیں ایسی سیچویئشن میں وہ حواس باختہ کیوں ہو جاتی تھی۔۔

چلے جائیں گے... پھر اسے گھما کے دوپٹہ اتار کے سائڈ پہ رکھتے کمر سے

....تھاما...دانین کا دل دھک سے رہ گیا

م..میں چینج کر لوں گی...اس کے ہاتھ کو ہٹاتے جلدی سے بیڈ پر سے

...ساڑھی اٹھای اور باتھ روم میں چلی گی

www.kitabibasti.com

اوففففف انکھیں سختی سے بند کرتے گہری سانس لی.. پتا نہیں کیا ہو جاتا ہے

ان کو۔۔۔

پانچ منٹ تک جب وہ باہر نا نکلی تو درید باتھ روم کے دروازے کے پاس ایا..

...پھر ناب گھمایا تو کھلتا چلا گیا

دانین دروازہ لاک کرنا بھول گی تھی...اب ساڑھی کا لہنگا اور بلاوز پہن چکی

...تھی جو کے فل تھا

ہاے...اج تو بدلے بدلے سے سر کار نظر اتے ہیں...ددروازہ بند کرتے

...پاس ایا

...دانین نے سٹپٹاتے دوپٹہ ڈھونڈھا

یہ اگے میں نے باندھنا ہے اسی لیے تو آیا ہوں..مزے سے کہتے اسے ساتھ

...لیے باہر ایا دانین کسی ٹرانس کی کیفیت میں تھی..درید کر کیا رہا تھا

www.kitabibasti.com

...پھر فال بناتے اس کے گرد گھومتے ساڑھی کو فائنل کیا

ویسے اپ پہ سارے کلز سوٹ کرتے ہیں... بالوں کو کندھے سے اٹھا کے

...واپس کمر پہ پھینکا....ان ابھی بھی نمی باقی تھی

... چلیں اب باقی کا اپ خود کریں

بال کھلے رکھوں گی.. میک اپ کر کے بالوں کو کھلا چھوڑتے درید کو دیکھا جو

کوٹ پہن رہا تھا بلیک تھری پیس میں وہ بھی بہت ڈیشنگ لگ رہا تھا۔۔

اج تو دلہا دلہن کی بجاے سب ہم پہ فوکس کرنے والے ہیں... نا محسوا

طریقے سے اس کے بالوں کو اکٹھا کرتے جوڑے کی شکل دی.. دانیں اس کی

...چال سمجھتے منہ بنایا

... یہ بس میرے سامنے ہی کھلے اچھے لگتے ہیں

www.kitabibasti.com

ویسے اپ یہ کرتے کیوں ہیں سب لڑکیاں کھولتی ہیں میرے کھولنے سے کیا ہوتا ہے...

باقی سب جو مرضی کریں بس اپ کے کوئی دیکھے تو یہاں جلن ہوتی ہے... سینے پہ انگلی رکھتے کہا

دانین رخ موڑے آئینے کی طرف کھڑی تھی اور درید عین اس کے پیچھے.. مکمل... اس کی کمر کے گرد بازو باندھتے گال سے گال مس کیا... اس کا دل جیسے لبوں تک ایا تھا گال اس کے لمس سے دھکتے جل اٹھے..

م.. میرے جوتے.. خود کو اس سحر سے چھڑوایا...

ہمم... وہ پیچھے ہوا.. وہ بھی میں ہی پہناوں...

پاس پڑے جوتوں کو دیکھا...

www.kitabibasti.com

ن.. نہیں....میں اس سے پہلے کے دانین جوتے اٹھاتی درید نے اسے کاوچ

...پہ بٹھایا

....پھر جوتا نکال کے اس کا مخملی پاوں تھاما

...د...رید

اس کی انکھیں انسوں سے لباب بھری تھیں۔۔کب سے وہ اسے تنگ کر رہا

تھا اب تو حد ہو گئی۔۔

اس کے جوتے پہنانے تک وہ اسے دیکھتی رہی...انکھوں کے سامنے دندھ

..چھانے لگی تھی

..رو کیوں رہی ہیں....اس نے سر اوپر اٹھایا ہی تھا کہ پانی بند توڑتا باہر نکلا

www.kitabibasti.com

ک. کچھ نہیں... اپ.. بہت.. چھچھورے ہیں.. جلدی سے انسو صاف

.. کرتے کھڑی ہوئی

صرف آپ کے لیے ہوں

... درید ابھی تک نیچے ہی بیٹھا تھا

ا.. پ بہت ل.. لوف۔۔۔ فر بھی ہیں.. گال ہتھیلی سے رگڑتے کہا

کیا... اپنے لیے یہ ہی سنارہ گیا تھا۔ وہ کھڑا ہوا

میں نے کیا لوفرپنا کیا ہے.... بریسلٹ اٹھا کے اس کی نازک کلائی کی زینت

... بناتے گالوں کو دیکھا جو جانے حیا کی لالی تھی یا ضبط کی انتہا

.اپ... ایک لڑکی کو چھیڑتے ہیں... اسے سمجھ نہی ارہا تھا کیا کہے

www.kitabibasti.com

ہاں جی...اس لڑکی کو جو میری بیوی ہے...اس کے چہرے کو ہاتھوں میں

...لیا...پھر ماتھے پہ لب رکھتے سرشار ہوا

چلیں...اس کے کانپتے ہاتھ کو تھاما..

س کی نرم ہتھیلیں بھیگنے لگی تھیں۔۔اس کے ساتھ چلتی وہ خود کو کوئی پری

محسوس کررہی تھی جو کسی بہت محبت کرنے والے جن کی قید میں ہوتی ہے

۔۔اس کے میٹھے نرم گرم سخت حصار میں جس میں رہ کے کھٹی میٹھی خوشی

اور سکون ملتا ہے۔۔

ہم آ گئے جو پہلو میں

تو ہوش کہاں سے لاؤ گی

----

www.kitabibasti.com

...وہ لوگ پہنچے تو تقریب عروج پہ تھی

اپ نے تو دوسرے کپڑے پہنے تھے نارانیہ نے اسے ساڑھی میں دیکھ کے

..شرارت سے پوچھا۔۔۔

ہاں پہنے تھے لیکن اچھے نہیں لگ رہے تھے.. نظر اٹھا کے سامنے دیکھا درید

..کے پاس کوی لڑکی ائ تھی

...کیسے چینج کیے

کیا. مطلب شرم تو نہی اتی...اس کی بات کا مطلب سمجھتے تیوریاں چڑھائیں

چاچی اپ کی بیٹی خراب ہو گی ہے سمجھائیں اسے....وہ لڑکی درید سے ہنس

..ہنس کے باتیں کر رہی تھی اور دانین کو غصہ انے لگا تھا

www.kitabibasti.com

اچھاناسوری مزاق کررہی ہوں اپ تو ایسے کررہی ہیں جیسے سچ میں درید بھای

نے ہی...

ڈیش ڈیش ڈیش.... دفعہ ہو جاو... دانت کچکچاتے وہ درید کی طرف بڑھی

تھی..

ہاے

اسلام علیکم

میں ان کی میسز ہوں...

مسکراتے تفصیلا تعارف کروایا... درید نے پہلے اچنبھے سے اسے دیکھا پھر اس

کے لال بھبھوکا چہرے کو دیکھ کے مسکراہٹ چھپای...

نائس ٹو میٹ یو... وہ لڑکی دل سے مسکرائ تھی

www.kitabibasti.com

اپ کو ان سے کوئی کام تھا۔۔۔ پھر اس کی انکھوں میں دیکھتے اعتماد سے درید کا بازو تھاما۔۔

نہیں میرے بہت قریبی دوست رہ چکے ہیں اس لیے ملنے کا پلین بنا رہے تھے ۔۔ لڑکی نے اس کی سیچویئشن سمجھتے مزے سے کہا

جی ان ایک عدد بیوی ہے اور وہ دوسری شادی کرنے کی کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتے اس لیے اپ ارام سے اپنا راستہ ناپیں اور یہاں سے چلتی بنیں اس سے پہلے کہ میں سب کو اکٹھا کروں۔۔۔

درید کے بازو پہ گرفت سخت کرتے وہ اپنے ناخنوں سے اس کا خون نکال چکی تھی۔۔۔اور درید بمشکل اپنا قہقہہ امنڈنے سے خود کو باز رکھے ہوے تھا۔۔

www.kitabibasti.com

دوسری لڑکی اس کی غصے سے سرخ ہوتی ناک کو دلچسپی سے دیکھ رہی تھی

۔۔پھر دھیما سا مسکراتے اس کے کان کے قریب ہوئی۔۔دیکھنا ایک دن

اسے میں لے اڑوں گی۔۔۔وہ اس کو تنگ کرنے کے موڈ میں تھی شاید۔۔

ایسے ہی۔۔۔پھر مڑ کے درد کو کچا چبا جانے والے انداز سے دیکھا جو کچھ کہہ

رہی نہیں رہا تھا۔۔اپ کیسے لے کے اڑیں گی۔۔۔۔میں اپ کے پر کاٹ

دوں گی درید کے بازو سے چپکتے اسے ہلایا کہ اب اپ بھی کچھ بولو۔۔

ہاں۔۔دانین کے ساتھ میں خوش ہوں تو اپ کے ساتھ شادی کرنے کا سوچ

تو سکتا ہوں۔۔پھر ایک نظر دانین کو دیکھا جو بس رونے لگی تھی۔۔

اووے ے ے اوے ے میلا بچا رونے لگا ہے۔۔۔منہ بناتی دانین کو دیکھتے

وہ لڑکی مسکرائی پھر اپنے انگوٹھا اس کی گالوں سے مس کرتے

www.kitabibasti.com

بولی۔۔۔۔ہمیشہ ایسے ہی روعب جماناسب پہ۔۔ورنہ یہ بندابڑا خراب ہے ۔۔پھرالودعی سلام کرتے وہاں سے چلی گئی۔۔

دانین کاموڈ سخت اوفف ہوچکا تھا کہ ان لوگوں نے اسے فول بنایا ہے۔۔باقی کاوقت اس نے درید کو دور دور سے ہی ہیلو ہاے کرتے گزارا تھااور درید اس کے پاس انے کی ہر کوشش میں ناکام ہوا تھا۔۔وہ جب بھی قریب آتا وہ ماما کے پاس چلی جاتی یا کسی اور طرف ہو جاتی۔۔

اپ کا علاج توگھر جاکے ہی ہوگا محترمہ ٹیکسٹ کرتے اسے دیکھا۔۔جو دور سے بھی اسے ہی دیکھ رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

...بھابھی یہ آپ بھای کو کس طرف لگا رہی ہیں

www.kitabibasti.com

شادی کے بعد سمع جو تھوڑا بہت بولتا تھاوہ بھی چپ کر گیا تھا...پتا نہی ان کا تعلق کیسا تھا...البتہ ربیحہ تو بس شرماتی ہی رہتی..یمنی دانین کی طرح ہی تھی...ہنسنے کھیلنے والی مستیاں کرتی...اب کو ہنساتی

کہیں نہی..میرے پیچھے ہی لگ جائیں کافی ہے..اس کے کان میں گھستے بتایا..

...درید اور سمع پیچھے آرہے تھے باقی سب اگے اگے اور وہ دنوں درمیان میں دانین بات سنیں...درید نے اسے بلایا

جی۔۔وہ رکی

...اپنے گھر چلتے ہیں یہاں گیسٹ

... نہی یہاں سہی ہے ناوہاں ڈر لگے گا

...درید تنہائی چاہتا تھا پر یہ محترمہ کہاں اس کے دل کی پرواہ کرتی تھی

www.kitabibasti.com

..سب تھکے ہوئے تھے اپنے اپنے کمروں میں چلے گے

وہاں چلے جاتے توآسانی رہتی۔۔وہ بھی اس کے پیچھے داخل ہوا۔۔پھر دروازہ بند کرتے کوٹ اتارنے لگا۔۔دانین واڈروب سے کپڑنے نکالنے کے لیے مڑی۔۔

اپ کے کون سے نکالوں۔۔

آج نا نکالیں۔۔پتہ نہیں کیوں اج اس کا دل اس کے قابو میں ہی نہیں آرہا تھا دل کررہا تھا دانین کو کھا جائے۔۔

کیا مطلب نا نکالیں۔۔ائی بر واچکاتے خود ہی اس کا ایزی کپڑے نکالے ۔۔پھر اسے تھمائے کہ چینج کرلے اتنی دیر میں وہ میک اپ ریمو کردے گی ۔۔۔۔

یار کتنی ظالم ہیں۔۔بڑبڑاتے کپڑے اس کے ہاتھ سے لیے۔۔

www.kitabibasti.com

وہ جو میک اپ ریمووکر کے ساڑھی کو کندھے سے لوز کر رہی تھی جب درید کی آواز آئی۔۔

ٹاول تو پکڑائیں زرا۔۔ٹاول ابھی تک بیڈ پہ ہی پڑا تھا۔۔۔اور دوسرا نکال کے اس نے رکھا نہیں تھا۔۔۔

جلدی سے ٹاول نکال کے اس کی طرف بڑھی ہیل ابھی تک نہی اتاری تھی ۔۔اس سے پہلے کے وہ اسے ٹاول پکڑاتی پاوں رپٹا اور سیدھا درید کے بازوں میں۔۔درید جو ٹاول پکڑنے کے لیے دروازہ کھول رہا تھا ٹاول سمیت محترمہ کو لینڈ کرتے دیکھ کے جلدی سے اسے سنبھالا۔۔۔

وہ جو گرنے کے ڈر سے آنکھیں زور سے بند کر چکی تھی خود کو ہوا میں محسوس کر کے انکھیں کھولیں تو درید کے سینے سے لگی تھی۔۔۔

www.kitabibasti.com

کیا ہر وقت نہاتے رہتے ہیں۔۔۔ بالوں کا نچڑتا پانی اس کے چہرے پہ گراتو

جلدی سے سیدھے ہوتے اپنی خجالت کو مٹانا چاہا۔۔۔۔اور اپ نے مجھے

کیسے چھوا ہے۔۔۔

اپ کو کس چیز سے مسلہ ہے۔۔۔ میرے چھونے سے یا نہانے۔۔اب وہ اس

کے مقابل کھڑی تھی ساڑھی کا پلو زمین پہ جھول رہا تھا۔۔۔

جس سے مرضی۔۔ گھوم کے جانے لگی درید نے واپس پکڑا۔۔۔ایک جگہ پہ

ٹک کے نہیں رہ سکتیں۔۔۔

اپ نے پھر چھوا ہے۔۔

کیوں نا چھوئوں۔۔۔ماتھے پہ تیوریاں چڑھا کے اس کا پلو اتار کے سائڈ پہ

لٹکایا۔۔۔

www.kitabibasti.com

بس نا چھوئیں۔۔۔دانین بھرپور کوشش کر رہی تھی کہ درید کا موڈ خراب ہو جائے اج کسی طرح لیکن وہ تھا کہ بس میٹھے انداز سے اسے ہولاے دے رہا تھا۔۔

اپ کو دیکھنے کا۔۔ محسوس کرنے کا چھونے کا پیار کرنے کا۔۔

گمبھیر آواز میں کہتے اس کا جوڑا کھولا۔۔۔ بال لہراتے ہوے درد کے بازو کو چھپا گئے تھے جو دانین کی کمر کے گرد لپٹا ہوا تھا۔۔۔اپ کی خوشبو۔۔وہ بہکنے لگا تھا پھر سے۔۔۔دانین بس لب بھینچے خود کو ان لمحوں کے لیے تیار کر رہی تھی۔۔اس کی قربت کے لمحات اس کو بے بس کر دیتے تھے۔۔۔

اس کے گالوں کو ہلکا سا ہونٹوں سے مس کیا۔۔ان کی نرماہٹ بھی صرف میرے لیے ہے۔۔۔دانین کی پلکیں لرز رہی تھیں اس کے ہاتھ نا محسوس طریقے سے درید کے سینے پہ جا ٹکے۔۔

www.kitabibasti.com

چ۔۔ چھوڑ۔۔

آج تو نہیں۔۔ بالوں میں منہ گھساتے ان کے گداز پن کو محسوس کیا۔۔

یا اللہ پلیز کسی کو بھیج دے۔۔ دل نے شدت سے دعا کی تھی۔۔۔ اور اس کی دعا قبول ہی۔۔۔

قاسم نے جونہی کمرے کا دروازہ بجانے کے لیے ہاتھ ہوا میں بلند کیا تھا ماما کی آواز پہ رکا۔۔

کہاں جا رہے ہو۔۔۔

وہ دانین نے موبایل کا چارجر لیا تھا وہی لینے کے لیے۔۔

میرے کمرے میں رکھا ہے لے لو۔۔ اسے وہاں سے بھگایا۔۔

اور دانین کی دعا وہیں رہ گئی

www.kitabibasti.com

آج اسے کوئی بھی نہیں بچا سکتا تھا۔۔۔

درید نے اسے بازوں میں اٹھایا اور بڈ پہ ڈالا تھا۔۔۔ بتی کو گل ہونے میں سیکنڈ لگے تھے

آج وہ اس کی محبت میں پور پور ڈوبی تھی آج اس کی زندگی نے نیا موڑ لیا تھا۔۔۔ اب یہ نیا موڑ اس کے لیے کیسا تھا اس کا فیصلہ تو قسمت نے ہی کرنا تھا۔۔

تقدیر دور بیٹھ کے اس کی معصومیت پہ ہنس رہی تھی

کسمساتے اس نے آنکھوں کو نیم وا کیا تو چاروں طرف اندھیرا تھا مکمل اندھیرا دوبارہ سے آنکھیں بند کرلی۔۔۔۔ کچھ دیر بعد دوبارہ کھولیں دماغ تھوڑا تھوڑا جاگنے لگا تو ایک شرمیلی مسکراہٹ لبوں پہ آ کے معدوم ہوئی رات کے

www.kitabibasti.com

وہ پر سوز لمحات پوری جزیات سے دل دماغ میں سمٹ آے ہوں جیسے ..
... سوچ کے ہی اس کے گالوں پہ حیا کہ سرخی بکھری

پھر زرا سا کمفٹر ہٹا کے باہر جھانکنا چاہا.. وہ درید کے پہلو میں تھی لیکن اس کا رخ دوسری طرف تھا... دانین کی پہلی نظر آئینے پہ گئی... دل دھک سے رہ گیا۔۔ وہ لوگ تو ماما کے گھر تھے یہاں کیسے ۔۔۔ وہ اپنے اور درید کے کمرے میں تھی...

سانیس خشک ہوئیں جسم سے جیسے جان نکل گی تھی وہ منجمند تھی۔۔۔۔۔۔ دل جو پہلے الگ لے پہ دھڑک رہا تھا ساکت ہوا۔

۔کمرے میں پھیلی نیم سیاہی خوف پیدا کر رہی تھی ۔۔ایک عجیب سی بو ۔۔ جیسے کچے گوشت کی ہوتی ہے نتھنوں سے ٹکرائی ۔۔اس نے دوبراہ آئینے کی طرف دیکھا۔۔

www.kitabibasti.com

آئینے کے پاس سے دھواں اٹھ رہا تھا... پھر وہ غایب ہوا.... درید کے پاس کوی لڑکی بیٹھی تھی دوسری طرف رخ کیے... سفید ریشم کے فراک میں...

اس نے کمفرٹت کو سختی سے دبوچا ہوا تھا سمجھ نہی آ رہا تھا کیا کرے درید پاس تھا لیکن بے خبر... اس کی آواز حلق میں ہی اٹک گی جب اس لڑکی نے مسکرا کے پیچھے مڑ کے آئنے میں دیکھا... اس کے دانت کالے گندے... اور آنکھوں سے لہو ٹپک رہا تھا جیسے ابھی ابھی کسی کا خون پی کے ائی یو۔۔۔ کمرٹر کے اندر دانین کے پسینے چھوٹ رہے تھے۔۔

پھر وہیں بیٹھے اس لڑکی نے ہاتھ لمبا کیا...

"تمہارا تھیف حقیقت میں ایک گھوسٹ ہے.."

انگلی سے شیشے پہ لکھ رہی تھی لیکن ایسے جیسے خون سے پھر دانین کو دیکھ کے مسکرائی۔۔اور غایب ہو گی... اس کے جاتے ہی سب کچھ پہلے جیسے نارمل

www.kitabibasti.com

ہوا۔۔جو دھواں اور سمیل تھی وہ ایسے ختم ہوئی جیسے وہاں کچھ ہوا ہی نا ہو۔۔

.. لیکن وہ ائینے پہ جو لکھا تھا وہ نہی مٹا تھا

کتنی دیر وہ ساکت پڑی رہی اسے لگ رہا تھا شاید صبح کے دس بارہ ہو رہے ہونگے لیکن وہ رات کے اخری پہر کے کچھ لمحات تھت نئے دن کی نئ صبح کے پل۔۔۔

اتنی بھیانک۔۔۔آنکھوں سے گرم سیال بہہ رہا تھا بے جان ہوتے وجود کو پلٹا...درید اس کے پاس ہی اب اس کی طرف رخ کیے سو رہا تھا...ماتھے پہ بکھرے بال اور مسکراتے لب...پر سکون نیند.. کہیں سے نہی لگ لگتا وہ گھوسٹ ہے... لیکن انجانا خوف اس کی جان لے رہا تھا۔۔۔کانپتے ہاتھوں سے کمفرٹر سرکایا۔۔اس کے اٹھنے سے پہلے ہی وہاں سے چلی جانا چاہتی تھی ...

www.kitabibasti.com

اتنی محبت سے دیکھیں گی تو نظر لگ جائے گی۔۔۔"درید کے لب" ہلے۔۔وہ اسے محسوس کر رہا تھا...

ک۔۔کیا۔۔۔"وہ جو جانے کے پر تول رہی تھی تھمی۔۔"

کچھ نہیں بس لیٹی رہیں ابھی صبح نہی ہوی..."اسے اپنے قریب کیا..."

..دانین بے بسی سے لب کاٹ کے رہ گی...اگر وہ سب حقیت ہوا تو کیا درید نہی...ایسا نہی ہو سکتا۔۔وہ اس کے مہکتے بالوں کی خوشبو سے محسور ہو رہا تھا

"درید اپ کون ہیں۔۔؟"

جانے کیسے اس کی زبان سے نکلا تھا۔۔۔اس کے سوال پہ درید کے حرکت کرتے ہونٹ ساکت ہوے۔۔پھر سر اٹھا کے اسے دیکھا جس کی آنکھیں ہلکی گلابی ہو رہی تھیں۔۔۔

www.kitabibasti.com

میں جن ہوں...."درید جیسے اس کے سارے من کے بھید جانتا"

ہو۔۔ کہہ کے دوبارہ سے مصروف ہو گیا

سچ بتائیں.."وہ اس کے سینے کو دیکھ رہی تھی"

میں درید درانی ہوں یقین نہی اتا تو سایڈ پہ پڑا میرا موبایل لیں اور سرچ"

کریں میرا نام۔۔۔ ساری ہسٹری آجاے گی۔۔۔" پیچھے ہوتے اس کے

بالوں کو سمیٹا۔۔ وہ ڈری ہوئی تھی۔۔۔۔اسے کیسے فیل کرتی اب تو اس کی

شرارتوں اور گستاخیوں سے بھی اس کے چہرے پہ وہ سرخ لالی نہیں بکھری

تھی۔۔

کیا ہوا۔۔۔؟"وہ سیدھا ہو کے اٹھ بیٹھا۔۔۔"

سامنے دیکھا تو بڑے بڑے الفاظ میں

تمہارا تھیف حقیقیت میں ایک گھوسٹ ہے لکھا ہوا تھا۔۔

www.kitabibasti.com

یہ دیکھ کے ڈر رہی ہیں۔۔۔"دانین جواب اس سے زرا دور ہو گی تھی"

...اسے دیکھا

اگر میں سچ میں بھی ہوتا تو اپ جیسی پری کو پا کے اپنا سب کچھ تیاگ"

دیتا۔۔۔"اس کے خوف کو زائل کرنا چاہا..ورنہ دل تو کر رہا تھا ابھی اس

پلوشہ کا حشر نشر کر دے...اور تو کچھ کر نہیں سکتی تھی ایسے وہ ان کی زندگیوں

...میں زہر گھولنے اگی تھی

"ایسا کچھ نہیں ہے۔۔۔اپ نے کوئی خواب دیکھا ہو گا"

نہیں۔۔سچ ہے خواب نہیں دیکھا وہ لڑکی یہاں اپ کے پاس بیٹھی"

تھی۔۔۔اس نے لکھا۔۔۔"اپنے چہرے پہ ائے پسینے کو صاف کرتے وہ

کچھ اور پیچھے سرکی۔۔اور دیکھیں وہیں اس نے لکھا بھی ہے۔۔پھر پیچھے مڑ

کے دیکھا۔۔

www.kitabibasti.com

یہ کیا۔۔آئنہ تو صاف تھا۔۔ بلکل صاف۔۔۔یہاں تھا۔۔درید میرا یقین کریں میں نے خود دیکھا۔۔

اپ نے خواب دیکھا ہے مجھے تو کچھ نظر نہیں آرہا۔۔"اسے بازو سے پکڑ کے " اپنے پاس کیا۔۔"اگر اپ کو ایسا لگ رہا ہے تو اپ چڑیل بن کے مجھے ڈرا سکتی ہیں۔۔" بمشکل مسکرایا تھا۔۔

آپ مجھے بتائیں۔۔آپ کون ہیں میں کسی کو نہیں بتاوں گی۔۔۔"اس کی" انکھوں میں حزن پھلا ہوا تھا۔۔

اپ نے خواب دیکھا ہے اور کچھ نہیں۔۔۔اور یہ فضول باتیں چھوڑیں" ۔۔اٹھیں میرے کپڑے نکالیں۔"۔وہ اس سے ناراض ہو گیا تھا۔۔

اچھا نکالتی ہوں۔۔"اس کے انکار پہ کچھ حوصلہ ہوا۔۔اللہ کرے یہ خواب ہی ہو۔۔پھر فریش ہو کے دونوں نے نماز پڑھی تھی ساتھ میں۔۔ کتنا سکون

www.kitabibasti.com

تھا۔۔ لیکن اس سکون میں ایک خوف دونوں کو۔۔ اگر دُرید انسان نہیں ہوا تو۔۔۔ ایک کو یہ سوچ ہی دھڑکا رہی تھی جبکہ دوسرا یہ سوچ رہا تھا ابھی تو بس شک ہے جب حقیقت میں پتا چلے گا تو کیا ہو گا۔۔۔

...اج تمہاری طرف انے کا پلین ہے سب کا تیار رہنا فوج پیدل نکل چکی ہے

دس بجے کے قریب اس کے نمبر پہ سمع کا میسج موصول ہوا تھا

وہ جو دانین کے لیے ناشتہ بنا رہا تھا میسج دیکھ کے موبایل رکھ دیا.. یہ بھی اچھا تھا کہ وہ کچھ دیر بہل جاتی.. اور وہ پلوشہ سے بھی مل لیتا

www.kitabibasti.com

...ابھی ناشتہ بنا کے فارغ ہوا ہی تھا کہ وہ فوج داخل ہوی

سب تھے بڑے چھوٹے سواے سمیع کے

کیسے ہیں اپ لوگ... سب سے ملتے ملاتے دانین ناشتہ کرنا بھول ہی گی تھی... سفید رنگ کی شرٹ کے ساتھ لائٹ پنک ٹراوزر وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔وہ سبب لیونگ روم میں تھے ماما چاچی اور پھپو لوگ ایک طرف بیٹھے تھے

ناشتہ کرلیں۔۔اس کے نمبر پہ میسج کرتے دریڈ نے کوٹ پہنا وہ جارہا تھا اسے پلوشہ سے ملنا تھا لیکن اس سے پہلے دانین کو ناشتا بھی کروانہ تھا۔۔

کس کا میسج ہے ربیجہ اس کے پاس بیٹھی تھی۔۔

درید کا۔۔مسکاتے کہا۔۔

www.kitabibasti.com

لو جی۔۔ یہاں بھی کوئی حال نہیں ہے۔۔ پاس پاس ہو کے موبائل پہ بات کرنا۔۔ درید اس کے پیچھے سے گزر رہا تھا اسے ایک گھوری سے نوازتا باہر نکل گیا دانین کی نظروں نے اس کا نکلنت تک پیچھا کیا تھا۔۔ پھر میسج ٹائپ کر کے سینڈ کیا

کہاں جا رہے ہیں۔۔

کام پہ جلدی آجاوں گا۔۔ لنچ باہر کریں گے اس کا فورا رپلاے ایا تھا۔۔۔

اگر تمہاری ات چیت مکمل ہو گئی ہو تو بھائی اور بھابیوں کی کوی سیوا کر لو۔۔ حازق نے کہا۔۔

میں بنا کے کھیلاوں گی اپ کو۔۔ ہاہا۔۔ اپ مزاق بہت کرتے ہیں بھائی ۔مابیل بند کر کے اسے اٹھلا کے کہا۔۔

www.kitabibasti.com

یہ بچاری مساں ہی تو ارام ملا ہے۔۔اسے تو اشتہ بھی ہمارے جیجا جی بنا کے دیتے ہیں قاسم نے چٹکلہ چھوڑا۔۔

ہاں اب ہر کوئی میری طرح خوش قسمت ہو نہیں سکتا۔۔۔ہے نا۔۔۔

نہیں میں بھی بنا کے دوں گا اپنی ہونے والی زوجہ کو۔۔۔بالوں میں انگلیاں چلاتے اس نے ایک نگاہ یمنی کے ساتھ بیٹھی رانیہ پہ ڈالی۔۔۔بارات والے دن ان دوںوں کا نین مٹکا شروع ہوا تھا جب وہ دانین کو بلا کے باہر نکل رہی تھی اور زولقرنین نے اسے کہا تھا کہ اج وہ بہت پیاری لگ رہی ہے۔۔اس کے بعد شرمائی سی اس کے سامنے اتی تھی اس بات کا ابھی تک کسی کو بھی نہیں پتا تھا۔۔

یہ تم لوگ کیا انکھوں ہی انکھوں میں باتین کر رہے ہو طلحہ کی نظران دونوں پہ تھی۔۔

www.kitabibasti.com

نہیں تو۔۔ ہم لوگ کیوں کریں گے باتیں۔۔۔ لیکن اب سب کے ہاتھوں پھنس چکے تھے وہ دونو۔۔۔

اگر ہے تو بتاو میں ماما سے بات کرتی ہوں۔۔۔دانین نے جلدی سے بڑی بہن بننے کی کوشش کی۔۔۔

زوہیب کیا تمہیں کوئی فرق نہیں پڑ رہا تمہاری بہن پہ لوگ الزام لگا رہے ہیں ۔۔رانیہ نے اسے کچا چبا جانے ولی نظروں سے دیکھا تھا جو قاسم کے ساتھ موبائل پہ کچھ دیکھ رہا تھا۔۔

اپہ میرے خیال میں کوئی بھی الزام نہیں لگا رہا کل میں نے بھی اپ کو نین بھیا کے ساتھ دیکھا تھا جب اپ شرماتی ہوئی کسی انیس سو ساٹھ کی فلمی ہوروین کی طرح چھت سے اتر رہی تھیں اور زولقرنین بھائیاپ کو تاڑ رہے تھے۔۔۔وہ اس سے بھی دو ہاتھ اگے تھا۔۔

www.kitabibasti.com

سب ہنس رہے تھے۔۔ایسے ہی باتیں کرتے انہوں نے دو گھنٹے گزار دیے پتا

ہی نہیں چلا۔۔۔ساڑھے بارا بجے انہیں بھوک لگنے لگی تو کھانے کا خیال

ایا۔۔لیکن دانین کو تو یاد ہی ہیں رہا تھا انہوں نے لنچ کے لیے جانا ہے۔۔۔

اچھا میں اتی ہوں وہ وہاں سے اٹھ کے کمرے میں ائی پھر درید کو کال کی لیکن

وہ اٹھا نہیں رہا تھا کشھ دیر بعد اس کا میسج ایا کہ لنچ کینسل ڈنر کے لیے تیار

رہنا۔۔ابھی بزی ہوں۔۔

پھر یمنی اور ربیحہ سے ان لوگوں نے ٹریٹ لی تھی شادی کی

اپ لوگ ہنی مون پہ کہاں گے تھے؟ یمنا نے پزا کا بائیٹ لیتے دانین سے

پوچھا۔۔

لاہور۔۔جواب قاسم نے دیا تھا۔۔

کیا۔۔اتنے غریب ہیں ڈی ڈی صاحب۔۔۔

www.kitabibasti.com

جی نہیں اور بھائی کہا کریں۔۔ دانین نے منہ بناتے اسے دیکھا جو ایک تو اسے غریب کہہ رہی تھی اور سے نام بھی لے رہی تھی۔۔

اوے ہوے ے ے۔۔ ٹھیک ہے جی بھائی صاحب۔۔

اب اتنے بھی بڑے نہیں ہیں وہ۔۔ جیسے سب درید بھائی کہتے ویسے کہہ لیا کریں مسکاتے کہا اس کے نام پہ ہی سرخی اس کے گالوں پہ بکھری تھی۔۔

اوکے۔۔ اوکے۔۔ اپنی مسکراہٹ چھپاتے کہا اب بتاو کہاں گے تھے،،

بتایا تو ہے

لیکن وہاں کیوں۔۔ کہیں اور چلے جاتے لاہور تو ویسے بھی اپ رہتے ہو۔۔

موقع نہیں ملا۔۔

بار بار کیوں بچاری کا دل جلا رہی ہیں سیدھا بتادیں اپ لوگ پلین کر رہے ہے۔۔

www.kitabibasti.com

ہاے میرے سمجھدار دیور۔۔اس نے ہنستے ہوے قاسم کی طرف دیکھا جو ٹھوڑی مٹھیوں پہ ٹکاے اسے چیڑانے والے انداز میں دیکھ رہا تھا۔۔

کہاں جارہے ہیں زولقرنین نے پوچھا۔۔

کوی پتہ نہیں۔۔۔ابھی تو کسی نے اس بارے میں کوئی بات کی ہی نہی۔۔اور میں خ ود کہہ کت شر مندہ نہیں ہونا چاہتی۔۔۔

اگر کہیں تو میں بات کروں سمع بھائی سے۔۔ طلحہ نے گلا کھنکارتے کہا۔۔

ہاں کیسے کہو گے دیکھو میرا نام ناائے۔۔وہ فورا مان گئی۔۔

یہ ہی کہوں گا کے اپ کی بیوی شرم کی وجہ سے اپ سے بات نہیں کرپاتی اپ اسے کم چھیڑا کریں۔۔مزے سے کہتے وہ ہنسا تھا یمنی کا منہ بن چکا تھا اور سب اس کی واٹ لگانا شروع ہو چکے تھے۔۔

www.kitabibasti.com

کیوں نا ہم سب لوگ ساتھ جائیں۔۔ ربیحہ اپنی بہن کی چٹنی بنتی نہیں دیکھ سکتی تھی سو دور کی کوڑی لائی۔۔

ہاں۔۔۔ چلو اٹھو چلتے ہیں حازق نے اپنی بیوی کی عقل پہ ماتم کیا۔۔ ہنی مون جہاں شوہر اور ان کی زوجہ اکیلے وقت گزاریں اور اپ پورے ٹبر کو ساتھ لے کے جانا چاہیں گی۔۔

اچھا بس کرو اب۔۔۔ سہی ہی تو کہا ہے اس نے۔۔ مل کے مستی کریں گے ۔۔ ساری زندگی شوہروں کے ساتھ ہی گزارنی ہے یمنی نے اب ربیحہ کی سائڈلی تھی۔۔ ساتھ پاس بیٹھی دانین کو ٹھوکا دیا جو کب کی خاموش بیٹھی تھی۔۔ بلکہ سو چکی تھی۔۔

www.kitabibasti.com

واہ یہاں دیکھیں زرا۔۔سب کی توجہ دانین کی طرف دلوائی جو مزے سے بیک سے ٹیک لگائے سو رہی تھی۔۔ہم یہاں اس کے پاس ائے ہیں اور یہ محترمہ خواب خرگوش کے مزے لے رہی ہیں۔۔۔

کل سے درید بھائی کا موڈ بدلا بدلا سا تھا اسی لیے ابھی سو رہی ہے شاید۔۔رانیہ نے بونگی چھوڑی۔۔

ان کے موڈ کا اس کی نیند سے کیا تعلق۔۔

پھر کبھی بتاوں گی۔۔ابھی کچھ کھانے کے لیے لاو۔۔۔

ہر وقت ٹھونستی رہنا۔۔عاصم نے اسے لتاڑا۔۔۔

ہاں موٹی تو پھر بھی نہیں ہوتی۔۔

ویسے ہم سب لوگوں نے بس باتیں ہی کرنی ہیں کیا۔۔

www.kitabibasti.com

چلو کچھ ایڈونچر کرتے ہیں۔۔ قاسم نے چشمہ ٹھیک کرتے سب کو دیکھا۔۔

ایڈونچر سے مطلب۔۔

مطلب اوپر ایک کمرہ ہے جو ہمشہ بند رہتا ہے اسے چک کرتے ہیں ہیں اس میں ہے کیا۔۔ قاسم نے وہ کمرا تب دیکھا تھا جب وہ دانین کے گھر میں کچن میں کچھ عجیب واقعات سے دوچار ہوا تھا۔۔۔

کون سا کمرا ہے۔۔یمنی تو تیار تھی باقی سب کے منع کرنے کے باوجود بھی وہ لوگ وہاں چلے گئے تھے دانین ابھی تک بے خبر سو رہی تھی ماما لوگ چلے گئے تھے واپس۔۔نیچے اب وہ صرف اکیلی تھی باقی سب اوپر چلے گئے تھے

----

www.kitabibasti.com

وہ آمنے سامنے تھے

میری ایک خواہش پوری کر دو فہام.. یقین جانو تمہارے راستے میں کبھی نہیں اوں گی.... وہ مغرور ہوی

بولو کیا چاہتی ہو... فہام کی آنکھیں لال انگارہ تھیں۔۔۔دانین کو ان سب کے ساتھ چھوڑ کے وہ وہاں آیا تھا جہاں پلوشہ تھی لیکن وہ تو پہلے ہی اپنی تیاری مکمل کر کے بیٹھی تھی اسے اتے ہی شکنگے میں جکڑا اور وہ شکنجا کوئی عام نہیں تھا بلکہ اس کی اپنی بنائی ہوئی اس سرخ شراب کا تھا جہاں سے اگر وہ ہلتا بھی تو اسے بھسم کر دیتی۔۔

میں چاہتی ہوں کہ تم اپنی بیوی کو بتادو کہ تم انسان نہی ہو بس... بس اتنا.. ہی ... مزے سے کہتی وہ اس کے ارد گرد چکر لگا رہی تھی۔۔

www.kitabibasti.com

واٹ.... وہ شاکڈ ہوا..... مطلب تم چاہتی ہو کے میں انہیں بتاوں اور وہ مجھے چھوڑ دیں ہم الگ ہوں اور پھر تم آو میری زندگی میں... میں تمہیں اتنا بے وقوف لگتا ہوں... وہ اس وقت قید تھا ورنہ وہ لڑکی اس کے سامنے بک بک نا کر رہی ہوتی...

دیکھو فہام... اس کے علاوہ تمہارے پاس اور کوئی چارہ نہی ہے... یہ ابلتا پانی دیکھ رہے ہو نا.... اس پانی کی ایک بوند تمہیں ختم کرنے کے لیے کافی ہے...

تم چاہے مجھے مار دو لیکن میں دانین کو کبھی نہیں بتاوں گا۔۔ وہ غرایا..

ٹھیک ہے میں بتا دیتی ہوں... وہ ریلیکس تھی..

تم بتا ہی نہی سکتی پلوشہ اگر تم نے ایسا کیا تو مجھ سے برا کوئی نہی ہو گا... نہیں میں بتاوں گی اور ضرور بتا سکتی ہوں... لیکن اگر تم خود بتاوگے تو زیادہ مزاہ آے گا... وہ اسے نیچا دیکھانا چاہتی تھی اور جب میں بتاوں گی نا تو اسے

www.kitabibasti.com

زیادہ سہنا پڑے گا میں نارمل تو نہیں بتاوں گی نا۔اور اس میں اس بات کا بھی خطرہ ہے کہ وہ میری بات پہ یقین نا کرے جسے آج تک وہ تمہاری باتوں کو مانتے ہوئے اسے خواب یا ایک وہم مان کے کاموش ہو جاتی ہے۔۔وہ اسے زچ کر رہی تھی...

فہام نے گہری سانس لیتے آنکھیں بند کیں.. ٹھیک ہے میں اسے بتانے کے لیے تیار ہوں لیکن تمہیں بھی میری ایک شرط ماننی ہے۔۔وہ چاہتا تھا کم سے کم یہ وائین جو اس نے بنائی ہے اسے ختم کر دے یہ اگے جا کے لیے سب کے لیے نقصان دہ ہو سکتی تھی خاص طور پہ ان کے طبقے کے لیے۔۔۔

میں نہی مانوں گی...وہ مانتی بھی کیوں...کیونکہ اس وقت سارے ہتھیار اس کے پاس تھے..

www.kitabibasti.com

ٹھیک ہے مت مانو..میں اسے بھی نہین بتاوں گا...اوراس خوش فہمی میں

مت رہناکہ تمہیں چھوڑدوں گابس ایک دفعہ یہاں سے آزاد ہو جاوں--

...کہاتو ہے بات مان لو میری پھر آزادی ہمشہ تمہیں میسر رہے گی--

جاوجو کرناپے کرلو--ان یہ تو ہونے سے رہاکہ میں تمہاری بات مان لوں

--.

ٹھیک ہے...سوچو...زرا..وہ رکی... تم یہاں قید ہواور تمہاری بیوی اکیلی

...گھر میں ہے....اسے ڈرانے میں کتنامزاہ آے گا

تمہیں پتاہے صبح جب میں تمہارے پاس تھی وہ کیسے سہمی ہوی تھی...پسینہ

پسینہ ہوگئ تھی...کانپ رہی تھی وہ ننھی سی چڑیا...وہ طنزیہ مسکرارہی

تھی..میرادل کررہاہے اب اسے اور ڈراوں...جب وہ ڈرتی ہے مجھے خوشی

...ہوتی ہے ایک عجیب ساسکون ملتاہے

www.kitabibasti.com

...درد کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اسے مار گرائے

...پھر وہ چلی گی

اس کے جانے کے بعد اسے نے بہت کوشش کی خود کو چھڑوانے کی لیکن بے سود... پھر ایک کوندا سا لپکا... زولجان... ہاں اس کی مدد کر سکتی تھیں

...زولجان

مکمل اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا کمرہ۔۔۔دروازہ حازق نے کھولا تھا۔۔۔یھں رکو میں لائٹ جلاتا ہوں۔ پھر زرا اندر ہوا۔۔

کیا ہوا نہی مل رہا سوئچ رییحہ اس کے پیچھے تھی وہ اندر داخل ہوئی مکمل اندھیرے میں کچھ نظر نہیں ارہا تھا۔ کچھ دیر بعد رانیہ اگے ائی لیکن وہ بھی

www.kitabibasti.com

۔جو اندر جاتا واپس اس کی کوئی اواز نا اتی ۔۔بس آخر میں قاسم بچ گیا تھا ان کے اندر جانے کے بعد وہ مسکرایا۔۔ پھر ایک جھٹکے سے وہ بھی اندر گرا تھا دروازہ بند اس کے اندر سے پلوشہ نکل سائڈ پہ ہوئی تھی۔۔اب ایسے ان سب کے سامنے فہام کی اصلیت ائے گی۔۔۔سوچتے وہ بہت خوش تھی

دوسری طرف وہ سب لوگ نیچے کی طرف گر رہے تھے گرتے ہی چلے جا رہے تھے۔۔۔سب ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے کم سے کم وہ لوگ ادھا گھنٹا تک گرتے ہی چلے گے۔۔ پھر ایک سرخ لاوے کے قریب گرے۔۔ اتنی تپش تھی کہ وہاں رکنا محال ہو رہا تھا جیسے وہ دوزخ میں آگئے ہوں ۔۔سب ایک دوسرے کے ساتھ ہوے خوف سے ربیحہ رانیہ اور یمنی کانپ رہی تھی لڑکے سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کے آخر ہوا کیا ہے۔۔۔ایک دم سے وہاں اس لاوے کی جگہ پھول اگے تھے۔۔وہ جگہ جو آگ کی روشنی

www.kitabibasti.com

سے سرخی مائل تھی اب بہاراں کی روشنی میں بدلی مہکی مہکی خوشبو نتھنوں سے ٹکرائی۔۔وہ ایک بہت حسین وادی میں تھے بہت ہی خوبصورت۔۔دور ایک محل تھا بڑا اسفید برجوں والا۔۔وہ سب اس طرف چلنے لگے خود بخود جیسے کسی غیبی طاقت کے زیر اثر ہوں سب کے سب۔

آگے طلحہ اور زولقرنین تھے پھر ربیحہ اور حازق پھر رانیہ اور یمنی پھر عاصم اور زوہیب اور اخر میں قاسم جیسے انہیں ہانک رہا ہو۔۔وہ سب اس محل میں داخل ہوے۔۔۔

یہاں کا ماحول سحر انگیز تھا اونچی چھت والے لیونگ روم اور اس کے اطراف میں بنے بڑے بڑے کمرے۔۔۔وہاں مدھم روشنیاں پھیلی ایک سحر سا طاری کرتیں۔۔چھپی ہوئی بجلیاں بغیر نظر آئے درازوں میں سے چوری چوری شعاعیں اندر پھینک رہی تھیں۔۔چاروں طرف کی دیواریں شیشوں

www.kitabibasti.com

سے بنی تھیں۔۔جن سے منیلا شہر کی بجلیاں ایسی پھیلی ہوئی نظر آ رہی تھیں جیسے کوئی عورت تپش لگا دوپٹہ اوڑھ کے انتظار میں لیٹی ہو۔۔اس نظارے کے ساتھ وہاں مدھم سر دی میں پیانو کی دل نواز موسیقی ابھر رہی تھی ۔۔۔ابھی وہ لوگ سب ہونکوں کی طرح دیکھ رہے تھے کہ ان کے ہاتھوں میں مشروبات اگے۔۔۔

یہ کہاں۔۔سب نے ایک دوسرے کو دیکھا لیکن بولا کوئی نہیں پھر وہ لوگ آگے کی طرف چلنے لگے۔۔۔وہ ایک کمرے میں آ کے رکے۔۔اس کمرے میں کرسیاں نہیں تھیں۔۔صرف آرام داہ اور بڑے صوفے تھے کہ دو لوگ باآسانی لیٹ سکتے اور ان پر لوگ مزے سے بیٹھے تھے۔۔

دھیرے دھیرے باتیں کرتے کچھ بھوڑھے مرد جن کے ساتھ نوجوان لڑکیاں بھی تھیں اجالے اور بڑے صوفوں کا فائدہ اٹھاتے بے حد جذباتی ہو

www.kitabibasti.com

رہے تھے۔۔ایک کی بات دوسرے کی بات میں مخلؒ نہ ہوتی تھی اور کسی کو کوئی سروکار نہیں تھا کہ دوسرا کیا کر رہا ہے۔۔۔۔۔یہ ایک ایسی جگہ تھی کہ انسان حیوان معلوم ہوتے تھے۔۔یہاں کا ماحول یہاں کا معاشرہ جو عجائب دنیاں کا حصہ لگ رہا تھا۔۔۔

سنگل چہروں پہ دلکش سبز میکسی پہنے اونچے جوڑے میں پھول سجاے خشبودار سایوں کی طرح کمرے میں لڑکیاں گھوم رہی تھیں جو سر گوشانہ انداز میں اڈر لیتیں اور مسکراتی ہوئی چلی جاتیں۔۔دو ایک مردوں نے جو صوفوں پہ تنہا بیٹھے تھے لڑکیوں کو دبوچا اور ان سے کچھ دیر من مانیاں کرنا شروع کر دیں۔۔انھوں نے کوئی تعرض نا کیا بلکہ خود سپردگی سے اپنے اپ کو ان کے حوالے کر دیا۔جب وہ الگ ہوئیں تو ان کو ان کا صلہ بخشش کی

www.kitabibasti.com

صورت دیا گیا۔۔حیرت کی بات ایسے بے باک ماحول میں بھی وہ لوگ آرام سے کھڑے تھے۔۔

پھر ایک عورت ان کے قریب ائی تھی۔۔

اسے وہ لوگ پہلے دیکھ چکے تھے۔۔ لیکن کہاں۔۔شاید دانین کی شادی میں ۔۔وہ اب اس کے پیچھے چلنے لگے وہ انہیں اور کمرے میں لائی جہاں ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا وہ انہیں ارام کا کہہ کے وہاں سے چلی گئی۔۔۔

یہ کون تھیں۔۔۔رانیہ کی اواز نے خاموشی کو توڑا۔۔

زولجان۔۔وہ کچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھے۔۔۔زولجان درید بھای کی مدران کی شادی پہ ہی دیکھا تھا ان کو بس ایک بار۔۔۔

کیا یہ درید بھائی کا گھر ہے۔۔ربیحہ نے سرسراتی آواز میں پوچھا۔۔

www.kitabibasti.com

پتا نہیں ہم لوگ خود پہلی دفعہ ہی آئے ہیں۔۔وہ اب کچھ ریلکس فیل کر رہے تھے

کچھ دیر آرام کرنے کے لیے وہ سب بڑے بڑے بیڈ جو کے خوبصورت غلافوں سے ڈھکے تھے پہ آرم کیا۔۔۔

وہ سو گئے تھے۔۔

درید کی کال سنتے وہ اٹھ کے کمرے میں آئی۔۔سب چلے گئے تھے اور وہیں سوتی ہی رہی۔۔۔

ابھی درید کی کال پہ اس کی انکھ کھلی تھی۔فون بند کر کے جلدی سے وہ تیار ہوئی۔۔ادھے گھنٹے بعد گاڑی کے ہارن پہ باہر نکلی تو درید گاڑی میں اس کا

www.kitabibasti.com

انتظار کر رہا تھا۔۔اس کے انے پہ گاڑی کا فرنٹ ڈور کھولا۔۔۔جب بیٹھ گی تو

....گاڑی لاک کرتے وہ لوگ وہاں سے نکل اے

....یہ کون سا راستہ ہے....گاڑی کسی اور ہی سمت مڑی تھی

دوسرے ریسٹوران جایئں گے۔۔۔بتاتے گاڑی کی سپیڈ بڑھای

لیکن وہ تو بہت دور ہے آنے جانے میں ہی دو گھنٹے لگ جائیں گے۔۔شاید اسے

...درید کا منصوبہ پسند نہیں ایا تھا

آپ کو میرے ساتھ لانگ ڈرائیو میں پروبلم ہے....ایک دم اس کی اواز سرد

...ہوی....اتنی سرد کے دانین کے جسم میں سنسناہٹ سی دوڑ گی

ن.. نہیں اچھا لگتا ہے...ہم ساتھ کریں گے ڈنر....ہاتھوں کی انگلیاں

مروڑے وہ باہر دیکھنے لگی

www.kitabibasti.com

کافی دیر بعد گاڑی ایک بڑے سے ہوٹل کے پاس رکی...انا بھی فہام کی تقلید کرتے اندر داخل ہوی....اندر ایک عجیب سی بو پھیلی ہوی تھی لیکن ظاہری خوبصورتی۔۔

اس نے پہلے بلکہ یہ ہوٹل تو اس نے پہلے کبھی نہی دیکھا...سوچتے وہ درید کا بازو تھامے ایک روم میں ای....شاید یہ یہاں کا سسٹم تھا.....لیکن وہ حیران ہو رہی تھی...جب سے اس کی شادی ہوی...تب سے ہی وہ بہت کچھ نیا دیکھ رہی تھی جو اس نے پہلے کبھی نا دیکھا تھا۔۔پہلے ان کی شادی پہ رید وائین والی لڑکیاں۔۔پھر وہ گھر جو درید کے ماں باپ کا تھا۔۔اور بہت کچھ جو ....وہ محسوس تو کر سکتی تھی لیکن بیان نہیں کر پاتی۔۔

دانین....آپ حیران ہو رہی ہیں لیکن یہ کمرہ میں نے ہی بک کروایا ہے.... ایکچولی میں کچھ بتانا چاہتا ہوں آپ کو...وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے

www.kitabibasti.com

دیکھ رہا تھا.... حلانکہ درید کبھی اس کی انکھوں میں انکھیں ڈال کے نا

. .. دیکھتا... یادائیں بائیں دیکھ رہا ہوتا یا پھر رخ ہی موڑا ہوا ہوتا

...ک... کیا... ایسا کیا ہے اپ گھر بتادیتے نا

ہاں بتاسکتا تھا لیکن یہاں زیادہ بہتر اگر آپ مارو بھی تو میری فیملی مجھے سپورٹ

... کرے... بات کو مزاح کا رنگ دیتے اس کے قریب ایا

....ہاہا اوکے .... کہیں میں سن رہی

....میں گھوسٹ ہوں

بس تین لفظوں میں اس نے اپنی سچای بتای تھی .... وہ ایک دم سے بولا

.. .ہاہا... وہ تو مجھے پتا اور بتایں.... وہ مذاق سمجھی

www.kitabibasti.com

میں سچ کہہ رہا ہوں مذاق نہیں... میں انسان نہیں جن ہوں.... میں آپ کی

. ...دنیاں کا باسی نہیں ہوں دانین... وہ بلکل سیریس تھا

ک... کیا مطلب... د... درید... اس کا رنگ فق ہوا... اپ مذاق.... ایسا

.. نہی ہے.... وہ اس سے دور ہوتی جا رہی تھی

...دانین... پلیز.. ایسا مت کریں... میں.. مر.. وہ اس کے قریب ایا تھا

دفعہ ہو جاو.... میں... مر جاوں گی... پلیز پاس مت انا..... وہ چیخنے لگی...

لیکن درید نما وہ پلوشہ جس کی خوشی کی کوی انتہا نا تھی اپنے مقصد میں کامیاب

....ہوتے مسکرائ

پھر زرا دور ہو کے دانین کے سامنے سے ہٹی وہ اپنے اصلی روپ میں ائی....

جو کہ بہت بھیانک تھا.... ایک دم سے سارا منظر بدلا تھا.... وہاں موجود

جتنے بھی لوگ تھے سب کے سب جنات میں تبدیل ہو چکے تھے... اور ان

www.kitabibasti.com

کے ٹیبل پہ جو لوازمات پڑے تھے کچے گوشت اور طرح طرح کے غلیظ اشیاء.... ریڈ وائین جو ہر جگہ... ہر ٹیبل پہ تھی..... دانین یہ سب دیکھ کے اپنے حواس کھوتی زمین بوس ہوی

کسی مدھر سر کی آواز پہ وہ سب بیدار ہوئے تھے۔۔۔

ان کے پاس زولجان بیٹھی تھیں انہیں آنکھیں کھولتا دیکھ کے مسکرائیں۔۔ پھر انہوں نے جو کچھ ان سب کو بتایا وہ حواس کھو دینے کے لیے کافی تھا۔ان کی بہن کہاں پھنس گئ تھی۔۔ زولجان کا مقصد پورا ہوا وہ ان کو بتا چکی تھیں فہام کے کہنے پہ۔۔اس سے پہلے کہ پلوشہ ان کو برے طریقے سے سمجھاتی انہوں نے بات کو سنبھال لیا تھا۔۔جب وہ درید کو چھڑوانے جا رہی تھیں تب

www.kitabibasti.com

انہوں نے ان سب کو اس لاوے کے قریب پایا تو وہاں سے لے ائیں۔۔ پھر انکو سلا کے وہ درید کے پاس گئی تھیں اسے چھڑوانے کے بعد واپس ان کے پاس ائیں۔۔۔ان سکو حیران پا کے انہوں نے چٹکی بجائی اگلے ہی لمحے وہ لوگ اس کمرے کے باہر کھڑے تھے جہاں سے داخل ہوے تھے۔۔ سن سے سب۔۔

دانین کہاں ہے۔۔سب سے پہلے زولقرنین کو ہوش آیا تھا لیکن بہت دیر ہو چکی تھی۔۔۔

اپنی انکھیں کھولتے اس نے ارد گرد دیکھا...درید اس کے پاس ہی بیٹھا تھا...اسے دیکھ کے ایک دم گھبرا ای تھی۔۔۔۔۔۔۔

www.kitabibasti.com

... پھر سنبھل کے اسے دیکھا... جو پریشانی سے اسے دیکھ رہا تھا

دانین..آپ ٹھیک ہیں میری جان...اسے خود سے لگاتے سینے میں بھینچا...
جیسے خود کو تسلی دی ہو

دانین کا سانس لینا مشکل ہو رہا تھا۔۔خود کو ایک جھٹکے سے اس سے الگ کیا

م...میرے پاس مت انا....د...رید...وہ بے حوش کیوں نہیں ہو رہی
تھی جو چھوٹی چھوٹی باتوں سے ڈھے جاتی...اسے اپنے حواسوں پہ یقین نہی آ
رہا تھا۔۔اگر ہوئی بھی تھی تو دوبارہ حواس کھو دے۔۔مر جائے
...دانین۔۔اس کا دماغ کام نہیں کر رہا تھا۔۔

دانین بات سنں...درید اس کے پاس انا چاہتا تھا لیکن وہ اس ڈر رہی تھی

www.kitabibasti.com

پھر اس نے جود کو کمرے میں لاک کر لیا لیکن اس بات کا احساس نہی تھا کہ وہ ایک جن ہے جس کے پاس بہت طاقتیں ہیں وہ اس لکڑی کے دروزے کو چکنا چور کر سکتا ہے...

پلیز دروازہ کھولیں میں کچھ نہی کہوں گا اپ کو۔۔ دروازہ بجاتے کہا۔۔اس کا دل بیٹھا جا رہا تھا اسی لیے تو وہ اسے نہیں بتا رہا تھا کہ دانین اس سے دور ہو جائے گی۔۔ وہ سب برداشت کر سکتا لیکن دانین کی جدائی۔۔ کبھی نہیں کبھی بھی نہیں۔۔..

دفع ہو جائیں.... میں اپ... اپ نے مجھے.... اسے سمجھ نہی آ رہا تھا کیا کرے۔۔۔ چلے جائیں اپ میری زندگی سے درید مجھے نہیں رہنا اپ کے ساتھ میں مر جاوں گی۔۔

www.kitabibasti.com

دانین پلیز۔۔۔ایک دفعہ دروازہ کھولیں دیکھیں میں آپ کو کچھ نہیں کہوں گا ۔۔اپ کے بنا میں کیسے جیوں گا۔۔۔اس کا دل کرلایا وہ کیسے دانین کو اپنے قریب رکھے اپنے پاس رکھے۔۔

اپ چاہتے ہیں میں مر جاوں۔۔ایک جھٹکے سے دروازہ کھلا۔۔اگر اپ چاہتے ہیں تو مر جاتی ہوں لیکن اپ کے ساتھ کبھی نہیں رہوں گی

پھر وہ چلا گیا تھا ہمشہ ہمشہ کے لیے دانین کہ نظروں سے دور... کبھی نا سامنے انے کے لیے..وہ کیوں بھول گیا تھا کے اس کی دنیا الگ ہے...وہ انسانوں کے بیچ رہ تو سکتا ہے لیکن رشتہ نہی بنا سکتا....

پلوشہ خوش تھی بہت خوش تھی..

تم نے جو کرنا تھا کر لیا...اب میری باری ہے....وہ واپس اس کے پاس آیا تھا...

www.kitabibasti.com

..اب تو تم میرے ہو صرف میرے وہ جھومتے اس کے قریب ای

ہان صرف تمہارا وہ بھی مسکرایا..اور اگلے ہی لمحے اٹھا کے اسی کنویں میں پھنکا

جسے اس نے خود تیار کیا تھا..اس نے جو د اپنے ہاتھوں اپنی موت خریدی

تھی..

وہ ابلنے لگی..مجھے نکالو یہاں سے فہام...تم نے یہ اچھا نہیں کیا....وہ بھسم ہو

رہی تھی لمحہ بلمحہ۔۔لیکن وہ اسے اتنی آسانی سے کیسے مرنے دیتا۔۔۔کئی وار

کیے تھے اس نے اس پہ وہ سرخ کنوا کالے کنویں میں بدلا...جیسے درید نے

ایک ہی وار سے ختم کر دیا۔۔اب وہ ایسے تھی جیسے اس کی چمڑی نوچ لی گے ی

ہو۔۔پھر ایک منتر پڑھ کے پھونکتے وہ ہنسا تھا۔۔۔اس کے سامنے وہ پلوشہ جو

کچھ دیر پہلے متکبر کھڑی تھی اب ایک غلیظ کتیا کی شکل میں منمنا رہی

تھی۔۔پھر چٹکی بجاتے اسے سڑک پہ چھوڑ دیا بہت سی گاڑیوں کے بیچ

www.kitabibasti.com

۔۔۔جہاں سے وہ مردہ ہی نکل سکتی تھی۔۔۔..اب وہ جگہ ایسے تھی کہ

وہاں کچھ ہوا ہی نا ہو....

اس نے فیصلہ لے لیا تھا کہ اگے کیا کرنا ہے

۔۔

۔

ایک دفعہ پھر بتاتا چلوں کہ ائی ائس ائی کے نامور ایجنٹ درید درانی کا انسانی

دنیاں سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ وہ ایک ایسی مخلوق ہیں جنہیں دیکھ کے عام

ہم جیسے لوگ ڈر جاتے ہیں۔

اس نے ٹی وی بند کر دیا۔

www.kitabibasti.com

اس واقعے کو چار دن گزر چکے تھے۔۔ ہر نیوز چینل ہر ٹاک شو میں اس بات کو پھیلایا گیا تھا۔۔ کافی جگہ سے اسے بھی کالز آ چکی تھیں وہ جاننا چاہتے تھے کہ ان کے ساتھ تو کچھ غلط نہیں ہوا

وہ ان کو کیا بتاتی اس کے ساتھ تا اچھا کچھ نہی ہوا تھا سب پریشان تھے اسے لے کے اور دانین خاموش تھی...

اسے ہر وہ پل یاد اتا تھا جو اس نے درید کے ساتھ بتایا تھا اور اتا بھی کیوں نا وہ اس کی زندگی کا ساتھی تا... انسو ایک بار پھر لڑیوں کی صورت گال بھگونے لگے تھے... سرخ متورم سوجی ہوی انکھیں وہ ان چار دنوں میں کملا گی تھی کچھ کھایا نہی جاتا تھا۔۔۔ بھوک پیاس نیند سب کچھ جیسے تھیف اس کے تھیف کے ساتھ منسلک تھی.. وہ سانس نہی لے پاتی تھی سارا دن روتی اور رات ہچکیوں میں کٹ جاتی ماما لوگ اس کا خیال رکھتے تھے کوشش کرتے اس

www.kitabibasti.com

کا دل بہلانے کی لیکن دل تو تب بہلے نا جب وہ من چاہا شخص حاصل کر لے اور دیکھو نصیب کے کھیل اس کا من چاہا بھی اسے خوف میں مبتلا کر دینے والا تھا...اسے سمجھ نہی اتی تھی کیا کرے۔۔۔وہ سب کیسے ٹھیک کرے. بکھری حالت کپڑے بھی چینج نہی کیے تھے ابھی تک..اسے صبر نہی آتا تھا...بلکہ اسے کبھی صبر آیا ہی نہی تھا۔۔اس نے کبھی صبر کیا ہی نہیں تھا وہ ہر چیز فورا حاصل کر لیتی تھی اور اب دیکھو۔۔۔کرنا پڑ رہا تھا اسے..جہاں سانس لینا دشوار تھا اسے وہاں کھل کے سانس لینی تھی

بیٹا اٹھ کے باہر او...امبرین نے اس کے پاس بیٹھتے پیار سے بال سمیٹے تھے وہ جو چوبیس گھنٹے اسے سناتی رہتی تھیں اب بیٹی کی حالت دیکھ کے دل کانپ جاتا تھا..اسے زبردستی وہ باہر لای تھیں...لیونگ روم میں قاسم اقرعاصم بیٹھے تھے..ان کے پاس پڑے صوفے پہ بیٹھی..

www.kitabibasti.com

...دانین اپنا موبایل دینا.. عاصم نے اس کا دھیان بٹانے کی غرض سے کہا

لیکن وہ کچھ نہیں بولی.. ٹی وی پہ کوئی دینی پروگرام چل رہا تھا جس میں عالم

کچھ کہہ رہے تھے..اس کا دماغ سن تھا

تم گھبراتے کیوں ہو، مقدر کے فیصلوں پر؟

کیا تم نہیں جانتے تمہارا ربّ غفور الرحیم ہے؟

وہ اگر رات کو دن اور دن کو رات کرنے پر قادر ہے، تو کیا وہ تمہاری تڑپ

دیکھ کر تقدیر کے فیصلے نہیں بدل سکتا؟

وہ کبھی تم سے غافل نہیں ہوتا اور نہ تمہاری چاہت سے انکار کرتا ہے، وہ تو

بس تمہیں آزماتا ہے کہ میرا یہ بندہ میری محبت میں صبر کی کس حد تک جاتا

ہے اور پھر جب وہ راضی ہو جاتا ہے نا تو کنّ فرما دیتا ہے، اور مقدر سبھی بدل

.. جاتے ہیں۔

www.kitabibasti.com

..ہاں لیکن کیا اس کا درید بھی بدل جاتا کیا وہ ایک انسان بن سکتا تھا

نہین نا یہ تو ناممکن سی بات تھی...وہ کیسے اس کے پاس آتا...کاش وہ اسے ٹھیک کر سکتی..

نہں وہ اس کی دنیاں کا نہیں تھا۔۔یا تو وہ مر جاتی۔۔ہاں اسے مر جانا چاہے تھا

--

پھر دانین درید درانی مر گئی تھی وہ اس کے ساتھ جی نا سکی تو ایسے ہی سہی

۔گہری تاریک رات تھی...ایسا گھٹاٹوپ اندھیرا کے ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نا دے..وحشت اس قبرستان کو ویران کیے سینہ تانے کھڑی تھی...آج قبروں کے مردے بھی اپنی قبروں سے باہر نہی نکلے تھے وہ روز کا ایک ہی

www.kitabibasti.com

کھیل دیکھ دیکھ کے شاید تھک چکے ہوں...وہ چلتے چلتے اس قبر کے پاس پہنچا...اج وہ قبر خاموش تھی وہاں سے کوی بھیانک آوازیں نہی آرہی تھی.. ایک پل کے لیے اسے شبہ ہوا کے ایا اج وہ بچہ یہاں ہے بھی کے نہی...اگر آج وہ خالی ہاتھ لوٹ گیا تو کبھی اس کا نصیب نہی پھرے گا...

کچھ دیر وہان کھڑے رہنے کے بعد وہ قبر میں داخل ہوا۔

وہ بچہ پر سکون سو رہا تھا پاس پڑا مردہ اسے دیکھ رہا تھا...اس کے اندر جاتے ہی بچے نے آنکھیں کھولیں اور اسے مسکرا کے دیکھا...

کیا تم آزادی لینے آے ہو؟

مسکراتے ہوے اج اس کی اواز ایک ننھے سے بچے کی مانند تھی جو کانوں کو بھلی لگتی ہے...

www.kitabibasti.com

ہاں اج مجھے اس جسم سے ازادی چاہے... وہ اس کے سامنے چھوٹا ہوتا گیا..

...پھر اس بچے نے اسے دیکھا ایک شرط پہ تمہیں مکمل آزادی ملے گی

...کون سی شرط...اس نے بے چینی سے پوچھا

اگر تم اپنی وہ طاقت مجھے دے دو جو تمہیں میری وجہ سے ملی... وہ اس سے

.... سرخ شراب بنانے کا مطالبہ کر رہا تھا

آزادی کے لیے تو لوگ جان بھی گنوا دیتے ہیں یہ تو بس ایک منتر تھا... جو

....اس نے اس بچے کو بتا دیا

گلے ہی لمحے درید کے جسم سے فہام اور دانش الگ ہوے تھے... وہ کہانی

واپس اسی جگہ پہ تھی جہاں سے شروع ہوی تھی.... فہام آزاد تھا اور دانین

...بھی

www.kitabibasti.com

وہ بھی تو زندگی سے آزاد تھی... تو محبت کرنے والے الگ الگ مخلوق کے باسی... محبت میں امر ٹھہرے تھے کیا...؟

بعض اوقات قدرت کے فیصلے بڑے عجیب ہوتے ہیں۔وہ گوہر نایاب کو ایسی جگہ اور مقام پر لا کھڑا کرتی ہے کہ انسانی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔۔انہیں ایسی جگہ نہیں ہونا چاہیے یا انہیں تو کسی اعلاو برتر مقام پر ہونا چاہیے تھا۔۔ لیکن وہ

گوہر نایاب وہیں رہتے ہیں جہاں مقدر نے ان کا مقام متعین کیا ہوتا ہے

ڈی ڈی یعنی درید درانی بھی ایک ایسا ہی کردار تھا۔ایک قبرستان میں جنم لینے والا وہ جگہ جہاں ندگی انجان لفظ تھی۔۔جہاں بے جان جسم تھے وہاں درید درانی کا جنم ہوا تھا، تھی نا حیران کر دینے والی بات۔۔

www.kitabibasti.com

رات کا آخری پہر تھا اس قبر کے اندر سے خوشبو کا ریلا سا نکل رہا تھا۔۔ لگتا تھا جیسے اس قبر کا مکیں جنت میں سیر کر رہا تھا۔۔۔ وہ مسکراتا ہوا اس قبر کے پاس بیٹھا۔۔۔ اس قبر میں اس کی زندگی تھی۔۔ جو آج سے پانچ سال پہلے اس سے کھو گئی تھی۔۔ اور یہ پانچ سال اسنے اسی قبر پہ تو گزارے تھے۔۔ آج اسے بھی سانس لینی تھی۔۔

وہ قبر کے اندر گیا۔۔

اندازے کے مطابق وہ بچہ کھلکھلا کے ہنس رہا تھا پاس بیٹھا مرد ابھی مسکرایا۔۔

تم آج جا رہے ہو دوست۔۔

حلانکہ اسے تو ناراض ہونا چاہیے تھا لیکن وہ اس سے خوش تھا۔۔

www.kitabibasti.com

ہاں۔۔ پاس بیٹھ کے اس کا ننھا سا ہاتھ تھاما۔۔ بس تھوڑی دیر اور۔۔ پھر اس مردے کی طرف دیکھا۔۔ جو آج بھی ویسے ہی تھا۔۔

پھر وہ کچھ دیر بعد ہمشہ کے لیے الوداع کرتا نکل آیا۔۔ یہ پانچ سال اس نے دانین کو صرف دور سے دیکھا تھا لیکن اب۔۔۔ اب وہ اس کے پاس ہو گی

۔۔۔

رکو۔۔ وہ جو عین قبرستان کی حد عبور کرنے لگا تھا مردے کی آواز سن کے رکا۔۔

میرے بیٹے نے تمہیں ایک تحفہ دیا ہے۔۔ اس کے پاس اتے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا جو ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا۔۔ انکھیں بند کرو۔۔ درید نے اس کے کہنے پہ آنکھیں بند کیں اس نے پھر اپنا ہاتھ اس کے چہرے سے لے کے پاوں تک پھیرا۔۔ یہ تمہاری حاظت کرے گا۔۔۔

www.kitabibasti.com

شکریہ۔۔۔ان کے سامنے ہلکا سا سر خم کیا۔۔

اور تمہاری ساری طاقتیں تمہیں واپس مل گئی ہیں۔۔میں تم سے بہت خوش ہوں تم نے میرے بیٹے کو خوش کیا ہے۔۔کوشش کرنا تم ہم سے ملنے آتے رہو۔۔

ٹھیک ہے آپ کا بہت شکریہ۔۔۔پھر وہ وہاں سے نکل آیا

موسم نے یکایک پلٹا کھایا تھا۔سردیوں کی نرم دھوپ لمحوں میں غائب ہوئی تھی۔سورج بھی بادلوں کی اوٹ میں ہو گیا۔موسم بے حد سرد ہو گیا تھا قوی امکان تھا کہ بارش ہو گی اس نے جلدی سے ہادی کو کمبل میں لپیٹا اسے آفس سے لیٹ ہو رہا تھا

پھا بھی اس کا خیال رکھنا میں جا رہی ہوں۔۔پھر واپس مڑتے اپنا بیگ اٹھایا ۔۔۔باہر زولقرنین اس کا انتظار کر رہا تھا چلیں۔بیٹھتے دروازہ بند کیا۔۔

کتنی دفعہ کہا ہے جلدی کرلیا کرو تمہاری وجہ سے مجھے بھی دیر ہو جاتی ہے۔۔

ختم شدہ۔۔۔

For More and the Latest Novels, visit our website.

http://www.Kitabi Basti

www.kitabibasti.com

If you want to publish any novel than contact to us.

Email; kitabibasti@gamail.com